ISSN # 2225-4870
ABC Certified/CPNE Member
JANUARY 2016
یہ ستارے یہ کہکشاں یہ فلک
رہبرِ راہِ زندگانی ہیں!
GOLDEN YEARS
68
آفاقی معلومات کا علمبردار
ماہنامہ
روحانی
آئینہ قسمت
لاہور
aienaeqismat@gmail.com
www.aienaeqismat.com.pk
1965-1971 اور 1999 کے کیلنڈر کی واپسی
2016ء پاک بھارت سرحدوں پر جنگی خطرات۔ مارشل لاء کا خطرہ
روشنی و حکمت عملی کا سال
2016 = 9
تفصیلات زنجانی جنتری 2016ء میں
اوجِ زحل کے خصوصی اعمال
2016
بین الاقوامی پیش گوئیاں
www.astrologyavenue.com is now converted into www.aienaeqismat.com.pk
ہر ماہ ملین سے زائد لوگ علم نجوم کی اس ویب سائٹ پر وزٹ کرتے اور روحانی استفادہ کرتے ہیں
ASTROLOGY FOR ALL

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

ماہنامہ روحانی
آئینہ قسمت ®
لاہور

جلد نمبر 68 | JANUARY 2016 | شمارہ نمبر 10

بانیٔ ادارہ منجم اعظم الحاج سیّد ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندانِ زنجانیہ عالیہ

شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ
مڈل ایسٹ 6500 روپے
انڈیا، ایران، سری لنکا 6500 روپے
یورپ، فار ایسٹ 7500 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 8500 روپے

قیمت 70 روپے
سالانہ چندہ 750 روپے
لائف ممبرشپ 9000 روپے
لائف ممبرشپ 1000 ڈالر For 12 Years

کاشانۂ زنجانی
D-125، گلبرگ II، لاہور
فون: 042-35752277, 35872277
موبائل: 0300-9483758
Email: aienaeqismat@gmail.com

A-19، جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل گالف کلب / آرمی ہاؤس، عقب پی ایس او پٹرول پمپ، راولپنڈی Ph: 051-5581756
Cell # 0300-4135822

نزد ہمدرد دواخانہ، آرام روڈ کراچی فون: 021-32217544

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/ پبلشر نے حیدری پریس، ریلوے روڈ، لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

شایانِ شان تری کر سکیں بیاں
اتنی مجال معنی و الفاظ میں کہاں
میں بندہ فقیر و گنہگار اور تو
غفار و پروردگار و مددگار و مہرباں
پروردگار قادر مطلق ہے تیرا نام
اک حرفِ کن سے تو نے بنائے ہیں دو جہاں
یکتا ہے تیری ذات، دوامی تری صفات
قلب بشر میں ہے جو ہے تجھ پر عیاں
اندازہ و خیال و قیاس و گمان سے دور
تو ہر فضائے غیب و یقین میں ہے ضوفشاں
سوچوں تو اردگرد دیکھوں تو آس پاس
محسوس گر کروں تو دل و جان میں ہے نہاں
مالک تری ثنا ہے مرکزِ خیال
ہوتا ہے ہر کرن سے مرے فن کی تو عیاں

حدیث قدسی

اللہ سبحانہٗ تعالیٰ فرماتا ہے:
جو گناہوں کو یاد کر کے توبہ و استغفار کر رہے ہیں، اللہ کے عذاب کے خوف سے اور ندامت سے رو رہے ہیں، ان کا رونا اور ان کے آہ و نالے مجھے تسبیح پڑھنے والوں کے سبحان اللہ کہنے سے زیادہ عزیز ہیں۔

ترے جلوے روایت کر رہی ہوں
قلم سے میں عبادت کر رہی ہوں
نہ ہوتا تو، تو میری کیا حقیقت
سو اپنی بھی حفاظت کر رہی ہوں
ہے تیرے ذکر سے ہی ذکر میرا
یوں اپنے کو عبارت کر رہی ہوں
قلم اور روشنائی پاک کر کے
طہارت ہی طہارت کر رہی ہوں
کہ تیری فکر کو تحریر کر کے
میں کاغذ پر عنایت کر رہی ہوں
ترے جلوہ کو ہر ذرہ میں پا کر
میں آنکھوں پر کتابت کر رہی ہوں
صفیں باندھے کھڑے ہیں حرف سارے
فقط میں تو امامت کر رہی ہوں

حاصل ہے اس کو سید سجادؑ کی دعا
زہراؑ کا غمگسار ہے ماتم حسینؑ کا
جاری رہے گا حشر تلک اس کا سلسلہ
زینبؑ کی یادگار ہے ماتم حسینؑ کا
شیوہ ہے یہ انہی کا جو عزت پسند ہیں
عزت کا پاسدار ہے ماتم حسینؑ کا
شامل ہے اس میں نصرتِ اسلام کا شعور
اسلام کا شعار ہے ماتم حسینؑ کا
انسانیت کے درد کا درماں یہی تو ہے
انسان کا وقار ہے ماتم حسینؑ کا
عادت ہے یہ انہیں کی جو فطرت شناس ہیں
فطرت کا اعتبار ہے ماتم حسینؑ کا

غیر معمولی زائچوں کے حامل نواز، مودی امن قائم کرکے امر ہوسکتے ہیں۔ بھارت پاکستان پر ایٹم برسے تو ایک اسلامی ملک تباہ ہوگا پھر بھی 57 اسلامی ممالک زندہ رہیں گے جبکہ پاکستان بھارت پر ایٹم گرائے تو دُنیا کی واحد ہندو ریاست نیست ونابود ہوسکتی ہے

قارئین آئینہ قسمت زنجانی جنتری کو سال نو مبارک ہو۔ پاکستان اور بھارت کے عوام آپس میں ہمیشہ دوستی کے خواہاں رہے ہیں۔ مگر 68 سالوں میں یہ دوستی تصفیہ کشمیر کے سبب دیر پا نہ ہوسکی۔

2016ء کی آمد سے قبل ہی بھارتی وزیر خارجہ سشما سوراج کا پاکستان کا دورہ یقیناً 2016ء میں پاک بھارت میں بڑھتی ہوئی سیاسی عسکری کشیدگی کو کم کرنے میں مدد دے سکتا ہے بشرطِ نیت صاف ہو۔ بھارتی پنڈت آسمانی کونسل کے نقشہ سے جانتے ہیں کہ 2016ء پاک بھارت جنگ کا سال ثابت ہوسکتا ہے۔ 1965ء اور 1971ء پاکستان اور بھارت کے دو ایسے اہم کیلنڈر سال ہیں جب بھارت سے جنگ ہوئی 2016ء میں پھر سے یہ کیلنڈر آ گیا ہے۔ نائن الیون کے المیے کے بعد تباہی بربادی کی کہانی شروع ہوئی۔ تب سے ابتک دہشت گردی کی نحوست بدستور کرہ ارض پر چھائی ہوئی ہے۔ یہ عفریت دُنیا کے تمام خطوں مذاہب، معاشرتی، سیاسی، اقتصادی ہر شعبہ ہائے زندگی کو متاثر کئے ہوئے ہے۔ بلا امتیاز مذہب وملت کوئی بھی عقیدہ مذہب رکھنے والے اس نحوست سے بچے نہیں۔ اقوام عالم U.N.O کو اس نازک صورت حال پر قابو پانے کے لئے امن وحق کا ساتھ دینا ہوگا۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ دنیا کو جنگیں نہیں امن چاہیے۔ عالمی ماحولیات پر قابو پانے کے لئے یہ 180 ممالک اگر پیرس میں اکٹھا ہوکر متفق ہوسکتے ہیں تو پھر دنیا میں قیام امن کیلئے کیوں نہیں؟

وہ آئینہ ہوگیا جو تھا پنہاں
بات وہ جانی جو تھی انجانی
اپنے حق میں کمال رکھتے ہیں
انتظار حسین زنجانی

سید تابش علوی

22 کروڑ پاکستانی عوام میں نواز شریف خوش قسمت ہیں کہ وہ تیسری بار وزیر اعظم بنے یہ سعادت ابتک کسی پاکستانی کے حصہ میں نہیں آئی۔ اُدھر بھارت صوبہ گجرات سے معمولی زندگی شروع کرنے والے نریندر مودی وزیر اعظم ہیں۔ جنکا ماضی بھارتی مسلمانوں کے لئے تلخ ماضی رکھتا ہے۔ اپنے

ہاتھ پر وزیراعظم کی لائن نہ رکھنے والے مودی اپنے پیش رو وزیراعظم اندرا گاندھی کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے دل سے ضرور پاکستان کو کمزور اور توڑنا چاہتے ہیں۔ضروری نہیں کہ ہر بار سازشیں کامیاب ہوں۔

ہندوستان میں **اشوک موریا گپتا** جیسا حکمران بھی گذرا ہے جس کا کام صبح شام قتل وغارت گردی فتوحات تھا۔اس کا نام **چنڈ اشوک** کالی بن گیا تھا اور پھر اسکی زندگی میں تبدیلی آئی اور وہ نیک ہو کر امن پیار ومحبت کا پجاری بن گیا۔نریندر مودی بھی گجرات میں بہت قتل وغارت گردی کر چکے ہیں۔کسی سزا ملنے کی بجائے وزیراعظم ہند بنے بیٹھے ہیں۔ہر دو وزیراعظم اپنے اپنے زائچوں میں غیر معمولی شخصیت اور کارہائے نمایاں انجام دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔آئندہ دونوں کے اپنے اپنے ملکوں میں دوبارہ وزیراعظم منتخب ہونے کا بھی کوئی امکان نہیں۔دونوں ایٹمی ممالک ہیں۔اِدھر دُنیا میں عالمی جنگ کا ساسماں بنا ہوا ہے۔قدرت نے پاکستان کو دلیر، دانشور سپہ سالار جنرل راحیل شریف کی صوت میں عطا کر کے دفاع پاکستان کو مضبوط سے مضبوط تر بنا دیا ہے آزادی پاکستان بھارت کے بعد ستارہ زحل بارہ منطقہ البروج میں 30,30 سال بعد دو چکر لگا گیا ہے۔

60 سال ریٹائرمنٹ کی عمر سے علمی اعتبار سے پاکستان میں گزشتہ سال مارشل لاء ریٹائرڈ ہو گیا آسمانی کونسل کے 2016ء میں پاک بھارت متوقع جنگ بھی ریٹائرڈ ہو سکتی ہے۔مودی، نواز کی حالیہ تصویر کا عکس بتاتا ہے کہ مودی کا رویہ تبدیل ہو رہا ہے۔دونوں ملکوں کے مابین تصفیہ کشمیر اور دہشت گردی کے خاتمہ پر اتفاق ہو جائے تو خطہ میں پائیدار امن قائم ہو سکتا ہے۔یوں بھی تجارت دونوں ملکوں کی پہلے سے جاری ہے پاکستان بھارت کا 5 ستمبر 2015ء سے دس سالہ مہادشا قمر تعمیر وترقی وطن کا جاری ہے۔جبکہ بھارت کا قمر تیسرے ہمسایہ ممالک سے تعلقات کا گھر بھارت کا واحد ہمسایہ پاکستان ہی ہے۔جس سے بھارت نالاں ہے کہ 1947ء میں ہندوستان کی تقسیم ہوئی اور پاکستان بھارت سے نالاں ہے کہ اس نے ابتک اسے دل سے تسلیم نہیں کیا۔پہلی اور دوسری جنگ عظیم کے بعد اہل یورپ نے امن سے رہنا سیکھ لیا۔بھارت پاکستان پر ایٹم برسے تو ایک اسلامی ملک تباہ ہو گا پھر بھی 57 اسلامی ممالک زندہ رہیں گے جبکہ پاکستان بھارت پر ایٹم گرائے تو دُنیا کی واحد ہندو ریاست نیست ونابود ہو سکتی ہے۔کاش اشوک موریا گپتا کی روح آ کر مودی کو امن کا پیغام دے جائے۔یوں غیر معمولی زائچوں کے حامل نواز، مودی امن قائم کر کے تاریخ میں زندہ جاوید ہو سکتے ہیں۔

دُعاگو: شہزادہ سیّد مصور علی زنجانی

کیلنڈر کہانی 2016ء

از تحریر: شہزادہ سید منور علی زنجانی

1965ء-1971ء اور 1999ء کے کیلنڈر کی واپسی۔ 2016ء پاک بھارت سرحدوں پر جنگی خطرات۔ مارشل لاء کا خطرہ؟

یہ محاورہ آپ نے عام سنا ہوگا کہ تاریخ اپنے آپ کو دہراتی ہے۔ مگر کیسے؟ صدی میں سو سال اور ہر سال کی ابتداء ہفتے کے کسی ایک دن سے ہوتی ہے۔ بس یہی کیلنڈر کہانی کا فلسفہ ہے کہ وہ ہفتہ کا دن کیا ہوگا؟ جیسے 2016ء کی ابتداء یکم جنوری 2016ء بروز جمعہ سے ہورہی ہے۔ کیلنڈر کہانی سے شروع ہونے والی دلچسپ و عجیب وغریب تحریر سے قارئین سالوں سے زنجانی جنتری کے ذریعے مستفید ہورہے ہیں اور جب کیلنڈر اپنی کہانی دہراتا ہے تو 100% نہ سہی لیکن کچھ افسانے حقیقت کا روپ دھار کر کٹھ پتلیوں کی طرح ہمارے سامنے ناچتے ہوئے ماضی میں گزرے اُسی کیلنڈر کی کہانی کا دوسرا حصہ لگنے لگتے ہیں۔ کچھ ایسا ہی 2015ء کے کیلنڈر نے بھی کیا، جس میں ہم نے 2013ء کے داغدار الیکشن کا تذکرہ کیا تھا اور مڈٹرم الیکشن اور بلدیاتی الیکشنز پر پابندی کے خاتمہ کی بات کی تھی، جو کہ 2015ء کے کیلنڈر نے پوری کر دکھائی اور پورے ملک میں نہ صرف بلدیاتی الیکشن ہوئے بلکہ کئی ایک حلقوں میں دوبارہ سے الیکشن نے ملکی فضاء اور میڈیا پر مڈٹرم الیکشن جیسا رنگ دکھایا اور سونے پر سہاگہ سیاسی گٹھ جوڑ اور تقاریر نے کر دکھایا۔

2016ء جس کا مفرد عدد 9 بنتا ہے جو کہ خاتونِ جنت بی بی فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہ کا بھی نمبر ہے۔ تبھی اس سال کو ہم نے روحانی طور سے فاطمی سال قرار دیا گیا ہے اور علم نجوم میں یہ نمبر ستارہ مریخ کا نمبر ہے۔ اس کی خاصیت جوشِ عمل، نئی زندگی، نیا عروج، ذہانت، جنگ، اقتدار پسندی، انتظامی صلاحیتوں پر کنٹرول کا ستارہ ہے۔ اسی مناسبت سے یہ روشنی حکمت وعمل کا سال بھی ہے تو اس کے لیے کیلنڈر کے ماضی کا علم ہونا بے حد ضروری ہوجاتا ہے۔ قیامِ پاکستان کے بعد جمعہ سے شروع ہونے والے 9 کیلنڈر اب تک گزر چکے ہیں اور یہ دسواں کیلنڈر ہے۔

1954 - 1960 - 1965 - 1971 - 1982 - 1988 - 1993 - 1999 - 2010 - 2016

جبکہ یہ لیپ سال ہے اور 1947ء سے اب تک اس کیلنڈر میں لیپ کا سال صرف دو مرتبہ ہی آیا ہے (1988 اور 1960)۔ ماضی کے آئینہ میں دیکھا جائے تو 1954ء کے لسانی فسادات اور 1965ء کی پاک بھارت جنگ۔ 1971ء میں مشرقی پاکستان سے علیحدگی اور 1993 میں بھی حالات خرابی کی طرف جاتے ہوئے جنرل ضیاء الحق کی کرکٹ ڈپلومیسی کی وجہ سے سنبھل گئے۔ جبکہ 1988ء لیپ کے سال میں سندھ میں حکومت کا خاتمہ اور صدر ضیاء الحق نے ملک میں شریعت کے نفاذ کا اعلان کیا، لیکن اُسی سال ان کے طیارے کا حادثہ بھی ہوا۔ 1999ء میں پاک بھارت کارگل کے مقام پر جنگ اور نواز شریف کی حکومت طیارہ سازش کیس کی وجہ سے ہٹائی گئی اور ملک میں مارشل لاء لگ گیا۔ 2010ء میں جب آخری مرتبہ یہ کیلنڈر آیا تو ملک میں ہر طرف دھماکے، ہلاکتیں، لوٹ مار عروج پر تھی۔ عمران فاروق قتل اور پاکستانی کرکٹ کے کھلاڑیوں پہ پابندی بھی اسی سال لگی۔ ان واقعات کو سامنے رکھیں تو ایسا کوئی سال نہیں گزرا کہ جب اس کیلنڈر نے خونی کھیل نہ کھیلا ہو۔ ہمیشہ ہماری بھارت سے جنگی محاذ آرائی رہی۔ 2015ء میں افغانستان سے آئے دہشت گردوں سے بھی نمٹا گیا۔ 2016ء میں پاک افغان سرحدی کشیدگی کو بھی نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ حالانکہ 10 ہزار امریکن افواج اب بھی یہاں موجود ہے۔ بھارت کے ساتھ حالات اب بھی مودی سرکار کے آنے سے اُس طرف چل رہے ہیں لیکن فوج نے آپریشن ضربِ عضب کر کے دہشت گردوں کو ایسی کاری ضرب لگائی ہے اور اقوامِ عالم میں اپنا آپ منوایا ہے ایسے میں یقیناً ہمسایہ ممالک کو بھی سوچنے پر مجبور کر دیا ہے۔ جبکہ نیشنل ایکشن پلان کے تحت جس طرح کراچی کے حالات بہتر ہوئے ہیں۔ اسی طرح اللہ ہمیں جنرل راحیل شریف جیسا مردِ مومن حکمران بھی نصیب کرے، جو عوام کو خوشحالی کے خواب دکھانے کی بجائے عملی طور پر کچھ کر کے دکھائے اور مہنگائی ولوڈشیڈنگ سے پریشان عوام، حقیقی خوشحالی اور ترقی وامن کے راستے پر گامزن ہوجائے۔

2016ء پاکستان کا بین الاقوامی عزت ووقار میں اضافہ کا سال۔ ٹیکس اور نج کاری نظام کے خلاف عوام اپوزیشن احتجاج میں رہیں۔ سندھ میں آئینی سیاسی بحران کا اندیشہ

زائچہ نیو مون 19 قوس 13 بحساب ویدک

بتاریخ 10 جنوری 2016ء، بوقت 6 بجکر 30 منٹ، بمقام اسلام آباد

زائچہ فل مون 42 جدی 01 بحساب ویدک

بتاریخ 24 جنوری 2016ء، بوقت 6 بجکر 43 منٹ، بمقام اسلام آباد

زائچہ اوّل نیو مون قران شمس وقمر کا طالع میں ہونا پاکستان اور عوام کے لیے اہمیت کا حامل بین الاقوامی طور سے ملکی عزت ووقار میں اضافہ ہوگا۔ طالع میں شمس قمر پلوٹو کی یہاں موجودگی حالیہ پاک بھارت بہتری کا پیغام لائی۔ وزیر خارجہ سشما سوراج کا دورہ پاکستان 2016ء پاکستان بھارت کی عسکریت پسندانہ سوچ کے برعکس امن کی ہوا کا جھونکا ہے۔ خواہ ایسا بین الاقوامی دباؤ پر ہی ہوا۔ زہرہ زحل کی بارہویں موجودگی مریخ سے بھی زیادہ منحوس ثمرہ ملکی معیشت سٹاک مارکیٹوں میں شدید اُتار چڑھاؤ، سازشی عناصر، مذہبی وسیاسی فرقہ ورانہ فسادات وتشدد کروانے کی اچانک سازش کرسکتے ہیں۔ زحل دوسرے نویں گھر کو بری طرح سے متاثر کر رہا ہے۔ ملکی ترقیاتی اداروں کے فنڈز میں روپیہ کی کمی کے سبب جاری منصوبے متاثر ہوں۔ ٹیکسوں کی بھرمار سے حکومت کی بدنامی اور اس کے خلاف سازشوں کے جال بُننے شروع ہوں۔ اپوزیشن سیاست داں بعض اہم ملکی اداروں کی نج کاری کے خلاف محاذ بنالیں۔ خفیہ اتحاد اور خفیہ طاقتیں بھی حکومت کے خلاف اُٹھ کھڑی ہوں۔ الغرض زحل کی بارہویں موجودگی حکومتی عدم استحکام کا اشارہ ہے۔ وزیر

خزانہ کی ٹیکس نظام سے بھی عوام وخواص نالاں ہوں۔ پانچویں بارہویں کا مالک مریخ پارلیمنٹ کے گھر شدید حکومتی تنقید ہنگامی آرائی طالع کے حاکم مشتری کا نویں اپنے فطرتی گھر ہونا نویں کے مالک شمس کا طالع میں ہونا نیک فال، ملکی قوانین، مذہبی امور، امیگریشن، سیاحت، سائنس، I.T، شپنگ انڈسٹریز کے معاملات اہمیت اختیار کریں۔ کمرشل اداروں، بینکوں میں عوامی سہولت کے لیے نئی تبدیلیاں اور نئے قوانین، عوام کے رجحانات کے پیش نظر نافذ کیے جائیں۔ ملکی درآمدات برآمدات میں تاجروں کی سہولت کو پیش نظر مراعات میں ردوبدل۔ نویں مشتری راہو کا قران (چنڈال یوگ بنا رہا ہے) بعض صوبوں میں امن وامان قائم رکھنے والے اداروں کی موجودگی میں آئینی سیاسی ناپسندیدگی کا اظہار بڑھے۔ خصوصاً سندھ، کراچی میں ایسے حالات رہیں۔

زائچہ دوم فل مون منقلب برج جدی جس کا حاکم زحل گیارہویں پارلیمنٹ کے گھر طالع پانچویں اور آٹھویں ناظر ہونے سے ملکی سیاسی معاملات میں حکمرانوں کے لیے پارلیمنٹ کے اندر اور باہر مشکلات لائے۔ بزرگ ممبران کی اموات شدید بیماری کا اندیشہ، حکومت کے اندر پارٹی ڈسپلن کی خلاف ورزی سے حکومت پر عدم اعتماد بڑھے۔ کابینہ میں بڑے پیمانے پر ردوبدل غیر متوقع طور سے کسی وزیر کا استعفیٰ، عوامی پریشانیاں، مہنگائی کے سبب حکومت غیر مقبول ہو، اپوزیشن طبقہ حکومت کے خلاف مہم جو ہوں۔ قمر کی ساتویں موجودگی عوامی سیاسی تقریبات میں اضافہ حکومت کی طرف سے عوام کے لیے خوشخبریاں یا وعدے کیے جائیں۔ مریخ 4، 11 کا حاکم ہوکر دسویں وبال یافتہ حکمرانوں کے لیے سیاسی مشکلات کا اشارہ۔ حکمران پارٹی اور عوام اپوزیشن کے درمیان اقتدار کی کشمکش کا شدید یکے بعد دیگرے اختلافات اُبھریں۔ بعض صوبوں (سندھ) میں سیاسی محاذ آرائی شدت اختیار کرے۔ فوج کی مداخلت اور مارشل لاء یا اس جیسے سخت حالات کا خدشہ۔ اس زائچہ میں زہرہ، عطارد، پلوٹو، مشتری اور راہو پانچ کواکب نحس گھروں میں رہتے ہوئے خارجہ تعلقات بھارت، افغانستان سے خارجہ تعلقات میں بہتری کے لیے اعلیٰ سطح پر کوششیں سازشوں کا شکار ہوسکتی ہیں۔

دیگر ممالک: یورپی ممالک سعودی عریبیہ پر بنیاد پرست مذہبی تنظیموں، مساجد کو فنڈنگ کی مخالفت کریں۔ سال نو 2016ء میں 180 ممالک کی عالمی موسمیاتی تبدیلی کے لیے بُرے اثرات سے بچنے کے لیے کیے گئے فیصلوں پر عملدرآمد کی کوشش کو تیز کیا جائے۔ امریکہ، یورپی یونین داعش کے خلاف شام اور ملحقہ ترک وعراق علاقوں میں اپنے عسکری اہداف پر متعدد حملے کرکے ان کی آئل فیلڈ کو نقصان پہنچائیں۔ اقوامِ متحدہ چین اور امریکہ پاک بھارت کشیدگی کو کم کرنے اور مسئلہ کشمیر کے تصفیہ کے لیے سیاسی کوششیں تیز کریں، ہر دو ممالک کے روابط بھی بڑھیں۔

قمر در عقرب

اول اس نحس وقت کی ابتداء 4 جنوری صفر بجکر 35 منٹ تا 6 جنوری 11 بجکر 56 منٹ تک رہے گی۔
دوم اس نحس وقت کی ابتداء 31 جنوری 8 بجکر 50 منٹ تا 2 فروری 20 بجکر 50 منٹ تک رہے گی۔
اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ کرنا ہرگز نیک نہیں ہے۔

پاکستان کا فلکیاتی سال 2016

نیا مریخی سال فوج کی حکمرانی اور جنگ جویانہ خصوصیات کا حامل سال

سال کا عدد 9 سیّارہ مریخ سے منسوب اور مریخ کا طویل قیام برج عقرب میں

گزشتہ سال 2015ء کے حوالے سے زنجانی جنتری میں جو فلکیاتی تجزیہ پیش کیا گیا تھا‘ اب تک کا منظر نامہ اس کے مطابق ہی نظر آ رہا ہے‘ ملک بدستور ایک ”منی مارشل لا“ کے زیر اثر ہے جسے ملک کے جمہوری اداروں کی تائید حاصل ہے اور سپریم کورٹ نے بھی اس ضرورت کو تسلیم کرلیا ہے گویا دوسرے معنوں میں اہل سیاست اور جمہوری نظام کی ناکامی پر مہر تصدیق ثبت ہوگئی ہے‘ اب سیاست داں اس صورت حال کی کوئی بھی توجیح پیش کرتے رہیں لیکن حقیقت یہی ہے کہ فوج سرحدوں کی حفاظت کے ساتھ ملک کے انتظامی امور کو بھی سنبھال رہی ہے‘ یہی 2015ء کے حوالے سے زنجانی جنتری میں لکھا گیا تھا‘ آیئے نئے سال 2016ء کے زائچے پر نظر ڈالتے ہیں۔ (از تحریر: سید انور فراز، کراچی)

یکم جنوری 2016ء صفر بج کر صفر منٹ بمقام اسلام آباد برج سنبلہ 12 درجہ 43 دقیقہ زائچے میں طلوع ہے‘ قمر اور راہو قران کی حالت میں طالع میں موجود ہیں‘ سیارہ مریخ دوسرے گھر میں‘ زہرہ اور زحل تیسرے گھر میں‘ شمس اور پلوٹو چوتھے گھر میں‘ عطارد پانچویں‘ نیپچون چھٹے‘ کیتو اور یورنیس ساتویں اور سیارہ مشتری بارھویں گھر میں قابض ہیں۔ طالع کا حاکم پہلے گھر عطارد اگرچہ اچھی جگہ ہے یعنی پانچویں گھر میں لیکن زائچے کے سب سے منحوس سیارے مریخ کی نظر میں ہے‘ مزید یہ کہ راہو بھی اس پر ایک کمزور سی نظر ڈال رہا ہے‘ یہ صورت حال نئے سال کے آغاز اور انجام کے لیے خوش آئند نہیں ہے‘ نیا سال پاکستان کے لیے کوئی آسان سال نہیں ہوگا‘ پاکستان کو دہشت گردی‘ پڑوسی ممالک اور اقتصادی محاذ پر بدستور گزشتہ سالوں کے تسلسل میں چیلنجز کا سامنا رہے گا۔ اس حوالے سے 6 جون سے 25 جون تک کا وقت خصوصی طور پر خطرناک ثابت ہوسکتا ہے، بہر حال سال کا آغاز بھی کوئی خوش گوار نظر نہیں آتا کیوں کہ جنوری کے پہلے ہفتے میں ہی راہو کیتو گھر تبدیل کر رہے ہیں اور نئے سال کے زائچے میں چھٹے اور بارھویں گھر میں داخل ہوتے ہی مشتری سے قران کریں گے جو چوتھے گھر کا حاکم ہے گویا جنوری کا پہلا ہفتہ عوام اور اپوزیشن کے لیے سازگار نہیں ہوگا، اس عرصے میں اقتصادی صورت حال زیادہ خراب ہوسکتی ہے اور اسٹاک مارکیٹ کو بھی کوئی دھچکا لگ سکتا ہے اس کے علاوہ پڑوسی ممالک سے تعلقات میں کشیدگی بڑھ سکتی ہے جو حالات کی سنگینی میں مزید اضافہ کرے گی۔ زائچے کی مجموعی صورت حال پر اظہار خیال کے بعد حسب روایت زائچے کے مختلف گھروں کی منسوبات اور سیاروی اثرات پر ایک نظر ڈال لی جائے، پہلے گھر کے حوالے سے ہم پہلے تجزیہ کر چکے ہیں۔

لکھ گیا چہروں پہ اپنا مرثیہ
وقت بھی کتنا بڑا فنکار تھا

زائچہ سال نو یکم جنوری 2016ء، بوقت صفر بجکر ایک منٹ، اسلام آباد

ہر نیا سال گزرے ہوئے سال کی بازگشت ہے، عام طور پر ہم نئے سال میں بھی پرانے سال کے تسلسل کو برقرار رکھتے ہیں لیکن وقت کے تھپیڑے ہمارا رخ تبدیل کرتے رہتے ہیں اور ہم بحالت مجبوری وقت کے دھارے کا ساتھ دیتے ہیں، سال ختم ہوتا ہے تو نئے سال کی آمد کا جشن مناتے ہیں لیکن بہت کم گزرے ہوئے سال میں اپنی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہیں، ماضی کو فراموش کرنا شاید ہمارا قومی مزاج بن چکا ہے حالانکہ کہا یہ جاتا ہے کہ انسان اپنے ماضی کے تجربات سے سیکھتا ہے۔

قوموں کے عروج و زوال پر نظر ڈالی جائے تو ہم دیکھتے ہیں کہ کوئی ایک شخص نمودار ہوتا ہے اور قوموں کی تقدیر بدل دیتا ہے، اپنی ذہانت، قابلیت، مستقل مزاجی اور اعلیٰ کارکردگی سے وہ کسی قوم کو متحد کر کے دنیا کی عظیم قوم بنا دیتا ہے، ماضی قریب میں ایسی مثال ہمارے قائداعظم کی ہے مگر کیا قیام پاکستان کے بعد کوئی ایسا شخص سامنے آیا جو قائداعظم کا متبادل ثابت ہوتا، جواب یقیناً نفی میں ہوگا اور یہ قحط الرجال تا حال جاری ہے، شاید یہی پاکستانی قوم کی بدنصیبی ہے، کوئی اتاترک، کوئی ماؤزے تنگ، کوئی ڈیگال، کوئی مہاتیر محمد اس ملک میں پیدا نہیں ہوتا اور اگر غلطی سے پیدا ہو گیا تو اس ملک کی نام نہاد اشرافیہ اسے زندہ نہیں رہنے دے گی یا اسے ملک چھوڑ کر بھاگنا پڑے گا۔

زائچہ سال 2016ء

نئے سال کا آغاز سیارہ شمس کے دور اکبر میں ہو رہا ہے جبکہ دور اصغر راہو کا 25 جون 2016ء تک جاری رہے گا، یہ بھی ایک ناخوش گوار صورت حال ہے، شمس بارھویں گھر کا حاکم ہو کر فعلی منحوس بن گیا ہے اور راہو کی نحوست اپنی جگہ مسلم الثبوت ہے، راہو کا تعلق سیاست اور فریب سے ہے، شمس بارھویں گھر کا حاکم ہے اور اس گھر کا تعلق نقصانات، مستقبل کے خوف، رکاوٹوں اور بندشوں سے ہے۔

شمس اور راہو کے دور اکبر اور دور اصغر کا مشترکہ اثر شدید نوعیت کا سیاسی عدم استحکام لا سکتا ہے جس میں فریب اور فراڈ نمایاں ہوگا جو کچھ کہا جائے گا اور دکھایا جائے گا، وہ حقیقت سے بہت دور ہوگا، اپنے ذاتی مفادات کی خاطر اہل سیاست اور بیورو کریسی کچھ بھی کر سکتی ہے لیکن خوش کن بات یہ ہے کہ چھٹے گھر کا حاکم سیارہ زحل زائچے میں اچھی اور طاقت ور پوزیشن رکھتا ہے، چھٹے گھر کا تعلق سول اور ملٹری کے اداروں سے ہے جو بہرحال اپنا کردار بھرپور طریقے سے ادا کرنے کی پوزیشن میں ہیں۔

سیارہ زحل چھٹے گھر کا مالک ہوتے ہوئے طاقت ور بھی ہے اور زائچے کا فعلی منحوس بھی ہے لہٰذا اپنا کردار مزید سخت انداز میں ادا کرے گا، اب تک اگر آئینی حدود میں حالات کو بہتر بنانے کی کوشش ہو رہی ہے تو 2016ء میں کوئی غیر آئینی صورت حال بھی پیدا ہو سکتی ہے یعنی نام نہاد جمہوری تماشا ختم کر کے ملک کو حقیقی جمہوری راستے پر ڈالنے کی کوشش کی جائے کیوں کہ زحل زائچے کے تیسرے (پہل کاری اور کوشش) پانچویں (شعور و حکمت عملی) نویں (آئین و عدلیہ) بارھویں گھر (نقصانات اور غیر آئینی اقدام) کو ناظر ہے، اگرچہ یہ نظر کمزور ہے مگر پھر بھی اسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کیوں کہ گیارھویں گھر کا حاکم قمر بری طرح راہو سے متاثرہ ہے جس کے نتیجے میں پارلیمنٹ ایک مذاق بن کر رہ جائے گی اور ممبران اسمبلی کا کردار مشکوک ہو کر رہ

ماضی کو فراموش کرنا شاید ہمارا قومی مزاج بن چکا ہے۔تو 2016ء میں کوئی غیر آئینی صورت حال بھی پیدا ہوسکتی ہے یعنی نام نہاد جمہوری تماشا ختم کر کے ملک کو حقیقی جمہوری راستے پر ڈالنے کی کوشش کی جائے۔ پارلیمنٹ ایک مذاق بن کر رہ جائے گی اور ممبران اسمبلی کا کردار مشکوک ہو کر رہ جائے گا' بڑے بڑے دھوکے اور فراڈ کے اسکینڈل سامنے آئیں گے' اس صورت میں اسٹیبلشمنٹ کی قوت و اثر میں اضافہ ہوگا اور اسمبلی کا وجود خطرے میں پڑ جائے گا۔ اس سال پڑوسی ممالک سے کسی جنگ کے امکان کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ کسی مرحلے پر ایسی صورت حال پیدا ہوسکتی ہے کہ موجودہ حکومت کی بساط لپٹ جائے' عوام اور اپوزیشن کا احتجاج بھی اس سال زیادہ شدت کے ساتھ سامنے آئے گا۔ اگر ملک میں ایمرجنسی کا نفاذ ملک گیر پیمانے پر ہوجائے تو تعجب نہیں ہوگا۔

جائے گا' بڑے بڑے دھوکے اور فراڈ کے اسکینڈل سامنے آئیں گے' اس صورت میں اسٹیبلشمنٹ کی قوت و اثر میں اضافہ ہوگا اور اسمبلی کا وجود خطرے میں پڑ جائے گا۔

دوسرا گھر

زائچے کے دوسرے گھر پر برج میزان قابض ہے، اس کا حاکم سیارہ زہرہ تیسرے گھر میں کمزور ہے کیوں کہ نواسا چارٹ میں چھٹے گھر میں ہبوط یافتہ ہے چناں چہ آمدن، سرمایہ اور حیثیت مشکوک ہوجاتی ہے، معاشی ترقی اور ملک سے بدحالی ختم کرنے کے جو خواب دکھائے جارہے ہیں، یہ محض خواب ہی ہوں گے، بڑھتا ہوا قرض نئے سال میں مزید بڑھ جائے گا جس کی وجہ سے عام آدمی کی زندگی متاثر ہوگی، بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی حیثیت معاشی طور پر اس سال مستحکم دکھائی نہیں دیتی۔

تیسرا گھر

تیسرا گھر برج عقرب ہے جہاں کمزور خانہء مال کا حاکم اور طاقت ور چھٹے گھر کا حاکم زحل قابض ہیں، زحل تیسرے گھر کے درجات سے قریبی قران میں ہے، اگر کیونیکیشن پر اسٹیبلشمنٹ کا اثر و رسوخ مزید بڑھ جائے اور ذرائع ابلاغ اُسی کی بولی بولنے لگیں تو حیرت کی بات نہیں ہوگی، ممکن ہے بعض اخبارات اور چینلز اس سال بھی یعنی گزشتہ سال کی طرح عتاب کا شکار ہوں، صحافی اور بعض اینکر پرسن حادثات یا قید و بند کا سامنا کریں، جہاں تک کوشش اور پہل کاری کا تعلق ہے تو اس حوالے سے کسی بہتر کارکردگی کا امکان نظر نہیں آتا چونکہ اس گھر کا تعلق پڑوسی ممالک سے بھی ہے لہٰذا باہمی تعلقات میں کشیدگی اور سرحدی جھڑپیں جاری رہیں گی' اس سال پڑوسی ممالک سے کسی جنگ کے امکان کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔

سال 2016ء سیارہ مریخ کی رجعت کا سال ہے' زائچہ پاکستان اور نئے سال کے زائچے میں سیارہ مریخ ایک فعلی منحوس سیارہ ہے' نقصانات' حادثات' تشدد وغیرہ اس کا خاصہ ہے' نئے سال کے زائچے میں یہ سال کا بیشتر حصہ زائچے کے تیسرے گھر میں بحالت رجعت و استقامت گزارے گا اس حوالے سے مارچ کا مہینہ نہایت اہم نظر آتا ہے جب یہ تیسرے' چھٹے' نویں اور دسویں گھروں سے ناظر ہوگا' اس وقت مریخ کی اسٹیشنری پوزیشن ملکی حالات میں زبردست نوعیت کا اتار چڑھاؤ لاسکتی ہے خصوصاً اپریل میں رجعت سے پہلے اور رجعت کے بعد۔

تیسرے گھر کی منسوبات کے مطابق اس وقت حکومت ایسی غلطیاں کرسکتی ہے جو اس کے لیے بدترین نوعیت کے مسائل پیدا کردے جن کے نتیجے میں حکومت جانے کا خطرہ پیدا ہوجائے' یہ وقت حکومت اور اسٹیبلشمنٹ کے درمیان شدید نوعیت کے تنازعات کی بھی نشان دہی کررہا ہے' دوسری طرف پڑوسی ممالک سے بھی اس دوران میں تنازعات اپنے عروج پر ہوں گے' دہشت گردی کی وارداتوں میں اضافہ ہوگا' خیال رہے کہ اس سال تیسرا گھر تقریباً نصف سال سے زیادہ فعال رہے گا کیوں کہ مریخ کا قیام اور پھر سیارہ زحل سے قران

اسی گھر میں ہے' مریخ اور زحل کے قران سے منحوس ترین سمجھا جاتا ہے' یہ قران اس سال بھی اگست میں ہوگا۔

چوتھا گھر

2016

زائچے کے چوتھے گھر پر برج قوس کی حکمرانی ہے جس کا حاکم سیارہ مشتری زائچے کے بارھویں گھر میں بری جگہ اور کمزور ہے لہٰذا عوام کی حالت میں بہتری اس سال بھی ممکن نظر نہیں آتی، اپوزیشن غیر مؤثر کردار ادا کرے گی، ملک میں جرائم کی شرح میں اضافہ ہوگا، منشیات کے استعمال کا رجحان بڑھے گا، وبائی امراض پھیلنے کا اندیشہ موجود ہے، اپوزیشن سے حکومت کی محاذ آرائی کی ابتدا اگرچہ اسی سال 2015ء میں شروع ہو چکی ہے مگر 2016ء اس حوالے سے زیادہ نمایاں سال ہوگا، اگر اہم پارٹی ارکان اور رہنما جیل جائیں اور انہیں سزائیں ہوں تو تعجب کی بات نہیں ہوگی' خاص طور پر جنوری کا پہلا ہفتہ اس حوالے سے نہایت اہمیت کا حامل ہوسکتا ہے' چوتھے گھر کا حاکم مشتری سال کی ابتدا ہی سے خاصے لمبے عرصے تک راہو کیتو محور میں پھنسا رہے گا اور نحوست کا شکار ہوگا لہٰذا چوتھے گھر کی منسوبات متاثر رہیں گی جن میں عوام سرفہرست ہیں' چوتھا گھر پراپرٹی سیکٹر (زمین وجائے داد) کی بھی نشاندہی کرتا ہے' اس سال اس حوالے سے زمین وجائے داد کے بڑے بڑے اسکینڈل سامنے آسکتے ہیں' اگرچہ ایسے اسکینڈل ہر سال ہی سامنے آتے ہیں مگر اس بار صورت حال خاصی مختلف ہوگی۔

پانچواں گھر

2016

انٹرٹیمنٹ انڈسٹری اور باشعور طبقہ اس گھر سے متعلق ہے، اس کا حاکم زحل اچھی پوزیشن میں ہے لہٰذا یہ شعبہ مزید ترقی کرے گا لیکن یہ ترقی مادر پدر آزاد قسم کی ہوسکتی ہے جسے دیکھ کر مذہبی حلقے شور مچا سکتے ہیں اور بعد ازاں انہیں حدود وقیود میں لانے کے لیے کوششیں ہوسکتی ہیں' سیارہ زہرہ جو انٹرٹیمنٹ اور شوبزنس کا نمائندہ ہے زائچے میں کمزور ہے جس کی وجہ سے حسب سابق پروگرامز کا معیار بہتر نہیں ہوگا' شوبزنس سے متعلق خواتین کے اسکینڈلز اس سال بھی منظر عام پر آئیں گے جیسا کہ گزشتہ سال بھی ہوا' ایک مشہور ماڈل ایان علی کی گرفتاری اور قید وبند کا بہت چرچا رہا۔

چھٹا گھر

2016

زائچے کا چھٹا گھر ملکی انتظامیہ' فوج پولیس اور بیوروکریسی' قرض' صحت کے معاملات سے متعلق ہے' اس کا حاکم زحل طاقتور اور مضبوط پوزیشن رکھتا ہے' یہ گھر اختلافات اور تنازعات سے بھی متعلق ہے' نئے سال میں کیتو اس گھر میں داخل ہو رہا ہے لہٰذا داخلی اور بیرونی امور میں اختلافات اور تنازعات مزید بڑھ سکتے ہیں لیکن اس گھر کے حاکم کی مضبوطی صورت حال پر قابو پانے میں مددگار ہوگی' مارچ کا مہینہ اس حوالے سے اہم نظر آتا ہے' اندرونی اور بیرونی خلفشار اپنے عروج پر ہوگا' کیوں کہ مریخ تیسرے گھر میں اور زہرہ' عطارد وشمس چھٹے گھر سے گزریں گے' اس مہینے میں جیسا کہ پہلے بھی عرض کیا ہے کہ حکومت اور مقتدر حلقوں کے درمیان کشیدگی نمایاں رہے گی اور کسی مرحلے پر ایسی صورت حال پیدا ہوسکتی ہے کہ موجودہ حکومت کی بساط لپیٹ جائے' عوام اور اپوزیشن کا احتجاج بھی اس سال زیادہ شدت کے ساتھ سامنے آئے گا اور اہل سیاست کے شکوہ شکایات مقتدر حلقوں سے بہت بڑھ جائیں گے' یہی وہ وقت ہے جب آئینی اور غیر آئینی اقدام کی بحث سامنے آسکتی ہے۔

ساتواں گھر

2016

ساتویں گھر پر برج حوت قابض ہے اور کیتو یہاں موجود ہے' یہ گھر بیرون ملک سفر اور تعلقات سے متعلق ہے' اگرچہ اس کا حاکم بارھویں گھر میں بری جگہ ہے اور کیتو بھی اسی گھر میں ہے لیکن اس کا اثر نمایاں نہیں ہے' چناں چہ ساتویں گھر کی منسوبات کے متاثر ہونے کا اندیشہ نہیں ہے' مارچ کے مہینے میں سیارگان اس گھر سے گزریں گے' اس وقت 20 تا 25 مارچ سفری حادثات اور بیرون ملک تعلقات پر دباؤ پڑے گا اور ایسی ہی صورت حال ستمبر اکتوبر میں بھی نظر آئے گی۔

آٹھواں گھر

2016

زائچے کا آٹھواں گھر نہایت منحوس تصور کیا جاتا ہے' اس گھر سے حادثات' سانحات اور اموات منسوب ہیں' زائچے میں اس گھر کا حاکم جلاد فلک سیارہ مریخ ہے جو اس سال زائچے کے تیسرے گھر میں بحالت رجعت واستقامت خاصا طویل وقت گزارے گا گویا اپریل سے ستمبر

تک، اس دوران میں بحالتِ رجعت زائچے کے دوسرے گھر میں بھی داخل ہوگا، پہلی مرتبہ مارچ کے آخر میں زائچے کے تیسرے، چھٹے، نویں اور دسویں گھروں پر نحس نظر ڈالے گا اور یہ نظر اسٹیشنری پوزیشن کی وجہ سے خاصے لمبے عرصے یعنی مئی تک قائم رہے گی لہٰذا مارچ تا مئی اس سال کا سب سے زیادہ حساس وقت ہوگا، اس وقت میں حادثات و سانحات میں اضافہ، احتجاجی صورت حال، کمیونیکیشن کے شعبے میں مسائل، سول سروسز میں اکھاڑ پچھاڑ اور فوج کے لیے نئے چیلنج سامنے آسکتے ہیں، آئینی امور اور عدالتی صورت حال بھی تسلی بخش نہ ہوگی، اگر ملک میں ایمرجنسی کا نفاذ ملک گیر پیمانے پر ہوجائے تو تعجب نہیں ہوگا۔

نواں گھر

زائچے کا نواں گھر مذہب، آئینی امور اور عدلیہ سے متعلق ہے اور جیسا کہ پہلے نشان دہی کی گئی ہے کہ آٹھویں گھر کے حاکم زائچے کے سب سے منحوس سیارے مریخ کی خصوصی نظر جلال اس گھر پر براہ راست ہوگی جس کی وجہ سے آئین کی معطلی کا خطرہ پیدا ہوتا ہے اور عدلیہ کی پوزیشن مشکوک ہوتی ہے، بینچ اور بار اس سال احتجاج کرتے نظر آتے ہیں، آئینی ماہرین اور جج صاحبان حادثات و سانحات کا شکار ہوسکتے ہیں، ان کے تحفظ کے لیے خصوصی اقدام کی ضرورت ہوگی۔

نواں گھر ملکی زائچے میں خارجہ پالیسی اور بیرونی ممالک سے تعلقات کا گھر بھی ہے لہٰذا اس گھر کی مخدوش پوزیشن بین الاقوامی تعلقات میں نئے ٹرننگ پوائنٹ لاسکتی ہے، خارجہ پالیسی میں بھی نئی تبدیلیاں اس سال دیکھنے کو ملیں گی۔

دسواں گھر

زائچے کا دسواں گھر سربراہ مملکت اور کابینہ سے متعلق ہے، اس کے علاوہ ملکی عزت و وقار اور تجارتی پیشہ ورانہ امور بھی اسی گھر کے زیر اثر ہیں، سیارہ شمس چوتھے گھر میں بارھویں گھر کا حاکم ہوکر قابض ہے اور چوتھے گھر کے علاوہ دسویں گھر کو بھی ناظر ہے، بارھواں گھر نقصانات کے علاوہ مستقبل کے ڈر اور خوف پیدا کرتا ہے لہٰذا وزیراعظم اور کابینہ گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی حکومت جانے کے خوف میں مبتلا رہے گی، اکتوبر کا مہینہ خاص طور پر اہم ہوگا جس میں حکومت اور اسمبلی کے حوالے سے خطرات بڑھ سکتے ہیں، اس ماہ میں تجارتی سرگرمیاں بھی متاثر ہوں گی اور ملک کے وقار کو بھی کوئی دھچکا پہنچ سکتا ہے۔

گیارہواں گھر

زائچے کے گیارھویں گھر پر برج سرطان قابض ہے اور سیارہ قمر زائچے میں راہو کیتو محور کے درمیان بری طرح متاثرہ ہے۔ اس صورت حال سے اسمبلی کی کارکردگی کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے، حسب سابق اسمبلی کی کارکردگی عوامی مسائل کے حل کے لیے کوئی مثبت کردار نمایاں طور پر ادا کرنے کے قابل نہیں ہوگی، اسمبلی کی پوزیشن گزشتہ سال سے بھی گئی گزری ہوگی، اسمبلی کے اراکین ذاتی فوائد کے حصول میں سرگرم رہیں گے، گیارھواں گھر ملک کے کاروباری مفادات کا گھر بھی ہے، اس حوالے سے بھی قمر کی پوزیشن کاروباری معاملات میں کرپشن اور مشکوک نوعیت کے کاروباری پروجیکٹ کی نشان دہی کرتی ہے، ایسے معاہدات ہوسکتے ہیں جن میں فوائد کے بجائے نقصانات زیادہ ہوں۔

بارہواں گھر

بارھواں گھر نقصانات، مستقبل کے خوف، رکاوٹوں اور پریشانیوں سے متعلق ہے، جرائم بھی اس گھر سے دیکھے جاتے ہیں، اس کا حاکم سیارہ شمس زائچے کے چوتھے گھر میں موجود ہے اور تقریباً ہر نئے سال کے زائچے میں اس کی یہ پوزیشن برقرار ہے، خرابی یہ بھی ہے کہ گزشتہ کئی سال سے شمس کی یہ پوزیشن زائچے کے درجات سے قران کی ہے اور یہی بنیادی خرابی ہے، اسی وجہ سے ملک میں جرائم کی شرح زیادہ ہے اور کرپشن، بے ایمانی، دولت کی ہوس حد سے بڑھی ہوئی ہے، اس سال بھی اس خرابی کا سامنا رہے گا، جرائم کی شرح میں اضافہ ہوگا، اس پر کنٹرول کرنے کے لیے جزا اور سزا کا سخت ترین نظام ضروری ہوگا، جب تک جرم پیشہ افراد کو بدترین سزا کا خوف نہیں ہوگا، جرائم پر قابو پانا ناممکن ہوگا، ملکی نقصانات میں اضافہ ہوتا رہے گا۔

از تحریر: شہزادہ سید مصور علی زنجانی

اوجِ زحل 2016ء

اوقاتِ اوجِ زحل اول وقت 9 جنوری 9 بجکر 45 منٹ تا 19 جنوری 8 بجکر صفر منٹ دوم وقت 6 اکتوبر 4 بجکر 10 منٹ تا 18 اکتوبر 2 بجکر 49 منٹ

خصوصیات ستارہ زحل

زحل اصطلاحِ نجوم میں خادم فلک کے نام سے پہچانا جاتا ہے۔ یہ ستارہ تنگی ترشی، قدامت پسندی، جہد مسلسل اور ان انتھک محنت کا مظہر ہے۔ تحمل و بردباری، ثابت قدمی، مستقل مزاجی، اپنی ذات پر مکمل کنٹرول وہ جوہرِ حیات ہیں جن سے یہ مالا مال ہوتا ہے۔ تخلیقی قوت، قسمت، نصیب، ڈیوٹی اور عظیم عامل "وقت" کا منبع ہے۔ کبھی صادق القول، زاہد، خشک، مخلص، راز کو راز رکھنے والا اور ٹھنڈے مزاج کا حامل ہے۔ تو کبھی سرد مہر، ظاہر دار اور مفاد پرست، علوم مخفی میں اعلیٰ استعداد اور اس کے مختلف پہلوؤں پر مکمل نظر، اپنے اصولوں پر جمے رہنا، خوش تدبیری، ایجاد و اختراع، مطالعہ باطن، عمدہ منصوبہ بندی اور کسی کام کو مکمل کرنے کی صلاحیت۔ یہ وہ معمولاتِ زندگی ہیں جنھیں یدِ طولیٰ رکھتا ہے۔ اس کے مزاج میں خدا ترسی، انصاف پسندی اور کفایت شعاری کا عنصر زیادہ ہوتا ہے۔ یہ سچائی کو محبوب رکھنے والا، تنظیم کا مداح، تعلیم کے کسی بھی میدان میں عقلی اور اصولی بنیادوں پر تحقیق و چھان بین کی صلاحیتوں کا حامل ہوتا ہے اور خاص طور پر مخفی حقائق سے پردہ اُٹھاتا ہے۔ کلام موزوں، تواتر و تسلسل، انتظام بالاہتمام کا شائق ہوتا ہے اور ہر کام حسن تدبیر اور بہترین اسلوب کا شاہکار ہوا کرتا ہے۔ اس کی عادات کاروباری ہوتی ہیں۔

زائچہ میں سعد نشست زحل

زحل جب سعد ہو تو ذمہ دارانہ، منصب، حصول قوت کے لیے جدوجہد، مادی ترقی اور فلاح کا عکاس ہوتا ہے۔ بالخصوص اس وقت جب یہ کسی خاکی برج میں ہو۔ درازیٔ عمر اور بڑھاپے پر دلالت کرتا ہے (جو لوگ رات کے وقت پیدا ہوں۔)

زائچہ میں نحس نشست زحل

اگر بحالت نحس واقع ہو تو اصولوں سے لاپرواہی اور غفلت، پس و پیش اور مراق کی حالت، رکاوٹیں، بے اتفاقی، تعصب، دروغ گوئی، بغض، مخاصمت، مفلسی، بدقسمتی، اندیشے، پریشانیاں، تاخیر، علیحدگی، گوشہ نشینی اور امید و بیم کی کیفیت پیدا کرتا ہے۔ مرد مہر، بے حس، غیر مشفقانہ فطرت کا مالک جو کہ خوف اور عدم اعتماد کا شکار ہوتا ہے۔ تذبذب، منتشر الخیال، بے دین، حرام کار، کفر و الحاد کا پیکر، فریب و دغا کا پتلا، سازشی، بد اخلاق و بے مروت، غیر شائستہ و بے ادب، مبتلا روگ و آزار اور لوگوں سے خواہ مخواہ حسد و عداوت کرنے والا ہوتا ہے۔ یہ نامساعد و ناسازگار اور خوشگوار حالات، پریشانی، دوسروں پر انحصار، مایوسی و دل شکستگی، احساسِ کمتری، بدچلنی، عیاش، اوباشی، بے حوصلگی، جھجک، تباہی و بربادی، اختلافات، تنازعے اور عدم اطمینان کا مظہر ہے۔ بدھ مت کے عقیدہ کے بموجب یہ تمام خراب حالات ان کے پچھلے جنم کے اعمال کا ثمر ہوتا ہے۔

ستارہ زحل کے سیاسی اثرات

ان بڑے بڑے اداروں کا قیام یا تعمیر جو کہ سائنسی اصولوں پر تحقیقات کریں۔ مزدوروں کے لیے قانون سازی اور ان کا اجراء، سخت جابرانہ قوانین کا اطلاق، کابینہ کے ممبران کے درمیان وسیع اختلافات بادشاہوں، سلاطین اور برسرِ اقتدار طبقہ کا زوال خاص طور پر ڈکٹیٹروں یا ان کی جائیداد و خطابات وغیرہ کی بربادی، کسی نہ کسی طور ملک کے وقار کو صدمہ پہنچنا، قحط، مفلسی و تنگی، طاعون، متعدی امراض، سیلاب اور زلزلوں وغیرہ کے سبب ملک میں بے چینی، ملک میں ایسے حالات کا پیدا ہو جانا جن میں فضول اخراجات پر کنٹرول نہ کیا جاسکے۔

ستارہ زحل کے معاشی اثرات

نامناسب اور اُلٹے سیدھے ٹیکس، برآمدات و قومی آمدنی میں کمی، افلاس و بیروزگاری، مزدوروں کی ہڑتالیں اور ان طریقوں کا اختیار کرنا جن کے سبب پیداوار میں کمی آجائے، فصلوں کی خرابی، قحط و سرد بازاری، دیوالیہ ہو جانا۔ مندرجہ بالا تباہیوں کے اسباب عموماً کثرت بارش، سیلابوں کی شدت اور زلزلوں کی صورت میں قہر الٰہی بن کر نازل ہوتے ہیں اور ان کے لیے ہم انسانوں کو کسی طور قصوروار نہیں ٹھہرا سکتے۔ حکومت کی طرف سے زمینوں، کانوں اور کچی دھاتوں کے ذخائر کی ضبطی، جنگیں اور ان کا دھڑکا، سمندری جہازوں کو خطرہ (بصورت تباہی جہاز)، ویگنوں یا جہازوں کی قلت کے سبب اشیاء کی

نقل وحمل میں دیر یا آہستہ روی، شیئرز اور تمسکات کی قیمتوں میں کمی ہو جس میں زحل قابض ہو، ملک میں چیزوں کی قیمتوں میں اضافہ بوجہ خرابی فصل یا قلت۔

ستارہ زحل کے زمینی پیداواری اثرات

سیسہ، کوئلہ، سرمہ، انجن، سیمنٹ، جوٹ، کمائی ہوئی کھال، لاکھ، ٹماٹر، جو، کالا چنا، ہندوستانی کھجور، بڑی اور گال تل اور جھاڑی دار جڑی بوٹیاں، پھلی دار بیج، کالی لکڑی، کیلد (ایک قسم کی جھاڑی جو زمین پر پھیلتی ہے)، چھال اور کان کنی۔ اس کے علاوہ جوتے بنانے کے کارخانے اور کچی دھات کی صفائی کے کارخانے بھی اسی سے منسوب ہیں۔

ستارہ زحل کے دیگر ملے جلے اثرات

زحل مساوی خاندان کے نوکر کی حیثیت رکھتا ہے۔ سیارہ بدن لانبے لانبے اعضاء اور سخت بال۔ یہ ایک زحل والے کا ممکنہ حلیہ ہے۔ بہ لحاظ مزاج بلغمی ہے۔ یہ ہواؤں، پہاڑوں، چٹانوں، جنگلات اور غلیظ جگہوں پر حکمران ہے۔ قید خانے اور سن رسیدہ اشخاص اس کے دائرہ اختیار میں آتے ہیں۔ زرعی پیداوار میں کالا چنا، دیو گندم، بھنگ، جو، پیشاب، مثانہ، دانت، نسیں (وہ نسیں جو پٹھوں کے سروں پر ہوتی ہیں یا ان کو باہم دیگر جوڑتی ہیں) کلائی اور پیر اس سے منسوب ہیں۔

بیماریوں میں پٹھوں کا درد، دانتوں کا درد، دق، دمہ، مرگی، ہسٹریا، جوڑوں میں درد اور السر اسی کے سبب ہوا کرتی ہیں۔

اگر زحل قوی ہو تو شخص مذکورہ کا اپنا گھر ہوگا اور خوش وخرم زندگی گزارے گا، عوامی لیڈر ہوسکتا ہے یا کسی بھی بااثر عہدہ پر ترقی کرسکتا ہے اور صاحب اختیار ہوگا۔

اگر زحل کمزور ہو تو دولت کا زیاں، بیماری، بدنامی، رسوائی اور سکینڈل کا امکان رہتا ہے۔ یہ سیارہ ملی جلی کیفیتوں کا حامل ہوتا ہے۔ ایک طرف یہ ایک شخص کو محنتی، جفاکش اور مسلسل آگے بڑھنے کی کوشش کرنے والا بناتا ہے تو دوسری طرف تیز مزاج، زود رنج فطرت کا حامل، سست رو اور بدمزاج بناتا ہے۔ ایسا شخص گہرے رازوں کا امین ہوتا ہے اور بہت سے مخفی حقائق سے پردہ اُٹھاتا ہے۔ یہ غیر دلچسپ حالات کی طرف بھی اشارہ کرتا ہے۔ یہ قید وبند، موت، بیماری، زرعی آلات اور مغربی سمت پر حاکم ہے۔

اس لوح کو شرف زحل میں لکھ کر اور خواہش ہو کے میرا ستارہ ہمیشہ ہمیشہ بلند رہے تو قیام ومرتبہ اور غلبہ مخلوق کے لیے ڈاٹ سیسہ پر 3 عدد لوح تیار کریں۔ ایک کو پیپل کے درخت میں لٹکا دیں۔ دوسری کو اپنی راست بازو میں باندھو اور تیسرے کو اپنی مخالف کے گزرگاہ یا ویرانے میں دفن کرو تو دشمن یا مخالف اس کے سامنے کبھی غالب نہیں ہوگا۔ ہر دم مغلوب اور کمزور رہے گا، کبھی جیت نہیں سکے گا۔ اب میں لوح پنجتن پاکؑ آپ کی خدمت میں اس آیت کریمہ کے ساتھ پیش کر رہا ہوں۔ تمام پُر تاثیر ہے، سورۃ غافہ آیت 16 پارہ نمبر 2، آیت 786 لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ کے اعداد 785 قمری نکال کر لوح پنجتن پاک تیار کریں۔ یاد رکھیں 2 الواح سیسہ پر لکھیں۔ ایک مشک زعفران سے لکھیں۔ صاف کاغذ پر جو راست بازو میں باندھو۔ اگر خود تیار نہ کرسکیں تو ادارہ آئینہ قسمت یا مجھ سے تیار کروائیں۔ اجازت عام ہے لیکن مجھ عاجز اور زنجانی خاندان کو دعائے خیر میں ضرور یاد رکھیں۔

لوح پنجتن پاکؑ:

اعداد آیت: 780   258 =3+776 =6 -780

ایک ایک کا اضافہ کریں۔ اگر ایک بچا تو نقش صحیح آئے گا۔ اگر دو بچا تو 4 میں ایک کا اضافہ کریں۔ اگر 00 بچا تو 3 خانے میں عدد وہی آئے گا۔ جو 3 میں ہے، تو لوح بالکل درست آئے گی۔

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

سعادتِ زحل کا ایک اور موقع اوجِ زحل

لوحِ زحل نورانی مع طلسمِ زحل کی تیاری کا طریقہ اور اوقات

اوقات اوجِ زحل	
اول وقت	9 جنوری 9 بجکر 45 منٹ تا 19 جنوری 8 بجکر صفر منٹ
دوم وقت	6 اکتوبر 4 بجکر 10 منٹ تا 18 اکتوبر 2 بجکر 49 منٹ

نئے سال کی ابتداست رفتار سیارہ زحل کے سعد اوقات سے ہو رہی ہے، زحل کو برج میزان میں شرف کی قوت حاصل ہوتی ہے اور برج قوس کے 13 درجے پر یہ درجہ اوج پر ہوتا ہے، 2016ء میں 9 جنوری صبح 09:45 am بمقام اسلام آباد کے مطابق اوجِ زحل کا سعد وقت شروع ہوگا اور 19 جنوری صبح 8 بجے تک زحل درجہ اوج پر قیام کرے گا، اس سعد وقت سے فائدہ اٹھانے کے لیے لوح زحل نورانی مع طلسم کا تحفہ حاضر ہے۔

عزیزانِ من! یہ دونوں نقش نہایت سادہ اور آسان ہیں، ایک نورانی لوحِ زحل اور دوسرا نورانی طلسمِ زحل ہے، دونوں کو سیسے کی گول تختی پر آگے پیچھے کندہ کیا جاسکتا ہے، سیسہ بہت نرم دھات ہے جس پر کسی بھی نوک دار چیز سے لکھنا مشکل نہیں ہوتا، چوں کہ یہ نورانی لوح ہے لہٰذا اسے پہلے سے سانچہ یا ڈائی بنا کر مقررہ وقت پر بھی ڈھالا جاسکتا ہے، قدیم زمانوں میں ایسی الواح کی تیاری کے لیے یہی طریقہ رائج تھا مگر اپنی ذاتی ضرورت کے لیے آپ کو ڈائی یا کوئی سانچہ بنانے کی ضرورت نہیں ہوگی، وقتِ مقررہ سے پہلے گول دائرہ اور لوح کے ڈیزائن کی مارکنگ کرلیں اور پھر اوجِ زحل کے مقررہ وقت کے درمیان ہفتے کے روز صبح سورج نکلنے کے بعد ایک گھنٹے کے اندر کندہ کرلیں، اگر ایک ساعت میں یہ کام نہ ہوسکے تو لوح کو محفوظ کرکے پوشیدہ کرلیں اور بعد ازاں زحل کی کسی دوسری ساعت میں مکمل کرلیں، عام لوگوں کے لیے یہ سادہ طریقہ کافی ہوگا، علم نجوم سے واقفیت رکھنے والے افراد اپنے طور پر زیادہ بہتر وقت کا انتخاب کرسکتے ہیں۔

اس سلسلے میں مزید جن باتوں کا خیال رکھنے کی ضرورت ہے وہ یہ ہیں کہ آپ ساعتِ زحل شروع ہونے سے پہلے باوضو ہوکر ایک علیحدہ کمرے میں تمام ضروری سامان کے ساتھ بیٹھ جائیں، کچھ مٹھائی فاتحہ کے لیے ساتھ رکھیں عمدہ اور تیز خوشبو لباس میں لگائیں، زحل کی خوشبو عطرِ گِل ہے جسے لوگ عطر گُل سمجھتے ہیں، گُل کے معنی پھول کے ہیں جب کہ گِل مٹی کو کہتے ہیں، عطرِ گِل تجہیز و تکفین کے وقت استعمال ہوتا ہے لہٰذا وہیں سے ملے گا، دوسرا عطر خس ہے، یہ عام ملتا ہے اور موسمِ گرما کا عطر کہلاتا ہے، ان دونوں کے علاوہ بھی کوئی تیز خوشبو استعمال کی جاسکتی ہے، اگر زحل کے متعلقہ بخورات میعہ سائلہ، کالا دانہ، کالی مرچ، قرنفل وغیرہ میں سے کوئی چیز بھی نہ مل سکے اور بخور جلانا آپ کے لیے ممکن نہ ہو تو لوبان یا صندل کی اگربتی جلا کر کمرے کو معطر کرلیں، رجال الغیب کا خیال رکھیں کہ آپ نے جس سمت اپنا رُخ رکھا ہے وہ آپ کے سامنے تو نہیں آرہے، اس کے بعد 7 مرتبہ یا حافظُ یا حفیظُ یا رقیبُ یا قریبُ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کریں اور بسم اللہ پڑھ کر لوح تیار کرلیں بعد ازاں 99 مرتبہ دونوں آیات پڑھ کر نقش پر دم کردیں، مٹھائی پر فاتحہ دے کر اپنے کیے ہوئے کام میں تاثیر کے لیے اللہ سے دُعا کریں، لوح کو محفوظ کرلیں اور کسی بھی نوچندے ہفتے کو صبح سورج نکلنے کے بعد ایک گھنٹے کے اندر پہن لیں یعنی اپنے پاس رکھیں حسبِ توفیق صدقہ خیرات کریں، بہترین بات یہ ہوگی کہ 8 غریبوں کو کھانا کھلادیں یا کسی معذور اور سخت بیماری میں مبتلا انسان کی حسبِ توفیق مالی مدد کریں۔

خیال رہے کہ مندرجہ بالا دونوں نقوش طلسمی اثر رکھتے ہیں انہیں پاس رکھنے والا انشاء اللہ کبھی زحل کی نحوست کا شکار نہیں ہوگا، اُس پر کبھی کوئی

غالب نہیں آسکتا، وہی غالب رہے گا، کسی قسم کی بندش اور رکاوٹ اس کا راستہ نہیں روک سکتی، طلسم زحل تسخیر خلق اور جذب القلوب کی تاثیر بھی رکھتا ہے، اس کا حامل اگر کسی کے پاس اپنی حاجت لے کر جائے گا تو وہ انکار نہیں کر سکے گا، لوح زحل نورانی قبضہ واستحکام اور پائیداری کے لیے بھی مفید ہے اور زمین وجائیداد کے حصول میں بھی مددگار ثابت ہوگی، وہ لوگ جو برسوں سے اپنی ذاتی رہائش کے لیے کوشش کر رہے ہیں اور ناکام ہیں اس لوح کے حیرت انگیز فوائد محسوس کریں گے، پراپرٹی کا کام کرنے والوں یا پراپرٹی سے متعلق مقدمات میں پھنسے ہوئے لوگوں کے لیے بھی یہ لوح کامیابی وکامرانی کا باعث ہوگی۔

اصل طلسم زحل کے ساتھ سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 163 ہے جو تسخیر خلق اور جذب القلوب کے لیے یا مقدمات میں کامیابی اور دشمن سے تحفظ کے لیے اکسیر کا درجہ رکھتی ہے، ساتھ ہی وہ قول ربانی ہے جس سے غلبۂ عالم اور جاہ وحشم عیاں ہے۔ دائیں بائیں حروفِ نورانی ہیں جو سیارہ زحل سے منسوب ہیں یعنی الٓمٓ اور طٰسٓ، زحل کی مہر، مؤکل اور طلسم کے علاوہ اس لوح میں ثابت کوکب اسپیکا کا طلسم بھی موجود ہے، خیال رہے کہ اسپیکا کاروبار میں ترقی اور دولت کے حصول کے لیے مشہور ہے، مغرب میں اسپیکا کے طلسم کو خاص وقت میں کندہ کر کے کاروبار کی جگہ پر رکھا جاتا ہے۔

جیسا کہ ہم پہلے بھی بتا چکے ہیں کہ زحل کی دھات سیسہ ہے اور پتھر، سیاہ عقیق یا سنگِ حدید ہے لہٰذا ''لوح نورانی'' کو ان پر کندہ کرنا افضل ہے، اگر کسی انتہائی مجبوری کے تحت یہ ممکن نہ ہو سکے تو پھر عمدہ قسم کا سیاہ یا نیلا کاغذ لیں اور اُس پر نیلی یا کالی روشنائی سے دونوں نقوش اس طرح لکھیں کہ تہہ کرنے کے بعد دونوں ایک دوسرے پر چسپاں ہو جائیں، اس کے بعد تہہ کر کے تعویذ بنالیں اور چمڑے میں بند کرا کے بازو پر باندھیں یا گلے میں پہن لیں، انشاء اللہ یہ تعویذ بھی اپنا اثر دکھائے گا۔

> حضرت شاہ زنجانی اور ہم سے براہ راست یہ لوح سکّہ اور سیاہ عقیق پر حاصل کی جاسکتی ہے جو تمام اصول وقواعد عملیات کو مدنظر رکھ کر تیار کی جائے گی۔

الواح و طلسم زحل

اوج زحل کے لیے خصوصی روحانی تحائف

تقریباً29 سال بعد استاد زمانہ سیارہ زحل اپنے شرفی برج میزان سے گزر رہا ہے۔ظاہر ہے کہ یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے، عاملین اور جفار اس سعادت افروز وقت کا انتظار کرتے ہیں تا کہ زحل کی سعد قوتوں سے بھرپور فائدہ اٹھایا جاسکے۔ کیونکہ زحل ہی وہ ستارہ ہے جو زندگی کے تمام امور میں استحکام دیتا ہے۔قیام و بقا کے گہرے دائمی اثرات اس سے وابستہ ہیں۔اپنے ذاتی برج جدی، دلو اور برج اوج قوس کے بعد یہ اپنے شرف کے برج میزان میں اپنی مثبت قوتوں کا اظہار کرتا ہے۔

علماء جفر و نجوم فرماتے ہیں کے شرف زحل دراصل بادشاہوں کے لیے تسخیر سلطنت اور فتوحات کے سلسلے میں کام دیتا ہے۔اس کے سعد اثرات عام لوگوں کی زندگی میں حصول جائداد و زمین یا بقائے جائداد و زمین کے سلسلے میں معاون و مددگار ثابت ہوتے ہیں۔عام زندگی میں ایسے تمام امور جن میں قیام و استحکام کی ضرورت محسوس ہوتی ہے، سیارہ زحل کی سعادت اثری سے انجام پاتے ہیں۔ معاشی اور مالی استحکام ہو یا محبت اور شادی اور ازدواجی زندگی میں پائداری مقصود ہو الغرض بقائے دائمی کا کوئی بھی معاملہ ہو تو سیارہ زحل کے سعد اوقات میں کیے گئے اعمال موثر و مفید ثابت ہوتے ہیں۔

سیارہ زحل ایک برج میں ڈھائی سال قیام کرتا ہے اور بارہ بروج کا چکر تقریبا ساڑھے انتیس سال میں پورا کر لیتا ہے۔اس کے ناقص اثرات میں جو مخالف بروج میں قیام کے دوران میں یا نحس نظرات کے تحت ہوتے ہیں، جہالت، جھوٹ، غم و فکر، بغاوت، خراب صحبت، غرور و تکبر، زوال اور بربادی، رکاوٹیں اور پابندیاں شامل ہیں۔زحل کے نحس اوقات میں جو کام بھی کیا جائے اس کے مثبت اور فائدہ بخش نتائج سامنے نہیں آتے۔دائرہ بروج میں یہ قدیم نظریات کے تحت برج جدی اور برج دلو کا حاکم ہے۔ ہفتے کا دن سیارہ زحل کا دن کہلاتا ہے اور اس روز طلوع آفتاب کے وقت پہلی ساعت زحل کی ہوتی ہے۔

علمائے روحانیات کی تحقیق کے مطابق سیارہ زحل کے موکل علوی کا نام سیدنا کسفیائیل، مؤکل سفلی یا ارضی کا نام ابو نوح اور عون کا نام میمون سیاف السحابی ہے اور اسمائے حسنیٰ میں یا فتاح یا رزاق اس کا ورد ہیں۔ دونوں اسمائے الٰہی کے اعداد کا مجموعہ 797 ہے، ہم یہاں لوح زحل طبعی اور وضعی دونوں دے رہے ہیں۔

لوح اوج زحل طبعی

سیارہ زحل سے متعلقہ اعمال بے شمار ہیں۔علمائے مشرق نقش مربع یعنی 9 در 9 کو زحل سے منسوب کرتے ہیں، اس میں 81 خانے ہوتے ہیں جبکہ علمائے مغرب نقش مثلث کو زحل کا نقش قرار دیتے ہیں۔(واضح رہے کہ علمائے مشرق اور مغرب کی اصطلاح کا یہ مطلب نہیں ہے کہ مغرب سے مراد یورپ اور امریکا لیا جائے جیسا کہ آج کل رواج ہے۔ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ ابتدائے اسلام سے ہی یہ اصطلاح رائج ہے، ایشیائی ممالک کے اہل علم علمائے مشرق کہلائے اور افریقہ، اندلس (اسپین) کے اہل علم کو علمائے مغرب کہا گیا)۔ بہرحال دونوں کی تقلید ہمارے نزدیک جائز ہے۔ امام بونی ؒ کا شمار اگرچہ علمائے مشرق میں ہے مگر وہ بھی نقش مثلث کو زحل سے منسوب کرتے ہیں۔

اگر غور کیا جائے تو نقش مثلث اور مربع میں نہایت دلچسپ مماثلت موجود ہے۔9 در 9 کے 81 خانوں میں 9 مثلثیں چھپی ہوئی ہیں۔اس طرح مثلث کو نقش مربع سے علیحدہ نہیں کہا جاسکتا۔مثلث کو عام طور پر 15 کا نقش بھی کہا جاتا ہے جس میں 9 خانے ہوتے ہیں۔علمائے مشرق اسے سیارہ قمر سے منسوب کرتے ہیں اور علمائے مغرب کے نزدیک 9 در 9 کا نقش مربع قمر سے منسوب ہے۔مثلث کو نقش ''حوا'' بھی کہا جاتا ہے کیونکہ حوا کے اعداد ابجد قمری سے 15 ہیں۔نقش مثلث کی مساحت یعنی کل اعداد نقش کی میزان 45 ہے جو حضرت آدمؑ کے عدد ہیں۔اس کے علاوہ زحل کے عدد بھی 45 ہیں اور حضرت لوطؑ کے نام

مبارک کے اعداد بھی 45 ہیں۔

45 کے مرکب عدد سے مفرد عدد 9 برآمد ہوتا ہے اور 9 در 9 کے نقش مربع کے 81 خانوں کا مفرد عدد بھی 9 ہے جبکہ نقش کے ہر ضلع کی میزان 369 ہے اور مفرد عدد اس کا بھی 9 ہے۔ نقش کی مساحت 3321 ہے اور مفرد عدد 9 ہوگا۔ قصہ مختصر یہ کہ زحل کی "لوح طبعی" 9 در 9 کا نقش مربع ہے، جس کے خواص میں دشمنی اور تفرقے کا خاتمہ، امن و آشتی، اعلی افسران اور امراء حکام بالا وغیرہ سے تائید و حمایت یا حاجت روائی وغیرہ شامل ہیں۔ علمائے جفر کہتے ہیں کہ شرف زحل میں اس لوح طبعی کو سیسے کی تختی پر کندہ کرکے سرہانے رکھ کر سو جائے تو خواب میں مدفون خزانوں کی اطلاع مل سکتی ہے۔

شرف زحل کے موقع پر ہم زحل کی لوح طبعی موافق چال کے مطابق پہلی بار متعارف کروا رہے ہیں۔ اسے موثر اوقات میں تمام قواعد وضوابط کے مطابق سیسے کی دھات پر کندہ کیا جائے۔

۷۸۶

لمن الملک الیوم للہ الواحد القہار

۳۱	۳۶	۲۹	۷۶	۱۸	۷۴	۱۳	۱۸	۱۱
۳۰	۳۲	۳۴	۷۵	۷۷	۷۹	۱۲	۱۴	۱۶
۳۵	۲۸	۳۳	۸۰	۷۳	۷۸	۱۷	۱۰	۱۵
۲۲	۱۷	۲۰	۴۰	۴۵	۳۸	۵۸	۶۳	۵۶
۲۱	۲۳	۲۵	۳۹	۴۱	۴۳	۵۷	۵۹	۶۱
۲۶	۱۹	۲۴	۴۴	۳۷	۴۲	۶۲	۵۵	۶۰
۶۷	۷۲	۶۵	۴	۹	۲	۴۹	۵۴	۴۷
۶۶	۶۸	۷۰	۳	۵	۷	۴۸	۵۰	۵۲
۷۱	۶۴	۶۹	۸	۱	۶	۵۳	۴۶	۵۱

وضعی لوح اوج زحل

جیسا کہ ابتدا میں واضح کردیا گیا تھا کہ زحل کے منسوبی اسمائے الہی یا فتاح یا رزاق ہیں۔ ان کے اعداد کے مطابق اور لوح طبعی کی چال کو مدنظر رکھتے ہوئے وضعی لوح شرف زحل تیار کی جاسکتی ہے جو کہ مروج بھی ہے۔ ہمیں ذاتی طور پر جو طریقہ پسند ہے اور ہمارے طویل تجربے اور مشاہدے میں آیا ہے وہ "لوح حرفی" کا ہے یعنی دونوں اسمائے الہی کو بست حرفی کے بعد 9 در 9 کے نقش میں پُر کیا جائے۔ اس طرح یہ لوح مبارک عروج و ترقی اور بلند مقام و مرتبے کے حصول میں سریع التاثیر ثابت ہوتی ہے۔ حضرت کاش البرنی نے اسے "لوح عروج" لکھا ہے۔ ان لوگوں کے لیے خاص طور پر سفارش کی جاتی ہے جن کا ستارہ زحل ہے۔

ہمارے طریقہ کار کے مطابق مذکورہ اسمائے الہی کی لوح وضعی یہاں دی جارہی ہے اور نقش کی رفتار لوح طبعی کے مطابق ہوگی ساتھ ہی سیارہ زحل کی طلسمی لوح بھی دی جارہی ہے جو وضعی لوح کی پشت پر بنائی جائے گی۔ اس میں سیارہ زحل کی مہر، طلسم کے علاوہ ثابت کوکب اسپیکا کا نشان بھی موجود ہے، اس طرح یہ لوح اپنے فوائد میں بے بہا ثابت ہوگی، ہم اس کی تعریف میں زیادہ کچھ نہیں کہنا چاہتے، اہل نظر اس کی اہمیت اور افادیت کو خود سمجھ سکتے ہیں، مختصر یہ کہ یہ لوح ناکام زندگی کو کامیابیاں اور خوشیاں دینے کی پوری طرح اہل ہے۔

۷۸۶

ھو اللہ الرحمن الرحیم الملک القدوس

ق	ا	ز	ر	ال	ح	ا	ت	ف
ا	ق	ا	ز	ر	ال	ح	ا	ت
ز	ا	ق	ا	ز	ر	ال	ح	ا
ر	ز	ا	ق	ا	ز	ر	ال	ح
ال	ر	ز	ا	ق	ا	ز	ر	ال
ح	ال	ر	ز	ا	ق	ا	ز	ر
ا	ح	ال	ر	ز	ا	ق	ا	ز
ت	ا	ح	ال	ر	ز	ا	ق	ا
ف	ت	ا	ح	ال	ر	ز	ا	ق

ازتحریر: میاں جاوید اقبال، بدوملہی

اوج زحل

قارئین کرام! سال 2016ء کی ابتداء ہی ایک ایسے لمحات میں ہو رہی ہے جو کہ عرصہ ساڑھے 29 سال کے انتظار کے بعد آرہا ہے۔ سال 2016ء ابتداء سے لیکر آخر تک 3 مرتبہ اوج زحل اور ایک مرتبہ اوج مشتری کے اوقات دستیاب ہونگے ان مبارک ساعات میں فائدہ اُٹھانے کے مواقع موجود ہونگے۔ اس سے قبل 2011ء میں شرف زحل کا موقع ملا تھا۔ اور اکثر حضرات شک کی بناء پر مستفید نہ ہوسکے۔ لیکن اب 2011ء کے بعد 2016ء میں اوج زحل آرہا ہے۔ لیکن اب اگر یہ وقت ہاتھ سے نکل گیا تو دوبارہ ساڑھے 29 سال انتظار کرنا ہوں گے۔

اوجِ زحل:۔ سیارہ زحل کو برج قوس میں اوج کی سعادت نصیب ہوتی ہے۔ سال 2016ء میں 3 مرتبہ زحل اوج کی حالت میں رہے گا۔

اوقات اوجِ زحل

اول وقت 9 جنوری 9 بجکر 45 منٹ تا 19 جنوری 8 بجکر صفر منٹ

دوم وقت 6 اکتوبر 4 بجکر 10 منٹ تا 18 اکتوبر 2 بجکر 49 منٹ

اس کے بعد زحل کو اوج کی سعادت فروری 2045ء میں نصیب ہوگی۔ اور شرف 19 نومبر 2040ء میں ہوگا۔ اتنا طویل عرصہ انتظار کرنے کی بجائے ان دستیاب اوقات سے فیض یاب ہونا بھی بڑے نصیب کی بات ہے۔ وگرنہ انتظار میں 29 سال کا عرصہ درکار ہوگا۔

قارئین کرام! سیارہ زحل کے متعلق قارئین کی ایک کثیر تعداد جانتی ہوگی کیونکہ 2011ء سے اس پر ایک طویل بحث کی گئی ہے۔ شاید ہی کسی سیارہ کے متعلق کی گئی ہو۔ جتنی اس زمانہ میں زحل پر کی گئی ہے۔ فطری طور پر یہ ایک سفاک سیارہ مانا جاتا ہے۔ اور جب یہ کسی کی حالت کو تبدیل کرنے پر آتا ہے تو زیادہ وقت نہیں لیتا۔ منٹوں میں کسی کی کایا پلٹنے کی خاصیت رکھتا ہے۔ جب یہ کسی پر اپنی عنائیات نچھاور کرنے پر آتا ہے تو اُسے فقیر سے بادشاہ بنا دیتا ہے۔ اور بادشاہ کو فقیر بنا دیتا ہے۔ ماہرین علم نجوم کے مطابق ہر پیدا شدہ شخص پر ایک دور ضرور ایسا آتا ہے جسے ساڑھ ستی کہا جاتا ہے۔ خواہ اُس کے ابتدائی ایام ہوں یا درمیانی عمر میں یا پھر بعد میں یعنی ساڑھے انتیس (29,1/2) سال کے دور میں ساڑھے سات سال نحوستِ زحل کی زد میں ہوتا ہے جس کو ساڑھ ستی کہا جاتا ہے۔ یعنی 30 سال میں سے 22 سال اُس کے اچھے ہوتے ہیں اور ساڑھ سات میں نحوست کی حالت میں یہ ایک انسان کی حالت کو اتنا بدتر کر دیتا ہے کہ اُس کے ہر کام میں رکاوٹ، کاروبار تباہ، جس چیز کو ہاتھ لگاتا ہے وہ مٹی ہو جاتا ہے، حالات انتہائی خراب ہو جاتے ہیں۔ ازدواجی حالات میں بھی رخنہ ڈال دیتا ہے۔ حتیٰ کہ جدائی بھی واقع ہو جاتی ہے۔ حتیٰ کہ عدد 8 کا مالک یہ سیارہ انسان کو ایک خوشحال زندگی بسر کرتے کرتے زمین کے اندر دھنسا دیتا ہے۔

یہ سیارہ 8 اکتوبر 2005ء کو زلزلہ کی صورت میں اپنا کردار پیش کر چکا ہے۔ بلکہ 26 اکتوبر 2015ء کو بھی ایک مرتبہ پھر ہلا کر رکھ چکا ہے۔ یعنی 26 کا عدد بھی مفرد کریں تو 8 ہی بنتا ہے۔ زحل کو فطری طور پر سفاک، ظالم، تباہی و بربادی نفاق ڈالنے والا، موت کی علامت، شیرازہ بکھیرنے والا سیارہ کہا جاتا ہے۔ ہر انسان اسکی نحوست کی زد میں آکر رہتا ہے۔ خواہ وہ ابتدائی دور ہو یا پھر آخری! عروج یا کاروبار کے عروج یا اعلیٰ عہدہ یا پھر اعلیٰ مقام ملنے کی صورت میں اگر ساڑھ ستی میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ تو پھر یہ سب کچھ دنوں میں انسان کھو دیتا ہے، جما جمایا کاروبار ختم ہو کر رہ جاتا ہے۔ ملازمت کی صورت بہت خطرناک صورتحال پیش آسکتی ہے۔ یا پھر کوئی بڑا حادثہ پیش آسکتا ہے۔ اعلیٰ مقام سے انسان گراس روٹ لیول پر آجاتا ہے۔

قارئین کرام! اپنے مکمل تحفظ، کاروبار کے استحکام، ساڑھ ستی کی نحوست کے تحفظ کیلئے یہ ایک انمول تحفہ جو کہ مجرب اور سریع التاثیر ہے پیش کر رہا ہوں۔ ایک اچھے کاروبار، ذاتی تحفظ اعلیٰ مقام و مرتبہ، ہر قسم کی گراوٹ سے بچنے یعنی ایک خوشحال اور خوشگوار زندگی کیلئے یہ نہایت قیمتی اوقات ہیں اس سے آپ مستفید ہوسکتے ہیں اور اپنا ایک مکمل ہر قسم کا تحفظ کر سکتے ہیں۔ اس وقت کو دوبارہ پانے کیلئے ساڑھے 29 سال انتظار کرنا ہوگا۔

قارئین کرام! یہ لوح مبارکہ زحل کی تمام نحوستوں کو رد کرتے، روکنے اور ختم کرنے کی مکمل صلاحیت اور اہلیت رکھتی ہے۔ ان تمام امور کو استحکام دینے اور اُن سے مکمل تحفظ کیلئے یہ ایک انمول تحفہ ہے، جو کہ اللہ تبارک تعالیٰ کے چھ اسمائے قدوسی کی مکمل روحانیت زحل کی قوت کو اپنے اندر جذب کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ اور ساتھ میں نگینہ "نیلم" پر ورد کر کے پہننے سے سونے پر سہاگہ والی بات ہو جاتی ہے۔ یہ لوح مبارکہ خالص چاندی پر تیار کریں پہلی جانب اسمائے قدوسی اور دوسری جانب خاص طلسمات لکھنے سے انتہائی سریع التاثیر ہو جاتی ہے۔ اگر ساتھ میں نیلم پہن لیا جائے تو چند دنوں میں اس کے اثرات سامنے آجاتے ہیں۔

مثال لوح مبارکہ

پہلی جانب

چال نقش

عزیمت

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ اِنِیْ اَسئلُکَ بَاَسْمَائِکَ ھُوَ اللّٰہُ الرَّحمٰنِ الرَّحِیْمِ المَلِکُ الْقُدُّوس رَبِّ زِدنِی عِلْمَا وَّ رُزقاً وَ عِدَّۃً بِحَقِ مُحَمَّدٍ ﷺ وَ آلِ مُحَمَّدٍ بَرحَمتِکَ یَا اَرحَمَ الرَّاحِمِیْن

فوائد طلسمی لوح زحل اسمائے قدوسی

یہ وقت اُن لوگوں کیلئے نہایت قیمتی ہے جن پر یہ سب کچھ گزر رہا ہے۔ اور باقی اپنے اعلیٰ مقام کے مقدم اور استحکام کیلئے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ وہ اس کی شدت سے بچ سکتے ہیں۔

☆ وہ لوگ لوح کے ساتھ نگینہ نیلم پہن کر اس پر 1017 مرتبہ درج بالا عزیمت کا ورد کریں۔

☆ تمام قسم کی بندشوں رکاوٹوں، لڑائی جھگڑے اور دشمنوں پر غلبہ فتح و نصرت کے لئے اوڈر و خوف کے خاتمہ کے لئے اور پُر اعتماد زندگی کے لئے ایک بہت بڑا تحفہ ہے۔

☆ ہر قسم کی فتوحات، الیکشن میں کامیابی، اور خلقت میں ناموری یا وہ لوگ جن کے پاس پیسہ آتا ہے پر ٹھہرتا نہیں، حصول انعام حصول مال و دولت غیبی امداد کے متمنی لوگ اس کو اپنے گلے میں رکھیں۔

☆ مقدمہ میں کامیابی، وہ لوگ جو اپنی حیثیت کو مقدم رکھنا چاہتے ہیں جن کے اپنے مقام و عہدہ، وزرات جانے کا ڈر ہو ملازمت جانے کا ڈر ہو یا تنزلی کا ڈر ہو اس لوح کی برکت سے محفوظ رہیں گے۔

☆ خاص کر ایسے شادی شدہ جوڑے یا محبت کرنے والے تحفظ محبت اور آپس کی ناچاقیوں یا نوبت طلاق ہو اس لوح کی روحانیت سے قائم و دائم رہیں گے۔

☆ ایسے لوگ جو سالوں سے اپنی ترقی کی جستجو میں ہوں اعلیٰ مقام و ترقی اُن سے بہت دُور ہو۔ وہ اس عمل کے ذریعے اپنی منزل کو پا سکتے ہیں۔

تحفظ نحوست زحل کے دائمی (اپائے) روحانی تدارک

(1) سوموار طلوعِ آفتاب کے فوراً بعد باوضو ایک کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے سورۃ قمر کا خالی البطن نقش بنائیں۔ اعداد سورہ قمر: **120450**

۷۸۶

۳۰۱۱۱	۸۰۳۰۲	۱۰۰۳۷
۷۰۲۶۵	مجھے میری ماں کی دعا ہے	۵۰۱۸۵
۲۰۰۷۴	۴۰۱۴۸	۶۰۲۲۸
نام ماں بنت نام نانی لکھیں۔		

نقش دو نفل حاجت ادا کر کے باپرہیز گلے میں پہنیں یا پھر اپنے والٹ میں بھی رکھ سکتے ہیں۔

(2) مشہورِ زمانہ نقش پندریہ **(15)** لکھیں۔ یہ نقش اماں حوا سے منسوب ہے۔ جو سب کی ماں ہیں۔ اس نقش کی سوا لاکھ زکوٰۃ ادا کر دی جائے اور آتشی، خاکی، بادی، آبی چالوں کا استعمال سمجھ میں آ جائے تو یہ نقش دنیا کے ہر مقصد کے لیے کام آتا ہے۔ بروز منگل طلوعِ آفتاب کے فوراً بعد باوضو ایک کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے لکھیں۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

نام بمعہ والدہ مقصد لکھیں، باپرہیز پاس رکھیں یا رکھنے کے لیے دوسروں کو دے سکتے ہیں۔

(3) مشہورِ زمانہ نقش **(9)** کی انگوٹھی یا نقش لکھیں۔ یہ عدد جناب ''فاطمہ'' کے اعداد **135** کا مفرد ہے۔ یہ نمبر علم الاعداد میں سب نمبروں کا سردار نمبر ہے اور زحل کے نمبر 8 پر 9 کا ہندسہ بھاری ہے۔ تحفظ زحل کے لیے نقش 9 کا پہننا، پاس رکھنا مفید ہے۔ بشرطا اسے شرف مریخ یا پھر ساعت مریخ میں کندہ کریں۔ یہ ساعت ہر روز آتی ہے۔

۷۸۶

۹	۹	۹
۹	۹	۹
۹	۹	۹

(4) جو شخص ہر نماز کے بعد تسبیح فاطمہ علیہا السلام پڑھے۔ اس سے پہلے کہ اپنے پاؤں پھیلائے۔ اللہ اس کے لیے بہشت واجب کر دیتا ہے۔ **(فلاح السائل، ابن طاؤس، صفحہ 165)**

تسبیح فاطمہ سلام اللہ علیہا کی ترتیب یہ ہے:

34 مرتبہ اللہ اکبر، 33 مرتبہ الحمد للہ، 33 مرتبہ سبحان اللہ

اگر اس کے بعد صلوات پڑھیں تو بہت زیادہ ثواب ہے۔

تسبیح فاطمہ علیہا السلام کی اہمیت کے حوالہ سے ایک روایت میں امام جعفر صادقؑ کا ارشاد گرامی منقول ہے۔ آپؑ نے فرمایا:

''اذا شککت فی تسبیح فاطمة الزهراء علیها السلام فاعده''

جب تسبیح فاطمہ علیہا السلام کی تعداد میں شک ہو جائے تو اس کا اعادہ کرو۔

(5) جناب سیدہؑ کے نام باپرہیز لکھ کر پاس رکھیں۔ سب غم دور ہوں گے۔ باوضو مشک زعفران سے لکھیں۔ سیدہ فاطمہؑ فرماتی ہیں۔

کائنات کی سب سے افضل ماں فرماتی ہیں۔ میں اس کی بیٹی ہوں جو

میرے پروردگار سے اتنا قریب ہوا کہ اس کے اور رب کے درمیان قوسین سے بھی کم فاصلہ رہ گیا۔

سیّدہ عالم فاطمہ بنت النبی سلام اللہ علیہا کے القاب بہت زیادہ ہیں۔ ان میں سے پیش خدمت ہیں، جو مجھے معلوم ہیں۔

الزھراء، البتول، الحوراء، ام ابیھا، ام الأمة، ام المعصومین، ام الابرار، ام الاخیار، ام الانوار، بضعة الرسول، بھجة النبی، التقیة، الجلیة، حبیبة المصطفیٰ، حجاب اللّٰه، حجة اللّٰه، درة التوحید، الدعوة المستجابة، الراضیة، الرشیدة، ریحانة النبی، زجاجة الوحی، الزکیة، سماء الکواکب الدریة، سیّدة نساء العالمین، سیّدة نساء اھل الجنة، سیّدة نساء الامة، سیّدة نساء الاولین والآخرین، السیّدة، الشفیعة، الشمس المضیئة، الشھیدة، الصابرة، الصادقة، الصدیقة، الصدف الفخار، الصدیقة الکبریٰ، الطاھرة، المطھرة، العارفة، العالمة العالیة، العذراء، العروة الوثقیٰ، العفیفة، العقیلة، الفاضلة، الزاھدة، العابدة، القانعة، قرة عین الرسول، الکریمة، الکلمة الطیبة، الکوثر، الکوکب الدری، لیلة القدر، المبارکة، المبشرة، المتھجدة، المحدثة، المرضیة، الراضیة، مریم الکبریٰ، مشکوٰة الانوار، المضطھدة، المظلومة، المعصومة، المغصوبة، الممتحنة، المنصورة، محجة قلب المصطفیٰ، المیمونة، النبیلة، النوریة، المکرمة۔

سوموار طلوع آفتاب کے فوراً بعد باوضو ایک کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے لکھیں۔ اپنی ساعت قمر میں لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے گھر، آفس میں لگائیں۔ اپنے والٹ میں بھی باپرہیز رکھ سکتے ہیں۔

(6) مولا مشکل کشاء امام علیؑ فرماتے ہیں:

و انا ولد الحضات۔

میں پاکدامن ماؤں کا بیٹا ہوں۔

خاتونِ جنت سیّدہ فاطمہؑ فرماتی ہیں:

انا بنت الصالحات و المؤمنات۔

میں نیک صالح ماؤں کی بیٹی ہوں۔

زحل سے منسوب نمبر 8 ہے۔ آپ 8 مرتبہ 8 لکھیں اور ہر نمبر 8 میں علیؑ و فاطمہؑ لکھیں۔

اس کا روحانی فلسفہ یہ ہے کہ علیؑ کے نمبر	110
فاطمہؑ کے نمبر	135
	245

245 کا مفرد نمبر 2 بنتا ہے۔ جو چندر ماں (قمر) سے منسوب ہے۔ یہ نقش باپرہیز لکھ کر گلے میں پہن سکتے ہیں۔ سوموار طلوع آفتاب کے فوراً بعد باوضو ایک کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے لکھیں۔

(7) سورۃ کوثر اعداد (2745) پوری یا اس کا نقش لکھ کر باپرہیز پاس رکھنا نیک ہے۔

۷۸٦

۲۲۹	۱۸۳۸	٦۸۷
۱۱۴۵	یہاں تحفظ نحوستِ سیارگان نام بمعہ والدین لکھیں۔	۱٦۰۹
۱۳۸۰	۹۱٦	۴۵۸

سورۃ الکوثر آیت اِنّا اعطینک الکوثر یقیناً ہم نے آپ کو کوثر عطا کی۔ یہ آیت مبارک سیّدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کی شان میں اُتری۔ سوموار طلوع آفتاب کے فوراً بعد باوضو ایک کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے لکھیں۔

(8) آخری نقش محمدؐ علیؑ کا پیش خدمت ہے۔ یہ نقش اعداد 404 کا ہے جس کے مفرد نمبر 8 ہیں، جو زحل سے منسوب ہے۔

علیؑ

علیؑ	محمدؐ	علیؑ	محمدؐ
محمدؐ	علیؑ	محمدؐ	علیؑ
محمدؐ	علیؑ	محمدؐ	علیؑ
علیؑ	محمدؐ	علیؑ	محمدؐ

نقش لکھنے کی چال

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

(9) الحاج شہزادہ سیّد حافظ محسن علی زنجانی کا تیار کردہ تحفظ نحوست زحل کے لیے "لوح محفوظ" ادارہ سے تیار شدہ مفت بھی طلب کر سکتے ہیں۔ سوموار طلوعِ آفتاب کے فوراً بعد باوضو دو نفل تحفظ نحوست زحل ادا کر کے دعائیں کر کے گلے میں باپرہیز پہنیں۔

ازتحریر: صوفی مشتاق احمد چشتی صابری، لاہور

اعمالِ اوجِ زحل

کسی بلند جگہ پر بیٹھ جائیں اور بیٹھنے والی جگہ کو صاف کریں اور ایک دائرہ گول بنا لیں چاہے کسی لکڑی سے دائرہ بنائیں اور آپ درمیان دائرہ کے بیٹھ جائیں۔ یہ عمل کرنے سے پہلے شرائط کے مطابق غسل کریں اور کپڑے صاف پہن لیں اور ایک پارچہ سیاہ سر پر باندھ لیں اور زحل کا بخور جلائیں۔ مثلاً سیاہ دانہ جسے کلونجی کہتے ہیں اور آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیں تاکہ بلاؤں سے محفوظ رہیں اور اس دائرے کے درمیان میں بیٹھیں اور ایک قلم جو کہ دونوں طرف سے تراشا ہوا ہو۔ ساعت زحل سے شروع کریں اور ایک نقش مربع تیار کریں اور پہلے خانہ سے شروع کریں۔ قلم کے ایک سرا سے اور دوسرے خانہ کو قلم کے دوسرے سرے سے پُر کریں اور ہر خانے کی تحریر کے وقت اسم مؤکل یا طمسیال و یاطسمیال اور اپنے مقصود کو دل میں رکھیں۔ جس وقت یہ نقش مکمل ہو جائے تو دوشنبہ کو بعد از نماز فجر بخور زحل کا روشن کریں۔ اس نقش کو جو لوہے کی پتری ہو۔ اس میں نقش ابری دار میں پتری کو لپیٹ لیں اور اوپر کالے رنگ کا کپڑا جو سوتی ہو لپیٹ کر دائیں بازو پر باندھ لیں۔ اگر کسی عورت کے واسطے تیار کریں تو بائیں بازو پر باندھیں۔ تسخیر خلائق بے حد و حساب ہو گی اور تمام اعداد اس کریمہ کے یہ ہیں 16884 اور آیت **قل اللّٰھم مَالِكَ الملك تا** **بغیر حساب** اور قرآن پاک سے دیکھ کر اس پوری آیت کو نقش کے چاروں جانب تحریر کریں۔ مگر اُستادوں کی نصیحت ہے کہ نااہل اور جاہلوں سے اس عمل کو پوشیدہ رکھیں۔ ناجائز کے لیے یہ عمل نہ کریں۔ ایسا کرنے والے اپنے انجام کے خود ذمہ دار ہوں گے۔

حصولِ بزرگی

یہ عمل واسطے بزرگی پانے اور سردار ہونے ایک قوم کے یہ عمل بھی شرف زحل میں تیار کیا جائے گا اور آیت کریمہ تانبے کی تختی پر مربع میں پُر کریں۔ آیت کریمہ کے اعداد 10924 ہیں۔ یہ مربع آپ ایک کاغذ پر تیار کریں۔ تانبے کی تختی کے اوپر لپیٹ سکتے ہیں اور اوپر موم کافوری کی تہہ بنا دیں اور سیاہ رنگ کے پارچہ میں لپیٹ کر اپنی دائیں بغل میں دبا کر رکھیں اور سامنے مطلوب کے جاویں اور اس سے باتیں کریں۔ سامنے والا شخص آپ کا مطیع اور فرمانبردار ہو جائے گا اور آپ اپنی مراد کو پہنچیں گے اور صورت نقش یہ ہے:

۱۱۰۳	۵۸۱۰	۱۹۰۸	۲۱۰۳
ان الذین لیابعونك انما	یبالعون ید الله فوق ایدیهم	فمن نکث فانما ینکث علی نفسه ومن اوفی	بما عاهد علیه الله فیسؤتیه اجرا عظیما
۱۹۰۹	۲۱۰۲	۱۱۰۴	۵۸۰۹
۲۱۰۱	۱۹۰۶	۵۸۱۲	۱۱۰۵
۵۸۱۱	۱۱۰۶	۲۱۰۰	۱۹۰۷

اور دوسری ترکیب یہ ہے کہ اگر کوئی مقدمہ عدالت کا ہو اور حاکم کے پیش ہونا ہو تو اس نقش کو اس مذکورہ بالا طریقہ سے اپنی بغل میں دبا کر حاکم کے سامنے پیش ہو کر گفتگو کرے، انشاء اللہ غالب ہو گا چاہے کوئی ہی مقدمہ کیوں نہ ہو، بری ہو گا۔ نقش مربع ذوالکتابہ بنانا ہے یا کسی باعمل عامل یا شاہ صاحب سے بنوائیں۔ ناجائز کی ہرگز اجازت نہیں ہے۔ آخر میں مجھ گنہگار اور شاہ زنجانی صاحب اور ماہنامہ آئینہ قسمت کے پورے عملہ کے حق میں دعائے خیر فرمائیں۔ عمل مذکورہ بالا چھوٹے ضرور ہیں لیکن ہیں بڑے پائیدار اور کام کی چیز ہے۔

ستارہ زحل جب گردش کرتا ہوا برج قوس کے 13 درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے اوج حاصل ہوتا ہے۔ یہ وقت تقریباً 29 سال بعد آتا ہے۔ وہ خوش نصیب لوگ ہوں گے۔ جو اِس مبارک وقت سے روحانی فائدہ اُٹھائیں گے۔ اِس مبارک وقت میں اپنے خاص الخاص طلسمات لیکر حاضر ہوا ہوں۔ جو بھی مکمل لوازمات کے ساتھ تیار کریں گے وہ فائدہ اُٹھائیں گے۔ اوج زحل کا مبارک ماہ جنوری 2016ء میں آرہا ہے۔ خصوصی طلسمات پیش کرتا ہوں جو یہ ہیں:۔

طلسم تسخیر و محبت:۔ یہ طلسم تیار کرنے کے بعد یہ وظیفہ یعنی "لا الہ اِلا اللہ مُحمّد رسول اللہ بحق یاودود یا عزیز یا مطیع" 1100 بار پڑھ کر دم کرنا ہے اِسی طرح مسلسل 11 روز تک کرنا ہے اور ستارہ زحل کے صدقات دیکر اپنے پاس رکھ لیں۔ اور وظیفہ 11 بار اوّل و آخر، 11 بار درود شریف کے ساتھ پڑھتے رہیں۔ طلسم یہ ہے:۔

طلسم حصولِ انعام:۔ شائقین انعامی اسکیموں کے لئے طلسم خاص حصول انعام اوج زحل پر پیش کر رہا ہوں۔ جن لوگوں کے انعامات نہیں لگتے ہیں۔ ان کو یہ طلسم بے انتہاء فائدہ دے گا۔ طریقہ یہ ہے کہ ساعت زحل میں مشک و زعفران سے سفید کاغذ پر طلسم حصول انعام بنا کر نیاز دینی ہے۔ اور 350 روپے کی نیاز چہاردہ معصومین علیہ السلام روزانہ سات یوم تک دینی ہے۔ اور عبارتِ عمل بھی ساتھ 500 بار پڑھ کر طلسم پر دم کرنا ہے۔ یہ طلسم آپ مختلف انعامی اسکیموں میں استعمال کر سکتے ہیں۔ جب انعامی اسکیم میں نمبرز کی ضرورت ہو تو رات سونے سے پہلے طلسم خاص اپنے پاس رکھیں اور وظیفہ نماز عشاء کے بعد 500 بار پڑھ کر اسی کمرہ میں سو جائیں۔ اسی طرح 3 تا 7 رات کریں۔ انشاء اللہ خواب میں نمبر زل جائیں گے۔ وہ خود ہی خریدلیں کسی اور کو نہ بتائیں۔

عبارت عمل یہ ہے:

رجب یا جبرائیل یا میکائیل یا اسرافیل یا عزرائیل بحق یا فتاح یا رزاق یا ھو

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ جنوری 2016ء

آسمانی کونسل میں نظرات سیارگان کی عملیات وتعویذات کی تیاری میں ایسی ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، مثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔

قارئین آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے اِس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی اِبتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بن عملیات میں شامل کر کے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کردی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی مؤثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری 2016ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر بھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز اجالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظامؑ اور اولیاء کرامؒ پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کر کے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 01`09`16`24	جنوب مغرب 02`10`17`25	جنوب 03`11`18`26	مغرب 04`12`19`27
شمال مغرب 05`13`20`00	شمال مشرق 06`00`21`28	مشرق 07`14`22`29	شمال 08`15`23`30

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اَلسَّلَامُ عَلَيۡكُمۡ يَارِجَالُ الۡغَيۡبِ وَيَا اَرۡوَاحُ الۡمُقَدَّسَة اَعِيۡنُوۡنِيۡ بِقُوَّةٍ وَّ نُظُرُوۡنِيۡ بِنَظۡرَةٍ يَا رُقَبَاء يَا نُقَبَاء يَا نُجَبَاء يَا اَبۡدَال يَا اَوۡتَاد يَا قُطۡب يَا غَوۡث اَعِيۡنُوۡنِيۡ بِحُرۡمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمۡ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ اَجۡمَعِيۡن

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین وقارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہرحال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے 6 کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ کوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے۔

شمار	پہلی								دوسری								تیسری						چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

تربیع عطارد مریخ: اس نحس وقت کی ابتداء 27 دسمبر 15 بجکر 4 منٹ، تکمیل نظر 5 جنوری 16 بجکر 22 منٹ اور خاتمہ نظر 6 جنوری 12 بجکر 22 منٹ پر ہوگا۔ دشمنوں کو ویران، پریشان کرنے کے لیے ساعت مریخ میں سورۃ کوثر کا خالی البطن نقش لکھ کر احاطہ قبور میں دفنائیں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۶۸۷	۱۸۳۸	۲۲۹
۱۶۰۹	یہاں مقصد لکھیں	۱۱۴۵
۴۵۸	۹۱۶	۱۳۸۰

قران زہرہ زحل: اس سعد وقت کی ابتداء 8 جنوری 11 بجکر 41 منٹ، تکمیل نظر 9 جنوری 9 بجکر 10 منٹ اور خاتمہ نظر 9 جنوری 19 بجکر 54 منٹ پر ہوگا۔ محبت، شادی، دوستی، نکاح کے لیے آیاتِ محبت کے نقش لکھنے نیک ہیں۔ دیگر سورۃ یوسف کے خالی البطن نقش سے بھی فیض یاب ہوسکتے ہیں۔

۷۸۶		
۱۲۵۹۹۴	۳۳۵۹۸۸	۴۱۹۹۸
۲۹۳۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۰۹۹۹۰
۸۳۹۹۶	۱۶۷۹۹۲	۲۵۱۹۹۲

تثلیث شمس مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 13 جنوری 4 بجکر 38 منٹ، تکمیل نظر 14 جنوری 3 بجکر 48 منٹ اور خاتمہ نظر 15 جنوری 2 بجکر 53 منٹ پر ہوگا۔ ترقی، حصولِ دولت و انعامات، غرض ہر نیک مقصد کے لیے ساعت مشتری میں سورۃ مزمل کے خالی البطن نقش کو رکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۱۷۱۹۰	۴۵۸۴۶	۵۷۳۰
۴۰۱۱۶	یہاں مقصد لکھیں	۲۸۶۵۰
۱۱۴۶۰	۲۳۹۲۰	۳۴۳۸۶

قران شمس عطارد: اس سعد وقت کی ابتداء 14 جنوری 8 بجکر 46 منٹ، تکمیل نظر 14 جنوری 19 بجکر 3 منٹ اور خاتمہ نظر 15 جنوری صفر بجکر 11 منٹ پر ہوگا۔ طلبہ، اساتذہ یا پرائز بانڈز کے نمبرز نکالنے والے دوست اسمائے عظائم کا نقش بنا کر پاس رکھیں۔ تخلیقی صلاحیتیں بڑھیں گی۔ سورۃ طٰہٰ کی آیت کا نقش درج ذیل ہے۔

چال نقش		
۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

۷۸۶		
علماً	رب	زدنی
رب	زدنی	علماً
زدنی	علماً	رب

تثلیث عطارد مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 14 جنوری 12 بجکر 47 منٹ، تکمیل نظر 15 جنوری 7 بجکر 15 منٹ اور خاتمہ نظر 16 جنوری 1 بجکر 55 منٹ پر ہوگا۔ برائے ترقی علوم و کاروبار، کشادگی رزق کے لیے اسمائے حسنیٰ کا نقش مشتری میں بنا کر پاس رکھ سکتے ہیں۔

۷۸۶			
۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

۷۸۶			
یاشکور	یارزاق	یاعلیم	یااللہ
یااللہ	یاعلیم	یارزاق	یاشکور
یارزاق	یاشکور	یااللہ	یاعلیم
یاعلیم	یااللہ	یاشکور	یارزاق

تربیع زہرہ مشتری: اس نحس وقت کی ابتداء 17 جنوری 15 بجکر 4 منٹ، تکمیل نظر 18 جنوری 10 بجکر 9 منٹ اور خاتمہ نظر 18 جنوری 19 بجکر 41 منٹ پر ہوگا۔ ناجائز محبت اور نفاق کے لیے ضروری ہو تو سورۃ مائدہ کا یہ عمل کالی سیاہی سے لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں۔

نوٹ: جو بہن بھائی خود یہ اعمال نہ کر سکیں۔ وہ شاہ زنجانی سے رجوع کریں۔

رحمکاریہ جفر
اوج زحل

ازتحریر: سیّد شعیب الرحمٰن شاہ، ایبٹ آباد

اوج زحل میں اکثر عاملین جفر ایسے عملیات کیا کرتے ہیں جو فراخی رزق، ترقی مرتبہ، ترقی دولت کیلئے پُرتاثیر ہوتے ہیں۔ اس وقت کی مناسبت سے آئینہ قسمت کی نظر ایک طلسم کرتا ہوں۔ اُمید ہے کہ سب کو پسند آئیگا۔ عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے:۔

نمبر 1 سورۃ توبہ	اعداد
قمری ملفوظی	9901944
طالب شعیب الرحمٰن اعداد	712
کل اعداد	9902656
تفریق	6390
باقی	9896266

تقسیم	4
حاصل تقسیم	2474066
باقی	2

تو خانہ نمبر 9 میں 1 کا اضافہ حاصل تقسیم کو خانہ نمبر 1 سے نمبر 16 تک ہر خانہ میں 213 کا اضافہ کریں اور ساتھ میں اسمِ اعظم یَا بَارِیُ کا ورد بھی کرنا ہے۔ یعنی خانہ نمبر 1 سے خانہ نمبر 16 تک ہر خانہ میں 213 کا اضافہ کرنا ہے یہ علم الجفر کا معجزہ ہے اسے ضرور آزمائیں۔

اَللّٰہُ لِلّٰہُ لَہٗ ھُوَ علیؑ فاطمہؑ

	۸	۱۱	۱۴	۱	واجد
حسینؑ	۱۳	۲	۷	۱۲	ماجد
حسینؑ	۳	۱۶	۹	۶	عاقب
	۱۰	۵	۴	۱۵	

محمد احمد حامد محمود صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

رحمکاریہ جفر 14 ستمبر 7 بجکر 37 منٹ تا 18 ستمبر 23 بجکر 12 منٹ

اوج مشتری اوج زحل

اوج مشتری اوج زحل میں لوح تسخیر سلطنت پیش کرتا ہوں۔ یہ لوح صرف خواتین و حضرات جنکی شادی نہ ہوتی ہو، یا بیمار رہتے ہوں، انکی زندگی عذاب ہو چکی ہو، یا معاشرے میں عزت نہ ہو۔ تو یہ لوح کامیابی کی ضمانت بنے گی۔ عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے:۔

نمبر 1 آیت قطب شمالی باموکل

اعداد قمری	40665
مقصد تسخیر خلق	2000
طالب معہ والدہ	1799
کل اعداد	44464
تفریق	17490
باقی	26974
تقسیم	4
باقی	2

تو خانہ نمبر 9 یں 1 کا اضافہ حاصل تقسیم 6743 کو خانہ نمبر 1 سے نمبر 16 تک 583 کا اضافہ کرنا ہے۔ یہ اعداد پنجتن پاکؑ کے ہیں۔ میزان چاروں اطراف سے درست آئیگی میں ہر قاری کو دعوت دیتا ہوں کہ اس عمل سے فائدہ اُٹھائیں۔

علیؑ	صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۷۸۶		مُحمد
۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵
حسینؑ	حضرت ابو عبداللہ امام حسینؑ		فاطمہؑ

رحمکاریہ جفر اوج زحل
دعوت حروف ظُلمانی

اوج زحل 2016ء اور اوج مشتری 2016ء میں دعوت حروف ظلمانی کیساتھ حاضر ہوں۔ حروف ظلمانی کی برکت سے دشمن پر غم وفکر کی آندھیاں چلتی ہیں اسی اوج کے دُوران اِن حروف کو (15000) مرتبہ لکھیں۔ اسکے ساتھ روزانہ (1500) مرتبہ دُرود ابراہیمیؑ پڑھنا ہے۔ اس عمل کے مؤکل حاضر ہوکر کم کرتے ہیں۔ اس میں ایک بوڑھا مرد مؤکل کی شکل بلایا ہے۔ آپ جواب دیں۔ آپ سے کوئی کام نہیں۔ اسکے ہاتھ میں دو گلاس ہونگے ایک گلاس شربت کا ہوگا۔ دوسرا گلاس کڑوا پانی ہوگا۔ اگر شربت کا پانی پیا تو حروف ظلمانی سے نیک کام لئے جائیں گے۔ اگر کڑوا پانی پیا تو حروف ظلمانی سے تباہی بربادی کے کام لئے جائیں گے۔ زکات کے دُوران آیت الکرسی اور چار قل کا حصار کریں۔

رحمکاریہ جفر
اوج مشتری اوج زحل

اوج مشتری اوج زحل میں (12) بروج کے طلسمات بنائے جاتے ہیں برج حمل کے طلسم کیساتھ حاضر ہوں۔ برج حمل والے لوگ اکثر سحر جادو، آسیب، پری، بھوت، چڑیل سے پریشان رہتے ہیں۔ آپکے لئے یہ لوح کامیابی کی ضمانت بنے گی۔ عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے:۔

نمبر1 سورۃ قؔ

اعداد قمری	109736
مقصد سحر جادو سے تحفظ سورہ عبس	
اعداد قمری	51314
طالب شعیب الرحمٰن شاہ اعداد = قمری	712
کل اعداد	161762
تفریق	5100
باقی	156662
تقسیم	4
باقی	2

تو خانہ نمبر 9 میں 1 کا اضافہ حاصل تقسیم 39165 کو خانہ نمبر 1 سے نمبر 16 تک یہ خانہ میں 170 کا اضافہ کریں اور ساتھ میں اسم اعظم یَا قدوّس کا ورد کریں۔ اس طریقہ سے میزان چاروں اطراف سے درست آئیگی۔ یہ الہامات جفر کا معجزہ ہے۔ اسے ضرور آزمائیں۔ آخر میں مجھ گنہگار سیّد شعیب الرحمٰن شاہ اور عامل شاہ زنجانی صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

طلسمات زحل آئینہ قسمت کی نظر کرتا ہوں۔ یہ طلسمات ہوائی مخلوق، آسیب، پری، بھوت، چڑیل، سحر جادو سے تحفظ، ہمزاد اور ارواح سے تحفظ کے لیے پُر تاثیر ہے۔ یہ طلسم خاص چاندی پر یا خالص گولڈن کاغذ پر سرخ سیاہی سے لکھیں۔ جب یہ تیار ہو جائے تو اس پر 110 مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھ کر دم کریں۔ اس کا ثواب حضرت فاطمہ زہرہؑ کو بخشیں۔ یہ طلسم اگر خود تیار نہ کر سکیں تو مجھ سے یا براہِ راست شاہ زنجانی صاحب سے تیار کروائیں۔ یہ طلسمات میرے والد بزرگ کی کتاب مقطعات نورانی جفر جامع جدید سے لے کر حاضر ہوں اور شاہ زنجانی صاحب اور شہزادوں کے لیے دعائے خیر فرمائیں۔

لا الٰہ الا اللّٰہ

سورۃ نوح آیات نمبر ۱۰، ۱۱ لکھیں

محمد رسول اللّٰہ

بحق حضرت ابو عبداللّٰہ امام حسین علیہ السلام
فلاں ابن فلاں نحوست کل کائنات دفع شو

۷۸۶

مولانا عبدالصمد گیلانی کا ایک خاص جفری عمل لکھتا ہوں۔ عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

(1) سورۃ آل عمران اعداد قمری ملفوظی: 3329208

(2) مقصد اسم اعظم یا رَزّاقُ اعداد: 308

(3) طالب شعیب الرحمٰن: 712

کل اعداد: 3330228

تفریق: 73980 باقی: 3256248

تقسیم: 5 باقی: 3

تو خانہ نمبر 11 میں 1 کا اضافہ حاصل تقسیم: 651249

تو خانہ نمبر 1 سے نمبر 25 تک ہر خانہ میں 1233 کا اضافہ کریں اور ساتھ میں اسم اعظم اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا کا ورد کریں۔ اس طرح سے میزان چاروں اطراف سے درست آئے گی۔ یہ لوح خالص گولڈن کاغذ پر تیار کر کے پاس رکھیں۔ پھر روزانہ 313 مرتبہ درود شریف (درودِ ابراہیمیؑ) پڑھیں اور آلِ عمران کے خاندان کو بخش دیا کریں۔ اس لوح کی برکات ہزاروں ہیں۔ یہ وقت بہت سعادت اور پر تاثیر ہے۔ اس کو ضائع نہ کریں۔ اللہ پاک آپ سب کو برکت دیں۔ آخر میں مجھ گنہگار سیّد شعیب الرحمٰن شاہ اور عامل شاہ زنجانی صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔

حضرت فاطمہ علیہ السلام حضرت ابو عبداللّٰہ امام

حضرت ابومحمد امام حسین علیہ السلام					حسین علیہ السلام حضرت علی علیہ السلام
	۱۴	۱۰	۱	۲۲	۱۸
	۲۰	۱۱	۷	۳	۲۴
	۲۱	۱۷	۱۳	۹	۵
	۲	۲۳	۱۹	۱۵	۶
	۸	۴	۲۵	۱۶	۱۲

ابتداء 13 جنوری 4 بجکر 38 منٹ مکمل نظر 14 جنوری 3 بجکر 48 منٹ، خاتمہ 15 جنوری 2 بجکر 53 منٹ

تسخیر خلق/ رجوع خلق/ حصول مال اور انعامی بانڈ کے ذریعے دولت حاصل کریں۔ یہ تثلیث ان لوگوں کو فائدہ دے گی جو تسخیر خلق چاہتے ہوں بالخصوص وکیل، ڈاکٹر اور دوکاندار حضرات اور وہ لوگ جن کا تعلق خلق خدا سے ہے۔ وہ حضرات ضرور یہ عمل کریں جو بانڈ اور بانڈ نمبر کے ذریعے دولت کا حصول چاہتے ہوں۔ دوکاندار جن کا کاروبار نہیں چلتا اور مال فروخت نہیں ہوتا۔ یا وہ لوگ جو مالی لحاظ سے کمزور ہوں اس عمل کے ذریعے ترقی یا منافع یا انعامات کا حصول ممکن ہے۔

ضروریات

1۔ چاندی کی لوح بوزن 15 ماشہ

2۔ بخور، صندل سرخ، عود بقدر ضرورت

عمل:۔ بوقت نظر لوح پر ایک مخمس کندہ کریں اس کے کل اعداد 958 ہیں۔ لوح کے اوپر یَامَجِیْدُ رَفِیعُ نعم اَلنَّصِیْر لکھیں لوح کے نیچے وکفیٰ بِاللّٰہِ شَھِیداً محمد رسول اللّٰہ لکھیں۔ نیچے یَا حتَطَائیلُ لکھیں۔ اب پشت لوح پر ایک مربع نقش لکھیں جو دو اسم الٰہی یَارَحمٰنُ یَامُنعِمُ کا ہو۔ اس کے اعداد 498 ہیں۔ اس کے نیچے یَاحَصْتَائیلِ لکھے اور مختصر مقصد لکھیں۔

یہ لوح کاغذ پر بھی بنائی جا سکتی ہے۔ کاغذ پر دونقوش ایک طرف ہی لکھیں۔ چاندی پر یک نقش سامنے ایک پیچھے لکھیں۔ سفید یا زرد ریشمی کپڑے میں سی کر بازو پر باندھیں۔ یا گلے میں لٹکائیں۔ حسب توفیق صدقہ یا خیرات ضرور ادا کریں۔ بلا تعداد اسم اعظم یَارَحمٰنُ یَامُنعِمُ کا ورد کریں۔ سال کے اندر اندر اللہ نے چاہا تو آسودہ حال ہو جائیں گے۔

کاغذ پر لوح بنانے کے لئے زعفران، امبر اور عرق گلاب کا استعمال کریں۔

چاندی اور کاغذ کی الواح مثالیں پیش ہیں۔

سامنے

۷۸۶

قولہٗ یَامَجِیدُ رَفِیعُ نعم اَلنُّصِیر الحق

بَفضَل	الله	مَایَشاءُ	وَبَحکم	مایرید
۳۵۴	۸۵	۲۶۱	۱۹۱	۶۷
۲۶۲	۱۹۲	۶۸	۳۵۵	۸۱
۶۹	۳۵۱	۸۲	۲۶۳	۱۹۳
۸۳	۲۶۴	۱۹۴	۶۵	۳۵۲

وَکفٰی بِاللّٰہِ شھیداً مُحَمّد رسول اللّٰہ

یَاحتطائیلُ

پیچھے

۷۸۶

قولہٗ یَارَحمٰنُ یَامُنعِمُ الحق

۱۱۷	۱۳۰	۱۲۷	۱۲۴
۱۲۸	۱۲۳	۱۱۸	۱۲۹
۱۲۲	۱۲۵	۱۳۲	۱۱۹
۱۳۱	۱۲۰	۱۲۱	۱۲۶

یَارَحمٰنُ یَامُنعِمُ

یَاحَعتَائیلُ

مقصد..

خواص سورۃ معارج جس شخص کو جسمانی کمزوری بہت ہوتی ہو آٹھ مرتبہ سورۃ معارج کو پڑھے یا اس سورۃ کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے اس کے کل اعداد 73525 ہیں اور چال خانہ پنجم میں ہے نقش یہ ہے:۔

۷۸۶

۱۸۳۸۱	۱۸۳۸۴	۱۸۳۸۷	۱۸۳۷۳
۱۸۳۸۶	۱۸۳۷۴	۱۸۳۸۰	۱۸۳۸۵
۱۸۳۷۵	۱۸۳۸۹	۱۸۳۸۲	۱۸۳۷۹
۱۸۳۸۳	۱۸۳۷۸	۱۸۳۷۶	۱۸۳۸۸

خواص سورہ نوح جب کسی کو دشمن ایذا دے اور اس کا دفع کرنا ممکن نہ ہو ہزار بار سورہ نوح پڑھے دشمن دفع ہوگا اور اگر نقش اس کا اپنے پاس رکھے اعدا پر ظفریاب رہے گا۔ اس کے کل اعداد 74314 ہیں۔ نقش یہ ہے:۔

۷۸۶

۱۸۵۷۸	۱۸۵۸۱	۱۸۵۸۴	۱۸۵۷۱
۱۸۵۸۳	۱۸۵۷۲	۱۸۵۷۷	۱۸۵۸۲
۱۸۵۷۳	۱۸۵۸۶	۱۸۵۷۹	۱۸۵۷۶
۱۸۵۸۰	۱۸۵۷۵	۱۸۵۷۴	۱۸۵۸۵

خواص سورہ جن واسطے تسخیر جن یا پری کے سات بار سورہ جن پڑھے یا ایک ہزار سات نقش لکھے جن و پری مسخر ہوں اس کے کل اعداد 60633 ہیں۔ نقش یہ ہے:۔

۷۸۶

۲۰۲۱۲	۲۰۲۰۷	۲۰۲۱۴
۲۰۲۰۳	۲۰۲۱۱	۲۰۲۰۹
۲۰۲۰۸	۲۰۲۱۵	۲۰۲۱۰

خواص سورہ مزمل جو کوئی سورہ مزمل کا ورد کرے زیرت سیّد کائنات ﷺ سے مشرف ہو اور جس مشکل کے آسان ہونے کے لئے پڑھے مشکل آسان ہو۔ اگر نقش لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے بفضل خدا تعالیٰ اچھا ہو۔ اس کے کل اعداد 18466 ہیں۔ نقش یہ ہے:۔

۷۸۶

۲۲۸۲۳	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۵
۲۲۸۲۴	۲۲۸۲۲	۲۲۸۲۰
۲۲۸۱۹	۲۲۸۲۶	۲۲۸۲۱

خواص سورہ مدثر جو کوئی محتاج ہو اس سورہ کا ورد کرے امیر ہو جائے اگر لڑائی پر جائے نقش اس کا اپنے پاس رکھے دشمنوں پر غالب ہو۔

۷۸۶

۳۰۷۸۶	۳۰۷۸۱	۳۰۷۸۸
۳۰۷۸۷	۳۰۷۸۵	۳۰۷۸۳
۳۰۷۸۲	۳۰۷۸۹	۳۰۷۸۴

خواص سورہ الناس واسطے دفع ہونے سحر کے سورہ ناس سو بار پڑھے اور نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ اس نقش کے کل اعداد 5296 ہیں اور چال خانہ نہم میں ہے۔ نقش یہ ہے:۔

۷۸۶

۱۳۲۳	۱۳۲۷	۱۳۳۰	۱۳۱۶
۱۳۲۹	۱۳۱۷	۱۳۲۲	۱۳۲۸
۱۳۱۸	۱۳۳۲	۱۳۲۵	۱۳۲۱
۱۳۲۶	۱۳۲۰	۱۳۱۹	۱۳۳۱

خواص سورہ نبا جس شخص کو ضعفِ بصارت ہو وہ سورہ نبا کو پڑھے روشنی زیادہ ہوگی اور نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ایک گھول کر روز پئے اور آنکھوں پر لگائے۔اس کے کل اعداد 5665 ہیں۔نقش یہ ہے:۔

۷۸۶

۱۷۵۵۳	۱۷۵۴۸	۱۷۵۵۵
۱۷۵۵۴	۱۷۵۵۲	۱۷۵۵۰
۱۷۵۴۹	۱۷۵۵۶	۱۷۵۵۱

خواص سورہ لقمان واسطے ہر بیماری کے تین بار سورہ لقمان پڑھے بیمار اچھا ہو جائے قاضی عیاض نے لکھا ہے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے گا دریا میں غرق نہ ہوگا اگر کسی کے شکم میں درد ہو نقش سورہ لقمان کا لکھ کر پیٹ پر باندھے۔اس کے اعداد 159000 ہیں۔نقش یہ ہے:۔

۷۸۶

۵۳۰۰۱	۵۲۹۹۶	۵۳۰۰۳
۵۲۰۰۲	۵۳۰۰۰	۵۲۹۹۸
۵۲۹۹۷	۵۳۰۰۴	۵۲۹۹۹

خواص سورہ سجدہ سات بار سورہ سجدہ کو پڑھ کر بیمار پر دم کرے یا مشک وزعفران سے لکھ کر پلا دے بیمار اچھا ہو جائے اگر کسی کو جذام یا دق ہو اس سورۃ کا نقش اپنے پاس رکھے باذنِ اللہ تعالیٰ شفا پائے۔اس کے کل اعداد 113332 ہیں۔اور چال خانہ نہم میں ہے۔نقش یہ ہے:۔

۷۸۶

۲۸۳۳۲	۲۸۳۳۶	۲۸۳۳۹	۲۸۳۲۵
۲۸۳۳۸	۲۸۳۲۶	۲۸۳۳۱	۲۸۳۳۷
۲۸۳۲۷	۲۸۳۴۰	۲۸۳۳۴	۲۸۳۳۰
۲۸۳۳۵	۲۸۳۲۹	۲۸۳۲۸	۲۸۳۴۰

خواص سورہ احزاب اگر کوئی شخص آپ پر ظلم وتعدی کرتا ہو سورہ احزاب کو سات بار پڑھے اس کے ظلم سے نجات ملے گی اور دشمن اس کا مطیع ہو جائے گا اور اگر کسی لڑکے یا لڑکی کا نکاح نہ ہوتا ہو تو اس سورہ کا نقش لکھ کر اس کے بازو پر باندھے۔اس کے کل اعداد 355258 ہیں۔نقش یہ ہے:۔

۷۸۶

۸۸۸۱۴	۸۸۸۱۷	۸۸۸۲۰	۸۸۸۰۷
۸۸۸۱۹	۸۸۸۰۸	۸۸۸۱۳	۸۸۸۱۸
۸۸۸۰۹	۸۸۸۲۲	۸۸۸۱۵	۸۸۸۱۲
۸۸۸۱۶	۸۸۸۱۱	۸۸۸۱۰	۸۸۸۲۱

خواص سورہ اعلیٰ جب کوئی سفر میں جانے کا ارادہ کرے سورہ اعلیٰ تین بار پڑھے راہ میں جمیع آفات سے بچے اور نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے صحیح وسلامت اپنے گھر آئے اس کے کل اعداد 17704 ہیں اور چال خانہ نہم میں ہے۔نقش یہ ہے:۔

۷۸۶

۴۴۲۵	۴۴۲۹	۴۴۳۲	۴۴۱۸
۴۴۳۱	۴۴۱۹	۴۴۲۴	۴۴۳۰
۴۴۲۰	۴۴۳۴	۴۴۲۷	۴۴۲۳
۴۴۲۸	۴۴۲۲	۴۴۲۱	۴۴۳۳

خواص سورہ غاشیہ اگر مریض پر سورہ غاشیہ تین بار پڑھیں مریض صحت پائے جب وبا پھیلے نقش اس کا لکھ کر اپنے پاس رکھے۔اس کے کل اعداد 37557 ہیں اور چال خانہ پنجم میں ہے۔نقش یہ ہے:۔

۷۸۶

۹۳۶۴	۹۳۶۷	۹۳۷۰	۹۳۵۶
۹۳۶۹	۹۳۵۷	۹۳۶۳	۹۳۶۸
۹۳۵۸	۹۳۷۲	۹۳۶۵	۹۳۶۲
۹۳۶۶	۹۳۶۱	۹۳۵۹	۹۳۷۱

اعجاز الجفر

نقش مخمس کا نایاب عمل

از تحریر: فیض محمد، پنوں عاقل سندھ

یہ نقش کسی سے کام لینے میں بہت مدد دیتا ہے۔ اس نقش کی ترکیب یہ ہے کہ پہلے پانچ خانوں میں آیت کے اعداد، دوسرے پانچ خانوں میں مطلوب اور جلب قلب کے اعداد، تیسرے پانچ خانوں میں طالب اور مطلوب کے اعداد، چوتھے پانچ خانوں میں طالب مطلوب اور آیت کے اعداد اور آخری پانچ خانوں میں مطلب کے اعداد لکھے جائیں گے۔ مطلب جو بھی ہو یعنی دولت کا حصول، بڑے آدمی سے قربت، مقدمہ میں فتح اور محبت میں کامیابی وغیرہ۔ میں نے اس نقش میں مطلب میں نکاح نسبت کے اعداد لکھے ہیں۔ اس نقش کے تین نقش لکھے جائیں گے۔ ایک طالب بازو میں باندھے، دوسرا پنکھے میں اور تیسرا وزن کے نیچے رکھا جائے۔ مطلوب کو ترفع طبعی کیا گیا مؤکل از لجائیل اور مطلوب کے 53 اعداد سے مؤکل لجائیل اور آیت کا مؤکل غتصدائیل ہوا اور نقش مخمس کے لئے مؤکل سید المصیطران ہوا۔ مطلوب کے ہر حرف سے اللہ کا اسم نکالنا ہے، اس نقش کی عزیمت یہ تیار ہوئی۔ یہ عبارت (عزیمت) ہر نقش پر 21 مرتبہ پڑھی جائے اور استعمال کیا جائے

عزیمت یہ ہے۔

عزمت علیکم یا از لجائیل و یا فجائیل و یا غتصدائیل و یا سیّد المصیطران تسلطوا علیٰ وجود احمد محبت و مودّت محمد مطلب نکاح نسبت بحق یا اللہ یا حامد یا ماجد یا دائم و بحق یُحبّونھم کحبُ اللہ و الّذین آمنوا اشد حبا للہ و بحق کن فیکون

(1) آیت کے اعداد 1494

(2) مطلوب جلب قلب کے اعداد 220

(3) طالب مطلوب کے اعداد 145

(4) طالب مطلوب و آیت کے اعداد 1639

(5) مطلب نکاں نسبت کے اعداد 591

چال نقش

۷	۲۳	۱۴	۲۰	۱
۱۵	۱۶	۲	۸	۲۴
۳	۹	۲۵	۱۱	۱۷
۲۱	۱۲	۱۸	۴	۱۰
۱۹	۵	۶	۲۲	۱۳

نقش یہ ہے:

۲۲۰	۵۹۱	۱۴۵	۱۶۳۹	۱۴۹۴
۱۴۶	۱۶۳۵	۱۴۹۵	۲۲۱	۵۹۲
۱۴۹۶	۲۲۲	۵۹۳	۱۴۲	۱۶۳۶
۵۸۹	۱۴۳	۱۶۳۷	۱۴۹۷	۲۲۳
۱۶۳۸	۱۴۹۸	۲۱۹	۵۹۰	۱۴۴

آخر میں شاہ زنجانی صاحب اور مجھ ناچیز کو دُعائے خیر میں ضرور یاد رکھیں۔

ازتحریر: قیصر احمد بی۔اے، کراچی

تصوف و روحانیت قرآن و سنت کی روشنی میں

کسی سے میں یہ کیوں پوچھوں تصوف کس کو کہتے ہیں؟ خود اپنے دل کو دیکھا اور کہا کہ اس کو کہتے ہیں

تصوف کا مفہوم

تصوف کا اصل مادہ صرف ہے، جس کے معنی ہیں اُون۔ اور تصوف کے لغوی معنی ہیں اُون کا لباس پہننا، جیسے قمص کے معنی ہیں قمیض پہننا۔ (ہجویری ابوالحسن سید علی بن عثمان: کشف المحجوب، اُردو ترجمہ عبدالرحمٰن طارق لاہور، ادارہ اسلامیات، طبع اوّل 2005ء، ص416)

لیکن صوفیاء کی اصطلاح میں اس کے معنی ہیں: اپنے اندر کا تزکیہ اور تصفیہ کرنا، یعنی اپنے نفس کو نفسانی کدورتوں اور رذائلِ اخلاق سے پاک وصاف کرنا اور فضائلِ اخلاق سے مزین کرنا۔ (چشتی پروفیسر یوسف سلیم تاریخ تصوف، لاہور، دارالکتاب، طبع اوّل 2009ء، ص115)

اور صوفیاء ایسے لوگوں کو کہا جاتا ہے جو اپنے ظاہر سے زیادہ اپنے اندر کے تزکیہ اور تصفیہ کی طرف توجہ دیتے ہیں اور دوسروں کو اسی کی دعوت دیتے ہیں۔ اب لفظ صوفیاء اپنے لغوی معنی (اُون کا لباس پہننے والے میں استعمال نہیں ہوتا، بلکہ ایسے لوگوں کیلئے استعمال ہوتا ہے جو اپنے اندر کے تزکیہ وتطہیر کی طرف توجہ دیتے ہیں) اور اب یہ لفظ ایسے ہی لوگوں کیلئے لقب کی صورت اختیار کر چکا ہے۔ لیکن چونکہ ابتداء میں ایسے لوگوں کا اکثر لباس صوف (اُون) ہی ہوتا تھا، اس وجہ سے ان پر یہ نام پڑ گیا، اگرچہ بعد میں اُن کا یہ لباس نہ رہا۔

تصوف کی اہمیت

حدیث کی کتابوں میں ایک حدیث ''حدیثِ جبرئیل'' کے نام سے مشہور ہے، اس میں ہے کہ ایک دن جبرئیل علیہ السلام انسانی شکل میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کچھ سوالات کئے، ان میں سے ایک سوال یہ تھا کہ احسان کیا ہے؟ آپ ﷺ نے جواب میں ارشاد فرمایا: ''کہ احسان یہ ہے کہ تم خدا کی عبادت اِس طرح کرو کہ گویا تم خدا کو دیکھ رہے ہو، بھلا اگر تم خدا کو دیکھ نہیں رہے ہو، تو کم سے کم یہ یقین کرلو کہ وہ تمہیں دیکھ رہا ہے''۔ (البخاری ابوعبداللہ محمد بن اسمٰعیل: صحیح البخاری، الریاض، دارالسلام للنشر والتواریخ، طبع دوئم 1999ء، ص12 حدیث 50)

بندہ کے دل میں اسی احسان کی کیفیت پیدا کرنے کا صوفیا کی زبان میں دوسرا نام تصوف یا سلوک ہے۔ تصوف دراصل بندہ کے دل میں یہی یقین اور اخلاص پیدا کرتا ہے۔ تصوف مذہب سے الگ کوئی چیز نہیں، بلکہ مذہب کی روح ہے۔ جس طرح جسم روح کے بغیر مردہ لاش ہے، اسی طرح اللہ کی عبادت بغیر اخلاص کے بے قدر و قیمت ہے۔ تصوف بندہ کے دل میں اللہ تعالیٰ کی ذات کی محبت پیدا کرتا ہے۔ اور خدا کی محبت بندہ کو مجبور کرتی ہے کہ وہ خلق خدا کے ساتھ محبت کرے، کیونکہ صوفی کی نظر میں خلق خدا، خدا کا عیال ہے۔ اور کسی کے عیال کے ساتھ بھلائی عیال دار کے ساتھ بھلائی شمار ہوتی ہے خدا کی ذات کی محبت بندہ کو خدا کی نافرمانی سے روکتی ہے اور بندگانِ خدا کی محبت بندہ کو ان کے حقوق غصب کرنے سے روکتی ہے۔ اس لئے صوفیا حضرات کی زندگی حقوق اللہ اور حقوق العباد کو پوری طرح ادا کرتے ہوئے گزرتی ہے۔ ظاہر ہے کہ جو چیز انسان کو اللہ تعالیٰ کا فرماں بردار بنائے اور اس کے بندوں کا خیرخواہ

بنائے اس کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ تصوف اور اہلِ تصوف کی اہمیت کو بیان کرتے ہوئے علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے کہا تھا ہندوستان کے سات کروڑ مسلمانوں میں سے چھ کروڑ (85 فیصد) مسلمان یقیناً اہلِ تصوف کے فیوض و برکات کا نتیجہ ہیں۔ (حافظ محمد موسیٰ بھٹو: تصوف و اہلِ تصوف، سندھ نیشنل اکیڈمی ٹرسٹ حیدر آباد، ص115)

ہم اپنے اس مقالے میں تصوف کی ان باتوں کا قرآن وسنت کی روشنی میں تجزیہ کریں گے جو صوفیاء حضرات کے ہاں متفق علیہ ہیں۔ صوفیاء حضرات جن باتوں پر زیادہ زور دیتے ہیں وہ یہ ہیں:۔

1۔ اللہ تعالیٰ کی محبت
2۔ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت
3۔ تزکیہ نفس (اپنے نفس کو فضائلِ اخلاق سے آراستہ کرنا اور رذائلِ اخلاق سے پاک کرنا)
4۔ برداشت اور رواداری
5۔ خدمتِ خلق

اب ہم ایک بات کا قرآن وسنت کی روشنی میں تجزیہ کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی محبت

صوفیاء حضرات اپنی تعلیمات میں سب سے زیادہ جس چیز پر زور دیتے ہیں وہ عشق ومحبتِ خداوندی ہے، کیونکہ محبت ہی ایک ایسی چیز ہے جومحب کو اپنے محبوب کی اطاعت پر مجبور کرتی ہے اور اس کی نافرمانی سے روکتی ہے اور محب کے دل میں محبوب کی رضا کی خاطر ہر مصیبت وتکلیف کو خندہ پیشانی سے برداشت کرنے کی قوت وصلاحیت پیدا کرتی ہے، اور محبت ہی وہ چیز ہے جو محب کو مجبور کرتی ہے کہ وہ ایسا عمل کرے جس سے محبوب راضی ہو، چنانچہ صوفیاء حضرات اگر زہد، تقویٰ، عبادت، ریاضت، اور مجاہدے کرتے ہیں تو ان کا مقصد صرف اور صرف خدا کی رضا حاصل کرنا ہوتا ہے۔ وہ جنت کی لالچ یا جہنم کے خوف سے خدا کی بندگی نہیں کرتے، چنانچہ حضرت رابعہ بصریہ رحمۃ اللہ علیہا اپنی ایک دُعا میں فرماتی ہیں: ''خدایا اگر میں تیری بندگی جنت کے لئے کرتی ہوں تو مجھے اس سے محروم رکھنا، اگر میں جہنم کے خوف سے تیری عبادت کرتی ہوں تو مجھے اس میں جھونک دینا۔ لیکن اگر میں تیری بندگی تجھے پانے کیلئے کرتی ہوں تو مجھے اپنے آپ سے محروم نہ رکھنا''۔ (مرزا قلیچ بیگ مقالات الاولیاء سندھ پرنٹنگ پریس، نوشہری دروازہ شکار پور 1927ء، ص15)

فراق ووصل چہ خواہی؟ رضائے دوست طلب کہ حیف باشد از غیر ازیں تمنائے۔ ''فراق ووصل کیا ڈھونڈتا ہے؟ محبوب کی رضا مندی ڈھونڈ کہ محبوب سے محبوب کے سوا کی تمنا، افسوس کی بات ہے''۔ (مولانا محمد ذکریا شریعت و طریقت کا تلازم، طبع اوّل 1993ء، ص102)

مولانا شبلی تو یہاں تک فرماتے ہیں: الصوفی لا یریٰ فی الدارین مع اللہ غیر اللہ (کشف المحجوب، ص76) صوفی دونوں جہانوں میں اللہ تعالیٰ کی ہستی کے علاوہ اور کسی چیز کو نہیں دیکھتا''۔

امام ربانی فرماتے ہیں: مقربین بارگاہ الٰہی (یعنی صوفیاء حضرات) اگر بہشت چاہتے ہیں تو اس لئے نہیں کہ ان کا مقصد نفس کی لذت ہے، بلکہ اس لئے کہ وہ خدا کی رضا کی جگہ ہے، اگر وہ دوزخ سے پناہ مانگتے ہیں تو اس لئے نہیں کہ اس میں رنج والم ہے، بلکہ اس لئے کہ وہ خدا کے ناراضگی کی جگہ ہے، ورنہ ان کیلئے انعام اور رنج والم دونوں برابر ہیں۔ ان کا اصل مقصود رضائے الٰہی ہے۔ (امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی: مکتوبات امام ربانی کراچی، دارالاشاعت، طبع اوّل 2006ء، مکتوب 35 جلد اوّل ص191)

شاہ عبداللطیف بھٹائی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

محبت سندومن ميهانك بارج مچ
ان پر ائيي اچ ته سودو ٿئي سقرو

(بھٹائی شاہ عبداللطیف: شاہ جو رسالو، مرتب کلیان آڈوانی، روشنی پبلیکیشن کنڈیارو، طبع اوّل، 1997ء سُر سریز اگ، داستان اوّل، ص114)

''اے موتی جیسے انسان! اپنے اندر میں خدا کی محبت کا الاؤ جلادے، یہ راہ اختیار کرو تو آپ کا لین دین کامیاب ہو''۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: (وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلَّهِ سورۃ

بقرۃ:165)''اور جو لوگ مومن ہیں وہ سب سے زیادہ اللہ ہی سے محبت کرتے ہیں''۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ اس طرح ارشاد فرماتے ہیں:(قُلْ إِنْ كُنتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ آل عمران:31) ''اے پیغمبر ﷺ! آپ اُن کو بتا دیجئے کہ اگر تم خدا سے محبت رکھتے ہو تو میری پیروی کرو، نتیجے میں اللہ تعالیٰ تم سے محبت کریں گے''۔

اس لئے کہ اللہ کے رسول ﷺ کی اطاعت خود خدا کی اطاعت ہے، چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:(وَمَا يَنطِقُ عَنِ الْهَوَىٰ ،إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَىٰ ○ النجم:4،3)''رسول ﷺ اپنی خواہشات سے نہیں بولتے وہ جو کچھ تمہیں دین کے بارے میں دے رہے ہیں وہ وحی الٰہی ہے جو اس کی طرف بھیجی جاتی ہے''۔

تزکیہ نفس

صوفیاء حضرات جتنے مجاہدے، ریاضات اور عبادات کرتے ہیں یا ان کا اپنے معتقدین کو درس دینا ہوتا ہے ان کا اصل مقصد نفس کا تزکیہ اور تطہیر ہے۔
چنانچہ سندھ کے سرامیات اور آفاقی شاعر شاہ عبداللطیف بھٹائی فرماتے ہیں:

اکر پڑہ الف جو بیا ورق سیپ و سار
اندر ٹون اجار پنا پڑھندین یحترا

(شاہ جو رسالو سر یمن کلیان ص 90)

شاہ صاحب فرماتے ہیں: اے دوست! چاہے حرف ''الف'' ہی پڑھ لو، لیکن اپنے اندر کو پاک وصاف کرلو، اگر اندر کا تذکیہ وتطہیر نہیں کرتے تو زیادہ پڑھنے اور ورق گردانی کرنے کا کوئی فائدہ نہیں۔ اب ہم دیکھتے ہیں کہ قرآن و سنت کیا کہتے ہیں؟

قرآن مجید اور تزکیہ نفس

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ایک دُعا نقل کی ہے۔ (رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ بقرہ:129)''اے ہمارے پروردگار! میری اولاد میں ان میں سے ہی ایک رسول بھیج، جو انہیں تیری آیات پڑھ کر سنائے اور انہیں کتاب وحکمت کی تعلیم دے اور ان کے اندر کا تزکیہ کرے''۔ ابراہیم علیہ السلام کی دُعا سے ظاہر ہے کہ کسی نبی کی بعثت، تلاوت آیات اور تعلیم کتاب وحکمت کا اصل مقصد لوگوں کے اندر کا تزکیہ ہے۔ ایک اور مقام پر ارشاد باری ہے:(قَدْ أَفْلَحَ مَنْ زَكَّاهَا،وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسَّاهَا الشمس:10،9)''بے شک وہ شخص کامیاب ہو گیا جس نے اپنے نفس کو پاک کیا اور وہ ناکام و نامراد ہو گیا جس نے اپنے نفس کو مٹی آلود کر دیا''۔

تصوف جن رذائلِ اخلاق سے اپنے اندر کو پاک کرنے کی تعلیم دیتا ہے وہ یہ ہیں: بدنیتی، ناشکری، جھوٹ، وعدہ خلافی، خیانت، بددیانتی، غیبت وچغلی، بہتان، بدگوئی وبدگمانی، خوشامد و چاپلوسی، بخل وحرص، ظلم، فخر ریا ونمود وحرام خوری وغیرہ۔

اور جن چیزوں سے اپنے اندر کو سنوارنے کی تعلیم دیتا ہے وہ یہ ہیں: اخلاصِ نیت، ورع وتقویٰ، دیانت وامانت، عفت وعصمت، رحم وکرم، عدل وانصاف، عفو ودرگزر، حلیم و بردباری، تواضع وخاکساری، سخاوت وایثار، خوش کلامی و خودداری، استقامت واستغناء وغیرہ۔

روحانیت

آدمی کے اندر دو صفتیں پائی جاتی ہیں۔ ایک ''روحانیت'' دوسری ''حیوانیت'' پہلی صفت میں انسان ترقی کرکے فرشتوں کے مشابہ ہو جاتا ہے، اس لئے اُسے ''ملکیت'' سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے۔ روزہ کی برکت سے حیوانیت روحانیت کے تابع ہو جاتی ہے، آدمی خواہشات کو دبا کر اللہ تعالیٰ کے احکامات کا پابند ہو جاتا ہے اور متقین کی صف میں شامل ہو جاتا ہے، رسول اکرم ﷺ نے اپنی امت میں روحانیت اور ملکیت کے بڑھانے کیلئے جہاں فرض روزوں کی تعلیم دی ہے، وہیں نفلی روزے رکھے ہیں اور امت کو اس کی ترغیب وتعلیم بھی دی ہے۔

احادیث میں نفل روزوں کی ترغیب

روزہ کی وجہ سے روحانیت میں ترقی ہوتی ہے اور حیوانی وشہوانی قوت ٹوٹتی ہے، اس لئے رسول ﷺ فرض کے علاوہ نفلی روزے کثرت سے رکھا کرتے تھے اور صحابہ کرامؓ کو اس کی ترغیب بھی دیتے تھے۔ روحانیت میں ان چیزوں سے ترقی ہوتی ہے۔ 1۔ کثرت سے اللہ کا ذکر کرنا، کلمہ، درود شریف اور استغفار پڑھنا۔

"لکی نمبرز انعام آئینہ قسمت میں 2016ء" میں سے ایک صفحہ

جنوری 2016ء کیلئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

3	1
8	6

تاریخ: 04-01-2016

دن: سوموار

شہر: کراچی

مالیت بانڈ: -/15000

3	2
6	1

تاریخ: 15-01-2016

دن: جمعہ

شہر: راولپنڈی

مالیت بانڈ: -/750

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقتِ خریداری
1	11 جنوری 2016ء	صبح 09 بجکر 03 منٹ سے لے کر صبح 10 بجکر 02 منٹ تک
2	18 جنوری 2016ء	صبح 09 بجکر 02 منٹ سے لے کر صبح 10 بجکر 01 منٹ تک
3	19 جنوری 2016ء	دوپہر 13 بجکر 02 منٹ سے لے کر دوپہر 14 بجکر 01 منٹ تک
4	23 جنوری 2016ء	سہ پہر 15 بجکر 01 منٹ سے لے کر سہ پہر 16 بجکر 0 منٹ تک
5	29 جنوری 2016ء	دوپہر 11 بجکر صفر منٹ سے لے کر دوپہر 11 بجکر 59 منٹ تک

انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت میں

کراچی	مالیت -/15000	مورخہ 04/01/2016				
09	18	34	52	70	94	(بونس) 5984

راولپنڈی	مالیت -/750	مورخہ 15/01/2016				
12	36	49	60	78	86	(بونس) 7598

لکی نمبرز

ہماری دعا ہے کہ آپ ان لکی نمبرز سے فیض یاب ہوں۔ کسی نقصان سے بچنے کے لیے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈز کی خرید پر توجہ دیں۔ ماہرین علم الاعداد کی تمام تر ذہانت آپ کے لئے وقف ہے۔ (ادارہ)

PRIZE BOND LUCKY NUMBERS

تاریخ: 04-01-2016
دن: سوموار
شہر: کراچی
مالیت بانڈ: -/15000

تاریخ: 15-01-2016
دن: جمعہ
شہر: راولپنڈی
مالیت بانڈ: -/750

75	09	18
20	04	63
34	06	88
89	01	33

	0	
6	7	8
	4	
	8	
4	5	6
	2	

48	07	68
93	02	13
31	04	38
86	09	83

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	ممکنہ ٹنڈولے	
0			02		04		06	07	08		024	064
1			12	13	14				18	19	123	189
2	20	21		23	24					29	216	219
3		31		33	34				38	39	331	364
4	40			43			46	47	48		463	487
5		51			54		56	57		59	579	597
6	60			63	64				68	69	634	654
7	70					75	76		78	79	768	775
8	80	81		83			86			89	819	869
9		91		93	94		96		98		918	986

ہم ہیں دیوانے تیرے انعام کے

ازتحریر: میاں فاروق چشتی، کراچی

تمام قارئین کرام خصوصاً شاہ صاحب و جملہ اسٹاف کو اسلام علیکم! آخر وہ وقت آہی گیا جس کا تمام قارئین کرام کو پورا سال انتظار کرنا پڑتا ہے البیرونی تقویم 2016ء آپکے ہاتھوں میں ہے جو قارئین کرام البیرونی تقویم لے لیتا ہے اُس کو کسی اور جنتری کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی ماہنامہ آئینہ قسمت کا خاص شمارہ جنوری 2016ء آپکے سامنے ہے آج ہی زنجانی جنتری، بارہ امامیہ جنتری، البیرونی تقویم 2016ء خرید لیں اور بھرپور فائدہ اُٹھائیں۔ والسلام

بانڈ مالیت 15000 شہر، کراچی ڈرا نمبر 65 دن، پیر تاریخ، 2016 -1 -4

صفحہ کلی میں 1-5-7 (تعلق آکڑہ 9 -8 -1 -4) صفحہ جفت میں 6 -2 -0

پیکٹ میں لازمی فگر 0 -2 -9، سنٹر 8 -3 -7 -2

بانڈ ٹو بانڈ صفحہ ان بریک:۔ کلی میں اور نہ جفت بات ہے

نصیب کی کلوز: جفت میں 6 ورنہ کلی آئے گا۔ آکڑے میں جفت فگر لازمی۔ یہ فگر مل کر آپس میں آکڑہ نہیں بنے گا۔ 34567

صفحہ آپکا آکڑہ چشتی کا فسٹ سیکنڈ لازمی

0	1	2	3	4	5	6	7	8	9
01	61	21	31	41	51	61	71	81	91
04	13	28	34	43	58	64	74	85	96
09	15	24	38	45	54	68	78	86	95
08	17	29	39	49	59	69	79	87	93
	19	26		46				89	98

بانڈ مالیت 750 شہر، راولپنڈی ڈرا نمبر 65 تاریخ، 2016 1 -18 دن، پیر

صفحہ جفت میں 8 -4 -2 (تعلق آکڑہ 9 -4 -8 -3) صفحہ طاق میں 9 -7 -3

کلوز: 2 -4 -8 -3 -5 -0 چوتھا فگر: 9 -4 -5 -0 سنٹر:۔ 7 -6 -3 -0

8 کلوز بند: 1-9

صفحہ آپکا آکڑہ چشتی کا فسٹ سیکنڈ لازمی

0	1	2	3	4	5	6	7	8	9
07	10	20	30	40	50	60	70	80	90
05	15	25	35	45	53	65	75	85	95
02	13	23	34	43	58	63	73	83	93
03	18	28	38	48	54	68	78	88	98
04	14	24	32	42	52	64	72	84	94
08	12		37	47		62	72	82	92

چشتی کا سالانہ گفٹ 2016ء

دوستو میں پورے سال کیلئے فسٹ سیکنڈ آکڑے لکھ رہا ہوں ہر سال کی طرح 2015ء میں بھی کامیاب رہے ہیں اب 2016ء کیلئے لکھ رہا ہوں اُمید ہے پورا سال کامیاب ہونگے لگاؤ اور موج کرو۔

0	1	2	3	4	5	6	7	8	9
02	10	20	34	40	58	60	70	80	90
06	18	29	39	45	57	68	75	85	95
00	19	28	36	46	59	67	79	81	93
09	13	27	31	48	56	69	78	87	91
05	12	25	35	49	53	64	74	89	97
03	14	23	30	43	54	63	73	86	98

دوستو! آداب۔ آپ سب دوستوں کا یاد رکھنے کا شکریہ۔ یہ سب اللہ کی مہربانی اور آئینہ قسمت کی بدولت ہے اور سید معوز علی زنجانی صاحب مبارک باد کے مستحق ہیں۔ جن کی کوششوں سے سب کچھ ممکن ہو رہا ہے۔ آپ تمام دوستوں کے لیے بانڈ -/15000 اور -/750 کی ڈبی حاضر ہے۔ آگے مقدر کا سکندر کون بنتا ہے، یہ تو اللہ رب العزت ہی جانتا ہے، کیونکہ دلوں کے بھید وہ بخوبی جانتا ہے۔

تاریخ: 04-01-2016	S			F
دن: سوموار	34	2	8	42
شہر: کراچی	64	0		52
بانڈ: -/15000	01	3	9	62
	88			72
اوپن	4 - 5 - 6 - 7			

فسٹ	424-527-626-723
سیکنڈ	343-646-012-883
سیکنڈ	925-532-212-729

تاریخ: 15-01-2016	S			F
دن: جمعہ	25	6	0	76
شہر: راولپنڈی	00	5		26
بانڈ: -/750	19	3	1	86
	52			99
اوپن	7 - 2 - 8 - 9			

فسٹ	767-264-861-992
سیکنڈ	257-807-198-525
سیکنڈ	324-104-345-678

برج جدی اور آپ کی شخصیت

The Capricorn

آئینہ قسمت جنوری 2016

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

حاکم سیارہ: زحل
نشان: پہاڑی بکرا

ذاتی عقیدہ: میں کرتا ہوں (I Do)
عنصر: مٹی

خاصہ: متغیر (منقلب)
نفسیاتی ٹائپ: ماڈی ادارکی

منسوب رنگ: سیاہ نیوی بلیو
منسوب پتھر: نیلم

اعضائے جسمانی: گھٹنا اور ہڈیاں
منسوب پھول: من سکھ

منسوب درخت: صنوبر، بید کا درخت
منسوب غذا: گوشت

منفی اور مؤنث برج
بائیو کیمک سالٹ: کلکیر یا فاس

مثبت توانائی

برج جدی کے لوگ عام طور سے وفادار، پُرعزم، ایثار پیشہ، ارتکاز والے، ایماندار، نظم و ضبط والے، محتاط، منطقی، صابر، شفیق، سہارا دینے والے، متین، خوددار، برداشت کرنے والے، توجہ دینے والے، عملی، ہوش مند، پُرمزاح اور کم آمیز ہوتے ہیں۔

منفی توانائی

دوسری طرف وہ مضطرب، ضدی، بدلہ لینے والے، شکی، شدت پسند، حق ملکیت جتانے والے، حاکمیت پسند، سرد مہر، قنوطی، تقدیر پر ایمان رکھنے والے، خود غرض اور کنجوس ہوتے ہیں، مزاحمتی رویہ زندگی کے اکثر معاملات میں نمایاں رہتا ہے۔

پسند

وفاداری، تحفظ، معاشی استحکام، پُرعزم ساتھی، ذمہ داری محسوس کرنا، طویل تعلقات کی منصوبہ سازی کرنا، خودداری اور مستقل مزاجی پسند کرتے ہیں۔

ناپسند

لیکن وہ متلون مزاجی، حاکمیت، کچا پن، کھردرا پن، غلبہ، کھیل کھیلنا، خود پسندی کی نمائش، فضول خرچی، کسی محبوب کی طرف سے چیلنج کیا جانا اور قوت فیصلہ کی کمی برداشت نہیں کرتے۔

جدی کردار

جدی افراد بوڑھا ہونے کے بجائے جوان ہوتے ہوئے لگتے ہیں، اپنی ابتدائی عمر ہی سے سنجیدہ مزاجی اور بردباری ان میں نظر آتی ہے گویا وہ پیدائش کے فوراً بعد ہی 30 سال کی عمر کو پہنچ گئے اور دنیا میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے بے چین ہیں، ایسا کردار جوان کے شایان شان ہو یعنی دنیا پر حکمرانی کرنا اور اس کردار کے لیے وہ خود کو تیار کرنا شروع کر دیتے ہیں۔

سچی بات تو یہ ہے کہ جدی لڑکیاں چاہتی ہیں کہ چھلانگیں لگا کر شروع کے بوجھل سالوں سے نکل جائیں جن میں کچے شعور کے لڑکے ان کے دوست ہوتے ہیں اور اپنی زندگی پر ان کا کوئی کنٹرول نہیں ہوتا۔

کم سنی کے ماہ و سال خاص طور سے ان کے لیے کرب ناک ہوتے ہیں، اس میں بغاوت کا کوئی عمل دخل نہیں، وہ بس یہ چاہتی ہیں کہ اسکول سے جلد از جلد نکل جائیں تاکہ کمانا شروع کر دیں اور اپنے پیروں پر کھڑی ہو جائیں، یہی صورت حال لڑکوں کی بھی نظر آتی ہے۔

"کوئی نہیں سمجھتا کہ وہ کتنا بوڑھا ہوگیا ہے کہ
مزید ایک سال زندہ نہیں رہ سکتا"

سیرو (خطیب/ادیب) شمسی برج جدی
پیدائش 3 جنوری 106 ق م

جدی عورت واقعی حسین ہوتی ہے، وہ اپنی توانائی، دلکشی اور آہنی عزم نیز کسی کو بھی قائل کرنے کی پُراسرار صلاحیت سے جو بھی کرانا چاہے، کرا سکتی ہے اور لوگ بعد میں یہی سوچیں گے کہ یہ ان کا آئیڈیا تھا۔

ایک جدی عورت بورڈ روم، ڈوبتے ہوئے جہاز اور عمارتیں تعمیر کرنے کے دوران نظر آئے گی اور عام طور سے دنیا میں اپنا نشان چھوڑ جائے گی لیکن یہی عورت

اپنے گھر میں گھریلو کام کاج کرتی ہوئی بھی نظر آئے گی' ایسی صورت میں اس پر سرطان ہونے کا دھوکا ہوسکتا ہے جو برج جدی کے مقابل کا برج ہے لیکن ان دونوں میں فرق اسی وقت واضح ہوگا جب آپ اس کے بچے کو ماریں' سرطان ماں اپنے بچوں کو نقصان سے بچانے کے لیے انہیں لے کر جلدی سے بھاگ کھڑی ہوگی لیکن جدی ماں اس طرح آپ پر جھپٹے گی جیسے عقاب اپنے شکار پر جھپٹتا ہے۔

اس خوددار، خشک اور کم آمیز ہستی کی ظاہری سطح کے نیچے ایک نہایت محبت بھرا دل دھڑک رہا ہے' جدی عورتیں بے حد خیال رکھنے کی فطرت رکھتی ہیں لیکن وہ نہیں سمجھتیں کہ سب کے سامنے اس کا اظہار ضروری ہے' زحل جیسے بااصول سیارے کے زیر اثر ہونا بہت کٹھن ہے جو آپ کے آشیانے پر حکمرانی کرتا ہے۔

جدی مرد خاص طور سے اس سے متاثر ہوتے ہیں' جدی عورتیں ابتدا میں تھوڑا بہت رومانی جذبات کا اظہار چاہتی ہیں لیکن اس دوران میں محبت کا کھیل کھیلتے ہوئے وہ یوں اکڑ جاتی ہیں گویا انہیں اس فعل سے نفرت ہو' کہنے کا مطلب یہ نہیں کہ جدی مرد ان سے لطف اندوز نہیں ہوتا لیکن دونوں ہی محبت کے روایتی اظہار میں بخیل ہوتے ہیں' درحقیقت وہ کبھی کبھی جسمانی محبت کا آرزومند ہوتا ہے لیکن نہیں جانتا کہ اس کی فرمائش کرنے کا مناسب طریقہ کیا ہے؟

جدی افراد کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ تعریف سننا پسند نہیں کرتے' اگر آپ نے ان کی تعریف کردی تو وہ اکثر یوں ظاہر کریں گے کہ انہوں نے سنا ہی نہیں یا پھر جلدی سے شکر گزارانہ انداز میں گردن ہلا کر باتوں کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔

"خوشامد دونوں ہی کو کرپٹ کرتی ہے' خوشامد کرنے والے کو بھی اور خوشامد پسند کرنے والے کو بھی"

ایڈمنڈ برک (سیاسی تھیورسٹ) شمسی برج جدی

پیدائش: 12 جنوری 1729

لیکن حقیقت یہ ہے کہ وہ اس تعریف سے دل ہی دل میں خوش ہوتے ہیں' ان کے اندر گدگدی سی ہوتی ہے اور وہ دن بھر ان الفاظ کو اپنے ذہن میں دہراتے رہتے ہیں' رات میں سونے کے لیے بستر پر جاتے وقت بھی وہی الفاظ ان کے ذہن میں گردش کرتے رہتے ہیں اور اگر انہیں دوسرے دن دفتر میں دیکھیں تو اندازہ ہوگا کہ وہ کتنے ہشاش بشاش نظر آئیں گے۔

ان وجوہات کی بنا پر جدی کو منطقۃ البروج کا سب سے شوق آفریں رومینٹک سمجھا جاتا ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ کو اچانک وہ چابی مل جائے گی جس سے آپ کے جدی کی شوق آفرینی آپ پر آشکار ہوجائے' ایسا ہونا آسان نہیں ہے' بہت سے آتشی بروج نے چھیڑ چھاڑ کرکے جدی کو ان کے خول سے باہر نکالنے کی کوشش کی لیکن ناکام رہے' یہ کام پیار، محبت اور سمجھ بوجھ سے ہوتا ہے' انہیں یہ اشارہ دیں کہ آپ جانتی ہیں کہ جو کچھ ان کی آنکھوں سے جھلکتا ہے' اس سے کہیں زیادہ ان کے اندر موجود ہے' ان کے اعتدال پسند ظاہر کے پس پردہ دہکتی ہوئی آگ ہے۔

کبھی پریشان ہوکر جدی سے یہ نہ کہیں کہ وہ بور ہے' یہ اس کے لیے سب سے زیادہ تکلیف دہ بات ہوگی کیوں کہ اس میں رتی بھر حقیقت نہیں ہے۔ وہ آپ کو بور کرنا نہیں چاہتے۔ ان کی سمجھ میں یہ نہیں آتا کہ قواعد کے مطابق کھیلنا دلچسپ کیوں نہیں ہوسکتا۔ اس قسم کی باتیں جدی افراد کو پریشان ہی کرسکتی ہیں۔

آپ کے لیے صابر ہونا بھی ضروری ہے' جدی افراد جیسے جیسے باشعور ہوتے جاتے ہیں' ویسے ویسے کھلنڈرے ہوتے جاتے ہیں اور وہ دنیا میں اپنی جگہ بناتے ہوئے زیادہ مطمئن، شوخ اور گستاخ ہوتے جاتے ہیں بعض اوقات وہ اس وقت اپنے کھوئے ہوئے بچپن کو دریافت کرنے پر تل جاتے ہیں کہ جب وہ خود بچوں کے باپ بننے والے ہوتے ہیں' ایسے میں انہیں دیکھنا بہت دلچسپ ہوتا ہے۔

جب جدی فرد شام میں گھر لوٹے گا تو اپنا باپ کا رول پوری طرح برقرار رہے گا۔ وہ گھر کا سربراہ ہے۔ وہ گھر میں یا دفتر میں اپنی مخصوص جگہ پر بیٹھے گا اور احترام کا تقاضا کرے گا لیکن جب وہ اپنے بچوں کی خاطر تھوڑی شگفتہ مزاجی کا مظاہرہ کرتا ہے تو ماحول بہت خوشگوار ہوجاتا ہے۔

جدی افراد کے تین اہم ترین اہداف تحفظ، احترام اور حاکمیت ہیں۔ باقی تمام چیزیں انہی کے زمرے میں آتی ہیں' تحفظ کا احساس ان کی کارکردگی کو بہتر بناتا ہے' وہ سمجھتے ہیں کہ ان کا احترام کرنا سب پر لازم ہے اور حکم بجالانا سب پر واجب ہے' خاص طور پر جدی کے پہلے عشرے میں پیدا ہونے والے جدی افراد (23 دسمبر تا یکم جنوری) بے حد حاکمانہ مزاج رکھتے ہیں' انہیں حقیقی ''ڈکٹیٹر'' کہا گیا ہے۔

بندگی میں بھی وہ خود بین و خود آرا ہیں کہ ہم
الٹے پھر آئے درِ کعبہ اگر وا نہ ہوا

مرزا اسداللہ خان غالب (شاعر)

پیدائش: 27 دسمبر 1797

جدی عورتوں کے بارے میں اکثر یہ سمجھا جاتا ہے کہ وہ کریئر کی سوچ کی حامل عورتیں ہوتی ہیں جو آسمان پر پہنچنا چاہتی ہیں اور ان کے پاس کسی ساتھی یا بچوں کے لیے وقت نہیں ہوتا' یہ بات سچ نہیں ہے' یہ درست ہے کہ وہ بے حد پُرعزم ہوتی ہیں جو احترام اور حاکمیت کی شدید خواہش رکھتی ہیں لیکن ان کی اس خواہش کو جذباتی تحفظ اور فیملی کے تحفظ کی خواہش سے جدا نہیں کیا جا سکتا' جدی عورت اپنے لیے ساتھی ڈھونڈنے میں بھی اتنی ہی پُرعزم ہے۔

پیشہ ورانہ سرگرمیاں

تیسرے مادّی برج کے طور پر جدی سخت محنت، مستقل مزاجی، استحکام، تحفظ اور عزم کی نمائندگی کرتا ہے۔ خاکی بروج مضبوط اور پائیدار ہوتے ہیں اور ان کی توانائی مستحکم اور محفوظ ہوتی ہے۔ بکرے کی علامت کو اکثر جدی کی مخصوص نوعیت کی مضبوطی اور پائیداری بیان کرنے کے لیے پیش کیا جاتا ہے جو کسی پہاڑی پر سیدھا چڑھتا چلا جاتا ہے اور بلندی پر پہنچ کر ہی دم لیتا ہے' چڑھتے وقت وہ نہ تو اِدھر دیکھتا ہے اور نہ اُدھر۔ بکرے کے بلندی پر پہنچنے کے عزم کو احساس برتری سے تعبیر نہیں کیا جا سکتا جو اسد اور ثور کا خاصہ ہے اور بلندی کے بعد پستی کی طرف بھی لے جا سکتا ہے' یہ محض چوٹی پر پہنچنے کا ایک متین جذبہ ہے' ثور اور اسد کے برخلاف جدی والے چوٹی پر پہنچ کر مضبوطی سے جمے رہنا جانتے ہیں۔

جدی عورتوں کو مکمل ہونے کی ضرورت ہے اور یہ صرف جدید جدی عورت ہی ہے جسے اپنی ضروریات کے مطابق تعلیم یافتہ ہونے کا فائدہ حاصل ہے اور اسے کاروباری دنیا میں بھی مواقع حاصل ہیں جس کے دروازے پچھلے زمانے تک اس پر بند تھے' پرانے زمانے میں جدی عورت کی یہ خاصیت بیان کی جاتی تھی کہ وہ اچھی شادی کرنے اور فیملی کے معاملات کو بڑی خوبصورتی اور ہنرمندی سے نمٹانے کی صلاحیت رکھتی ہے لیکن موجودہ دور میں یہ موقع فراہم کیا کہ وہ اپنی دیگر پوشیدہ صلاحیتوں کا بھی کھل کر اظہار کر سکے۔

جدی عورت کی تکمیل کئی روپ میں سامنے آ سکتی ہے' ضروری نہیں کہ جدی عورتیں صرف کاروباری دنیا ہی میں پائی جائیں' وہ آپ کو ہر طرح کی جاب میں حتٰی کہ فنی پیشے سے بھی وابستہ نظر آئیں گی' ان کا پیدائشی ذوق اور توازن خاصا معروف ہے۔

بعض بہترین اسٹیٹ ایجنٹ جدی ہیں کیوں کہ اس کام میں ان کی کئی صلاحیتیں یکجا ہو گئی ہیں۔ دیر تک کام کرنے کا اسٹیمنا، خوش ذوقی، جائداد سے فطری محبت، سرمایہ کاری اور منافع کے حصول کا شوق۔

جدی افراد بہت اچھے سوشل ورکر بھی ہوتے ہیں۔ وہ بہت منطقی ہوتے ہیں اور جذباتی ماحول کو بہت خوبصورتی سے سنبھال لیتے ہیں۔ جدی افراد کو افراتفری دور کرنا اچھا لگتا ہے اور ان کے نزدیک کسی کی زندگی سنورانے سے زیادہ اطمینان بخش کوئی اور بات ہو ہی نہیں سکتی۔ وہ کسی کو اپنی الجھنوں سے نکال کر متحرک اور مطمئن دیکھ کر بہت خوش ہوتے ہیں۔

جدی صحت

جدی افراد ٹھنڈے ہوتے ہیں لہٰذا انہیں گرمی پہنچانے والی غذائیں مثلاً گوشت کا استعمال کرنا چاہیے' گوشت میں موجود فولاد بھی ان کے لیے بہت مفید ہے' انہیں سرد موسم میں اپنا خیال رکھنا چاہیے اور سردی سے بچنا چاہیے' انہیں اپنے اعصاب کو سکون پہنچانے اور عضلات کو نرم رکھنے کے لیے میگنیشیم کی بھی ضرورت ہے' گرم سوپ اور مسالے دار کھانے خاص طور سے سردیوں میں ان کا استعمال انہیں فائدہ پہنچائے گا۔ انہیں تازہ پانی، سبزیوں کا جوس پابندی سے استعمال کرنا چاہیے تا کہ خون میں زہریلے مادے کو شامل ہونے اور چونا بننے سے روکا جا سکے۔

جدی گھٹنوں، بالوں، جلد، لعاب اور پیٹ کے حصوں پر حکومت کرتا ہے۔

جدی افراد امراض پالنا پسند نہیں کرتے اور لمبی عمر پاتے ہیں لیکن اگر ایک دفعہ بیمار پڑ گئے تو مراقی ہو سکتے ہیں۔ اگر وہ مراقبے یا مناسب ورزش کے ذریعے اپنے ذہنی اور جسمانی تناؤ کو کم نہ کر سکیں تو ذہنی پریشانی کے نتیجے میں صحت کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ پابندی سے مساج کرانا اور پیروں کو سکون پہنچانا ان کے لیے بے حد فائدہ مند ہو سکتا ہے۔

جدی کی مخصوص بیماریوں میں نزلہ، غذا کا جزو بدن نہ بننا، موٹاپا، قبض، ضعف معدہ، کمزور بینائی، گھٹنوں کی تکلیف، گھنٹھیا، سینے کی تکلیف اور جلدی امراض

شامل ہیں۔ حادثے کی صورت میں ان کی ہڈیاں ٹوٹ سکتی ہیں، موچ آسکتی ہے اور گھٹنے اور اس کے نچلے حصے زخمی ہوسکتے ہیں۔

جدی ساتھی

اپنی بہتری کے لیے خوش لباسی اپنائیں اور یہ دیکھیں کہ آپ کے ناخن ترشے ہوئے ہیں یا نہیں؟ جدی افراد حسن کے متلاشی نہیں ہوتے لیکن وہ باذوق ہوتے ہیں اور سچ دھج پسند کرتے ہیں۔ اگر آپ کسی ریستوران میں جانا چاہتے ہیں تو کوئی اچھا ریستوران منتخب کریں۔ جدی افراد پیسوں کے معاملے میں بحث نہیں کرتے لیکن اچھی سروس ضرور چاہتے ہیں لہٰذا کسی نئے ریستوران میں جانے کا خطرہ مت مول لیں۔

وہ اپنے کام اور فیملی کے بارے میں باتیں کرنا پسند کرے گا یا کرے گی لیکن کچھ دیر کے بعد آپ یہ سوچنے پر مجبور ہوجائیں گے کہ کیا وہ بھی آپ کے بارے میں کچھ جاننا چاہتا یا چاہتی ہے بالکل ایسا ہی ہے لیکن اس کی سمجھ میں نہیں آتا کہ کیسے پوچھے کہیں اس کا کچھ پوچھنا شوخی یا گستاخی سے تعبیر نہ کیا جائے۔

کبھی کبھی جدی کے اعصاب اتنے تنے ہوئے ہوتے ہیں کہ اس کے رویے سے گنوارپن جھلکتا ہے ضرورت اس بات کی ہے کہ نرمی سے اپنا تعارف کرائیں اور گفتگو چھیڑ دیں وہ جلد ہی دلچسپی لینے لگے گا۔ اپنے خاندان کے بارے میں دو چار باتیں بتانا نہ بھولیں مثلاً آپ کے دادا نے دوسری عالمگیر جنگ میں حصہ لیا تھا۔

اس کی ماں بہنوں کی دلچسپیوں اور مشاغل کو اپنے ذہن میں نوٹ کرلیں پھر اس کی ماں کے لیے کوئی تحفہ پیش کریں اس کی خوشیوں کا کوئی ٹھکانہ نہ ہوگا۔

جدی کے لیے تحفہ

تحفہ ایسا ہو جو کام آئے اور پائیدار ہو تحفے کی کوالٹی کو مدنظر رکھیں کسی مخصوص برانڈ پر نہ جائیں جدی افراد کو گھریلو سامان اور اوزار پسند ہیں لیکن آپ یہ تاثر دیں کہ انہیں عملی تحفوں کے علاوہ دوسرے تحفوں سے بھی دلچسپی ہے وہ اس تاثر کو پسند کریں گے۔ یہ بات عجیب لگ سکتی ہے کہ جدی عورت اپنی ضرورت کے تحت کوئی بھی شے خریدنے میں ذرا نہیں ہچکچائے گی لیکن وہ کبھی بھی ترنگ میں آکر کوئی شے نہیں خریدے گی لہٰذا اس کی سہیلیوں اور چاہنے والوں کو چاہیے کہ اس بات کا خیال رکھیں۔

جدی افراد ایسا تحفہ پسند کرتے ہیں جسے بنانے میں کافی وقت لگا ہو۔ وہ نیلگوں، گہرا بھورا اور سیاہ رنگ پسند کرتے ہیں لیکن آپ جو کچھ بھی خریدیں، کوالٹی کو مدنظر رکھیں۔

جدی شخصیت و کردار

جدی افراد میں ضرورت سے زیادہ بلند حوصلگی، بے انتہا انتظامی صلاحیتیں اور بہت زیادہ ہمت اور کام کرنے کا جذبہ ہوتا ہے۔ برج جدی کا حاکم سیارہ زحل ان خصوصیات کا مظہر ہے لیکن ساتھ ہی یہ سیارہ بڑا آزمائش طلب بھی ہے، اس لیے عموماً معاملات دل میں جدی افراد کو نکما بنا دیتا ہے۔ یہ لوگ کافی حد تک خود شناسی یا خود پسندی اور اپنی ذات کی محویت کے جذبات میں گھرے رہتے ہیں اور یہی محویت ان کی زندگی کو کسی حد تک تکلیف دہ یا مشکل بنا دیتی ہے۔

سیارہ زحل بنیادی طور پر حدود و قیود اور پابندی کے اثرات کا حامل ہے۔ اس کے اثرات کے تحت برج جدی زندگی کے مختلف ادوار میں طرح طرح کی آزمائشوں سے گزرتے ہیں اور یوں وہ خود کو کسی حد تک محدود رکھتے ہیں لیکن ساتھ ہی ساتھ یہ اثرات جدی افراد میں اپنے معاصرین یا مخالفین کے مقابلے میں زیادہ کامیابیوں کا حوصلہ دیتے ہیں جو بالآخر منافع بخش ثابت ہوتا ہے۔ اب یہ اور بات ہے کہ یہ سارا عمل خاصا سست رفتار ہوتا ہے اور راہ میں آنے والی رکاوٹیں اور مزاحمتیں جدی افراد کو ایسی کیفیات کا عادی بنا دیتی ہیں جن کے نتیجے میں وہ بہت روایت پسند اور قدامت پرست بھی ہوسکتے ہیں۔ نتیجتاً ان میں کھل کر آزادی سے کوئی کام کرنے کی ہمت نہیں ہوتی بلکہ بعض اوقات تو یہ لوگ ضرورت سے زیادہ ہی محتاط ہوجاتے ہیں۔ ان سب باتوں کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اکثر جدی افراد زندگی کی بہت سی نعمتوں اور رنگینیوں سے محروم رہ جاتے ہیں۔

برج جدی چوں کہ دائرۂ بروج کا دسواں برج ہے اور زندگی میں تگ و دو، قوت، حاکمیت، جاہ پسندی، پیشہ ورانہ حیثیت اور سخت محنت اس سے منسوب ہے اور ان خصوصیات کی وجہ سے ان لوگوں کو دولت کے حصول میں مشکلات پیش نہیں آتیں۔ دولت کے حصول کے لیے انہیں کوئی بھی کام مشکل محسوس نہیں ہوتا مگر ساتھ ہی ساتھ بعض اوقات یہ لوگ قوت و اقتدار کے حصول کی خاطر بے اصولی اور ظلم کی حد تک جاسکتے ہیں۔ ان کے مزاج میں کسی حد تک بے یقینی پائی جاتی ہے اور یہ دوستوں کے ہجوم یا محفلوں سے کتراتے ہیں۔ دوسروں سے آسانی سے گھلتے ملتے بھی نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ ان کا رویہ بعض اوقات کام اور کھیل دونوں میں بڑا "غیر متعلق" سا ہوجاتا ہے، یعنی ابھی یہ جس معاملے میں نہایت سرگرمی سے شریک تھے اچانک اس سے اپنی واضح لاتعلقی کا اعلان کردیں گے۔

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النُّحُوْسَتُ الشَّمْسُ وَالْقَمَر وَالْمُشْتَرِی وَالزُّحَل وَالزُّھرَہ وَالعَطَارَد وَالمَرِیْخ وَالرَّاس وَالذَّنب بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ٥ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں- بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں- اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف 9 بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی- میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے- **دعا گو عامل شاہ زنجانی**

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں- ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے- پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے-

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے- ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک و بد حالات ملاحظہ فرمائیں- ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں-

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں- اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں- اگر باقی 1 بچے تو برج حمل ہے- اگر 2 باقی بچے تو ثور- 3 بچے تو جوزا- 4 بچے تو سرطان- 5 بچے اسد- 6 بچے تو سنبلہ- 7 بچے تو میزان- 8 بچے تو عقرب- 9 بچے تو قوس- 10 بچے تو جدی- 11 بچے تو دلو اور اگر 0 باقی بچے تو برج حوت ہوگا-

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظر انداز کر دیں-

حروف	ا	ب	ج	د	ه	و	ز	ح	ط	ی
	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ابجد	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
	20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
قمری	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
	300	400	500	600	700	800	900	1000		

آپکا ماہِ جنوری کیسا 2015 رہے گا

astrology january

فہرست

ARIES

حمل
21 Marc – 20 April

ستارہ:	مریخ ♂
حروف:	ال ع
دن:	منگل
عدد:	9
رنگ:	سرخ یا قرمزی
پتھر:	یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element: Fire
Ruling Planet: Mars
Symbol: The Ram
Your Stone: Ruby
Life Pursuit: The thrill of the moment.
Secret Desire: To lead the way for others.

آپکا حاکم ستارہ مریخ یکم تا 3 جنوری ساتویں رہتے ہوئے شراکتی وازدواجی امور میں خاص توجہ اور 4 تا 31 جنوری مریخ آٹھویں رہتے ہوئے وراثتی وقانونی امور میں مصروف رکھے۔ جبکہ ذہنی پریشانی کا اندیشہ محتاط رہیں۔ 8,7 جنوری عطارد مریخ تربیع کے باعث جذباتی کیفیت اور جلد بازی کے باعث مسائل و پریشانی کا اندیشہ، بحث وتکرار سے گریز اور لہجہ میں شائستگی برقرار رکھیں۔ 15,14 جنوری شمس عطارد قران سے بہن بھائی، رشتے دار اور اولاد خاص اہمیت کے حامل رہیں۔ نہ چاہتے ہوئے بھی وقت دینا پڑے۔ 19,18 جنوری مریخ نیپچون تثلیث کے باعث حقائق کی بنا پر اقدامات وفیصلے، مقاصد کے حصول کے لیے رسک اور جذبات کی بھرپور عکاسی فائدہ پہنچائے۔

پہلا ہفتہ : اس ہفتے سفر کے مواقع پیش آئیں گے جس کے باعث نصیب یاوری کر سکے گا اور درپیش شدہ مسائل حل ہوسکیں گے۔ غلط فہمیاں دور ہوسکیں گی۔ کاروبار وسعت اختیار کر سکے گا جس کے باعث مالی پوزیشن مزید مستحکم ہوسکے گی۔ جلد بازی سے گریز کریں۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ شریک کار کا تعاون رہے گا۔ شراکتی منافع بخش معاہدے کرسکیں گے۔

دوسرا ہفتہ : مصروفیات دو حصوں میں بٹی رہیں گی۔ ایک تو مالی اور دوسرے گھریلو مسائل۔ جذبات پر قابو پانے کی کوشش کریں اور جلد بازی سے گریز کریں۔ ورنہ بعد میں پچھتاوے کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔ یہ مسائل اگلے ہفتے تک حل ہوسکیں گے، لہٰذا جلد بازی سے گریز کرتے ہوئے تحمل مزاجی سے حالات کو سمجھیں۔

تیسرا ہفتہ : صحت بہتر رہے گی۔ مالی پوزیشن مستحکم رہے گی۔ بحث وتکرار سے گریز کریں ورنہ لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے۔ گھریلو ماحول بھی اثر انداز ہوسکتا ہے۔ لہٰذا محتاط رویہ اختیار کریں اور جذبات اور غصے پر قابو پائیں اور تحمل مزاجی سے کام لیں۔ اصولوں کی خلاف ورزی اور بیرونِ ملک سفر میں تاخیر ہوسکتی ہے۔ جلد بازی نقصان دہ ہوگی۔

چوتھا ہفتہ : نصیب یاوری کرنے سے بہت سے پیچیدہ مسائل کا خاتمہ ہوگا اور پریشانی میں کمی آئے گی۔ مالی مسائل کا بھی خاتمہ ہوگا اور شراکتی کاموں کو فروغ ملے گا۔ حاسدین کا خاتمہ ہوسکے گا۔ دوستوں کا تعاون حاصل رہے گا جس کے باعث طبیعت خوشگوار رہے گی۔ رومانس کے لیے حالات سازگار رہیں گے۔ مسائل کا خاتمہ اور خوشگوار تبدیلیاں ہوسکیں گی۔

TAURUS

ستارہ:	زہرہ ♀
حروف:	ب۔و
دن:	جمعہ
عدد:	6
رنگ:	ہلکا نیلا یا سبز
پتھر:	اوپل، سبز پکھراج

Element: Earth
Ruling Planet: Venus
Symbol: The Bull
Your Stone: Emerald
Life Pursuit: Emotional and financial security.
Secret Desire: To have a secure, happy and wealthy life/ marriage.

آپکا حاکم ستارہ زہرہ یکم تا 23 جنوری آٹھویں رہتے ہوئے ہمراہ زحل قانونی و وراثتی امور میں بزرگوں کی مشاورت سے مثبت مقاصد کا حصول اور قرض کی واپسی متوقع ہے۔ جبکہ 24 تا 31 جنوری زہرہ نویں رہتے ہوئے اعلیٰ تعلیمی میدان میں توجہ بڑھے اور بیرونِ ملک سفر کی خواہش کے لیے اقدامات متوقع جبکہ روحانی امور میں بھی توجہ رہے۔ 6,5 جنوری زہرہ نیپچون تربیع سے عشق ومحبت کے امور حساس اور ملازمتی ذمہ داریوں میں توجہ کی خاص ضرورت رہے۔ 10,9 جنوری زہرہ زحل قران سے فرض شناسی، ایمانداری، مثبت ومستحکم فیصلے اور ڈپلومیسی جیسی خصوصیت اُبھرے اور عزت وتوقیر بڑھے، اہم معاہدے متوقع۔ 14,13 جنوری زہرہ یورانس تثلیث سے منفرد صلاحیتوں کے اظہار کا موقع ملے اور تخلیقی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال مقاصد کا حصول دلائے۔ 19,18 جنوری زہرہ مشتری تربیع کے باعث حالات وواقعات کا غلط تعین محتاط رہیں اور الفاظ کی ادائیگی سوچ سمجھ کر کریں۔ 31,30 جنوری زہرہ نیپچون تسدیس سے خواہشات جنم لیں اور حالات کے پیش نظر مثبت فیصلے کرسکیں۔

پہلا ہفتہ : مالی معاملات پر توجہ مرکوز رہے گی۔ جذبات اور غصے پر قابو کی ضرورت ہے ورنہ خواہ مخواہ کی پریشانی اور مسائل درپیش رہیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ جس کے باعث گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔ شخصیت میں مزید نکھار آسکے گا۔ مزید کاروباری منافع بخش معاہدے کرسکیں گے۔ مالی مسائل کا خاتمہ ممکن ہوسکے گا۔

دوسرا ہفتہ : اس ہفتے خاص توجہ مالی اور محبت سے متعلقہ کاموں میں رہے گی۔ وراثت سے متعلقہ معاملات احسن طریقے سے حل ہوسکیں گے۔ ملازم پیشہ افراد کے لیے یہ ہفتہ خاص اہمیت کا حامل رہے گا۔ سواری لے سکیں گے۔ والدین کا تعاون حاصل رہے گا۔ بیرونِ ملک سفر میں تاخیر ہوسکتی ہے۔ تحمل مزاجی، خوش اخلاقی اور دوستی کو سراہا جائے گا۔ ادب سے لگاؤ میں اضافہ ہو۔

تیسرا ہفتہ : اس ہفتے زیادہ تر توجہ مالی اور شراکتی کاموں میں رہے گی جس کے باعث حالات پہلے کی نسبت سُدھر سکیں گے۔ وراثت اور جائیداد سے متعلقہ مسائل جلد حل ہوسکیں گے اور خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔ اولاد تابع فرمان رہے گی اور راحت کا باعث ہوگی۔ آرٹ کے شعبہ سے تعلق رکھنے والے افراد کی حوصلہ افزائی اور آمدن میں خاطر خواہ اضافہ کے ساتھ ساتھ انعام وغیرہ بھی نکل سکے گا۔

چوتھا ہفتہ : گھریلو معاملات خاص توجہ کے مستحق ہوں گے۔ شراکتی کام منافع بخش رہیں گے۔ لمبے عرصے کے لیے سرمایہ کاری کرتے وقت اچھی طرح سوچیں اور تسلی کریں تا کہ بعد میں پچھتاوا نہ ہو۔ دوست مددگار رہیں گے۔ ملازمت سے متعلقہ معاملات احسن طریقے سے نبھا سکیں گے۔ حسد اور رشتے داروں کے مسائل کا حل شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر ہوں گے۔ نصیب کشائی ہوسکے گی۔

GEMINI

آپکا حاکم ستارہ عطارد یکم، 2 اور 9 تا 31 جنوری آٹھویں رہتے ہوئے وراثتی وقانونی امور میں خاص توجہ جبکہ 9 تا 25 جنوری آٹھویں رجعت ہونے سے بزرگوں کی مشاورت اور مخلص احباب کے تعاون کی ضرورت رہے۔ 3 تا 8 جنوری عطارد نویں رہتے ہوئے 6 تا 8 جنوری نویں میں ہی راجع رہے، جس سے ملے جلے اثرات بالخصوص بیرون ملک سفر اور اعلیٰ تعلیمی امور میں غیر یقینی کیفیت سے دوچار۔ 8,7 جنوری عطارد مریخ تربیع کے باعث ذہنی تناؤ کھچاؤ اور بحث وتکرار سے گریز کی ضرورت ہے۔ 15,14 جنوری شمس عطارد کے باعث حالات کا سامنا کرنے کی ہمت اور سفر وسیلۂ ظفر رہے۔ 16,15 جنوری عطارد مشتری تثلیث سے حالات کے مطابق مثبت و مستحکم فیصلے کرنے کی قابلیت وحوصلہ، شعبہ تعلیم میں دلچسپی رہے۔ 21,20 جنوری عطارد یورانس تربیع کے باعث دوسروں سے خوامخواہ کے مسائل اور کام التواء کا شکار ہوسکیں محتاط رہیں۔ 31,30 جنوری عطارد پلوٹو قران کے باعث نفسیاتی مسائل کا سامنا اور گفتگو میں اثر جس سے حلقۂ احباب میں عزت بڑھے۔

پہلا ہفتہ : گھریلو معاملات مسائل کا شکار رہیں گے لیکن غصے اور جذبات سے یہ مسائل حل نہ ہوں گے بلکہ مزید بگڑیں گے۔ لہٰذا تحمل مزاجی سے کام لیں ورنہ لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے۔ صحت متاثر ہوسکتی ہے۔ لہٰذا خوراک کا خاص خیال رکھیں۔ معاہدے، دوستی، تقریبات میں شرکت اور بہتر فیصلے کرسکیں گے۔ دوسروں کے مسائل کا حل اور بھروسے میں اضافہ اور اپنی باتیں دوسروں کے ساتھ شیئر کرسکیں گے۔

دوسرا ہفتہ : ملازم پیشہ افراد کے لیے یہ ہفتہ کافی اہمیت کا حامل رہے گا۔ نئے افراد سے مل کر کاروبار کو بہتری کی طرف بڑھا سکیں گے۔ تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ فائدہ مند رہے گا۔ روحانیت کے شوق میں اضافہ اور بیرون ملک جانے کا پروگرام بن سکتا ہے۔ سفر وسیلۂ ظفر ثابت ہوگا۔ منافع بخش معاہدے کرسکیں گے۔ دوستوں کا تعاون شامل حال رہے گا۔

تیسرا ہفتہ : اس ہفتے گھریلو اور مالی معاملات پر توجہ مرکوز رہے گی۔ غصے پر قابو رکھیں اور بحث وتکرار سے گریز کریں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ نئی سواری لے سکیں گے۔ بہن بھائیوں اور دوستوں کا تعاون حاصل رہے گا۔ خوش اخلاقی، اچھا کام اور نئے دوست بن سکیں گے۔ ثقافتی ومعاشرتی تقریبات میں شرکت کے مواقع ملیں گے۔ عزت وشہرت میں اضافہ ہوگا۔

چوتھا ہفتہ : اس ہفتے ان کاموں کو فروغ ملے گا جس کے باعث آمدن میں اضافہ سے مالی مسائل اور پریشانیوں کا خاتمہ ہوگا۔ بہن بھائیوں کا تعاون حاصل رہے گا۔ جس سے گھریلو ماحول مزید خوشگوار ہوجائے گا۔ والدین کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔ بیرون ملک سفر میں ابھی کچھ تاخیر ہے۔ اخراجات میں کمی ہوسکے گی۔ ملازمت سے متعلقہ معاملات بہتر رہیں گے۔ مثبت بات چیت سے معاہدے طے ہوسکیں گے۔

جوزا
22 May
21 June

ستارہ: عطارد ☿
حروف: ق ک
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملے جلے
پتھر: عقیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: Air
Ruling Planet: Mercury
Symbol: The Twins
Your Stone: Aquamarine
Life Pursuit: To Explore a little bit of everything.
Secret Desire: To be ahead of the crowd.

CANCER

آپکا حاکم قمر بارہ منطقۃ البروج میں تمام ماہ سیر کناں رہتے ہوئے والدہ کی سی شفقت سے سب کو نوازتا ہوا 19,18 جنوری حالت شرف اور 23,22 جنوری عروج یافتہ ہونے سے حالات زندگی میں اپنا اہم کردار ادا کرے اور آپ کے کئی معاملات میں نہ صرف سدھار بلکہ پریشانیوں کا مثبت حل دلا سکے۔ 10,9 جنوری زہرہ زحل قران سے شریک حیات اور شریک کار سے وابستہ خواہشات اور امیدیں ذہنی راحت دلائیں۔ 15,14 جنوری شمس مشتری تثلیث کے باعث ملازمت وکیریئر سے آمدن کے وسائل بڑھنے کے مثبت اثرات ملیں اور ہمت وحوصلہ اور نیا ولولہ پیدا ہوسکے جس سے درپیش مشکلات کا احسن طریقے سے سامنا کرسکیں۔

پہلا ہفتہ : بحث وتکرار سے گریز کریں ورنہ لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے۔ جس سے مسائل اور پریشانی میں اضافے کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔ ازدواجی زندگی مسائل کا شکار ہوسکتی ہے۔ محبت سے متعلقہ معاملات بہتر رہیں گے اور سفر کا پروگرام بن سکتا ہے۔ بچوں کے امور زیر توجہ رہیں گے۔ گھر کی تزئین وآرائش کرسکیں۔ شریک حیات کے ساتھ شاپنگ وغیرہ کا پروگرام بن سکے گا۔

دوسرا ہفتہ : نامکمل کام بخوبی انجام کو پہنچیں۔ جس سے ڈپریشن میں کمی آئے گی۔ خواہشات کی تکمیل اور محبت سے متعلقہ معاملات میں خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔ آپ کی سحر انگیز گفتگو دوسروں پر اثر انداز ہو۔ جس سے آپ کی اہمیت میں اضافہ ہوسکے گا۔ دوستوں کا تعاون حاصل رہے۔ شریک کار سے کاروباری معاملات میں اختلاف پیدا ہوسکتا ہے مگر جلد ہی مشاورت سے مسئلہ حل کرلیا جائے گا۔

تیسرا ہفتہ : بہت سے کام خود بخود سدھر جائیں گے۔ قسمت ساتھ دے گی۔ جس کے باعث دوستوں کا بھی تعاون حاصل ہوگا۔ ملازم پیشہ افراد سیر وسیاحت کا پروگرام بنا سکیں گے۔ شخصیت میں نکھار کے ساتھ سوچ میں بھی پختگی آئے گی جو فائدہ مند ہوگی۔ مسائل کا خاتمہ اور خوشگوار تبدیلیاں ہوسکیں گی۔ خود اعتمادی میں اور قائدانہ صلاحیتوں میں اضافہ ہو۔

چوتھا ہفتہ : صحت بہتر رہے گی مگر جذبات اور غصے پر قابو کی ضرورت ہے۔ بحث وتکرار سے گریز کریں ورنہ لڑائی کی صورت پیش آسکتی ہے۔ جس کے باعث مسائل اور پریشانی میں اضافے کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔ قانونی معاملات طے کرتے وقت اچھی طرح سے کاغذات کی جانچ پڑتال کرلیں تاکہ بعد میں پریشانی سے بچا جاسکے۔ دوسروں کے ساتھ تعلقات بہتر ہوسکیں گے۔ فضول خرچی سے اجتناب کریں۔

ستارہ: قمر ☽
حروف: ح ہ
دن: پیر
عدد: 2
رنگ: دودھیا
پتھر: درِ نجف، سفید مرجان

Element: Water
Ruling Planet: The Moon
Symbol: The Crab
Your Stone: Moonstone
Life Pursuit: Constant reassurance and intimacy.
Secret Desire: To feel safe (emotionally, spiritually, romantically and financially).

LEO

ستارہ: شمس
حروف: م
دن: اتوار
عدد: 1
رنگ: سنہرا، گولڈن
پتھر: یاقوت، ہیرا

Element: Fire
Ruling Planet: The Sun
Symbol: The Lion
Your Stone: Peridot
Life Pursuit: To lead the way.
Secret Desire: To be a star.

آپکا حاکم ستارہ شمس یکم تا 20 جنوری چھٹے رہتے ہوئے ملازمتی امور میں ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی اور خواہش مند حضرات کو حسب منشاء ملازمت کا حصول ممکن ہو سکے۔ 21 تا 31 جنوری شمس ساتویں رہتے ہوئے شراکتی امور و ازدواجی زندگی خوشگوارانہ انداز میں گزار سکیں۔ مشتری کے خانہ مال میں نشست مالی وسائل میں اضافہ کے لیے کوششیں کامیاب ہو سکیں۔ 7,6 جنوری شمس پلوٹو قران سے دوسروں سے معاملات شیئر کریں اور جنس مخالف سے روابط بڑھیں۔ 8,7 جنوری شمس یورانس تربیع سے محنت کا صلہ وقت پر نہ ملے، منفرد آئیڈیاز پر کام کر سکیں۔ 15,14 جنوری شمس مشتری تثلیث کے باعث نت نئے آئیڈیاز سے کامیابی کے زینے طے کر سکیں اور سیر و تفریح کا شوق بڑھے۔ 15,14 جنوری ہی شمس عطارد قران سے حالات کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کی ہمت اور تحریر و تقریر میں اثر سے عزت بڑھے۔

پہلا ہفتہ : صحت سے متعلقہ معاملات پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ محبت سے متعلقہ معاملات احسن طریقے سے چل سکیں گے۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔ جس سے کافی مسائل خود بخود حل ہو سکیں گے۔ قانونی معاملات سے گریز کرنا بہتر رہے گا۔ بہت سے پیچیدہ مسائل حل ہوں گے اور مالی پوزیشن مستحکم رہے گی۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔

دوسرا ہفتہ : قسمت کا ساتھ رہے گا۔ جس سے شریک حیات اور شریک کار کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں اور غلط فہمیوں کے بادل چھٹ سکیں گے اور گھریلو ماحول بھی قدرے خوشگوار رہے گا۔ معاملات محبت مزید بہتر ہونے سے آپ خود کو فریش محسوس کریں گے۔ محبت کے معاملات میں مصروفیت رہ سکے اور قسمت کا ساتھ بھی رہے گا۔ کاروباری معاملات میں بھی فائدہ ہوگا اور نامکمل کام کر سکیں گے۔

تیسرا ہفتہ : اس ہفتے خاص احتیاط کی ضرورت ہے۔ غصے اور جذبات پر قابو رکھیں اور صبر و تحمل سے کام لیں ورنہ لڑائی جھگڑے اور نقصان کا اندیشہ ہے۔ جلد بازی سے گریز کریں شراکتی کام مسائل کا شکار ہو سکتے ہیں۔ الفاظ کی ادائیگی سے پہلے اچھی طرح سوچ لیں تاکہ بعد میں پچھتاوا نہ ہو۔ بحث و تکرار سے گریز کریں ورنہ لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے۔ رشتے داروں کے تعاون سے گھریلو مسائل کا خاتمہ ممکن ہو سکے گا۔

چوتھا ہفتہ: اس ہفتے صحت بہتر رہے گی۔ دوستوں اور عزیزوں کے ساتھ تعلقات بحال رہیں گے۔ سفر کا پروگرام بن سکتا ہے۔ محنت کامیابی لائے گی اور اہم کام مکمل ہونے سے فائدہ ہو سکے گا۔ رشتے داروں کا تعاون رہے گا جس سے مسائل میں کمی ہوگی۔ ڈپریشن کا شکار ہو سکتے ہیں۔ خوش اخلاقی اچھا کام اور نئے دوست بن سکیں گے۔ اخراجات میں کمی ہو سکے گی۔ مثبت بات چیت سے معاہدے طے ہو سکیں گے۔

VIRGO

ستارہ: عطارد
حروف: پ ع
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا
پتھر: زمرد، فیروزہ

Element: Earth
Ruling Planet: Mercury
Symbol: The Virgin
Your Stone: Sapphire
Life Pursuit: To do the right thing.
Secret Desire: To love and be loved in return.

